Scanned with CamScanner

فہرست

تشریح اصطلاحات

روزمرہ استعمال ہونے والے مرکبات کے اسماءِ مجوزہ کے مفہوم کو صحیح طور پر سمجھنے کے لئے اصطلاحات ادویہ کی تشریح ذیل میں لکھی جارہی ہے اسے ضرور پڑھ لیں تاکہ کسی دواء کے استعمال میں غلطی کا امکان نہ رہے؛

1. **دواءِ محرک** STIMULANT: ایسی غذء، دواء یا شے جس کے استعمال سے جسم کے کسی خاص مفرد عضو میں حرکت اور تیزی پیدا ہو جائے، اس عضو کی محرک کہلاتی ہے۔ ہر عضو کی محرک غذاء، دواء یا شے الگ ہوتی ہے۔ مثلاً؛

ا) قلب وعضلات میں خشک سرد و خشک گرم ادویہ، اغذیہ واشیاء سے،

ب) جگر وغدد ناقلہ میں گرم خشک وگرم تر ادویہ، اغذیہ واشیاء سے،

ج) دماغ واعصاب میں تر گرم وتر سرد ادویہ، اغذیہ واشیاء سے...اور

د) طحال وغدد جاذبہ میں سرد تر وسرد خشک ادویہ، اغذیہ واشیاء سے حرکت و تیزی پیدا ہوتی ہے۔

2. **محرک شدید** SEVERE STIMULANT: ایسی غذاء، دواء یا شے جو محرک سے تیز اثرات کی حامل ہوتی ہے محرک شدید کہلاتی ہے۔ ہر مفرد عضو کی محرک شدید غذاء، دواء یا شے الگ ہوتی ہے۔

3. **ملین** LEXATIVE: ایسی غذاء، دواء یا شے جو کسی مفرد عضو کو تحریک دینے کے ساتھ ساتھ اس کے فضلات کو بدن سے خارج کرنے کی صلاحیت بھی رکھتی ہو ملین کہلاتی ہے۔ اس کی قوت تاثیر معدہ وامعاء تک محدود ہوتی ہے۔ ہر

ہر مفرد عضو کی محرک شدید غذاء، دواء یا شے الگ ہوتی ہے۔

3. **ملین** LEXATIVE: ایسی غذاء، دواء یا شے جو کسی مفرد عضو کو تحریک دینے کے ساتھ ساتھ اس کے فضلات کو بدن سے خارج کرنے کی صلاحیت بھی رکھتی ہو ملین کہلاتی ہے۔ اس کی قوت تاثیر معدہ وامعاء تک محدود ہوتی ہے۔ ہر مفرد عضو کی ملین دواء الگ ہوتی ہے

4. **مسہل** PURGATIVE: ایسی غذاء، دواء یا شے جو کسی مفرد عضو کو تحریک دینے کے ساتھ ساتھ اس کے فضلات کے اخراج کی شدید طاقت رکھتی ہے مسہل کہلاتی ہے۔ اس کی قوتِ تاثیر دور دراز کے اعضاء تک ہوتی ہے۔ ہر مفرد عضو کی مسہل دواء الگ ہوتی ہے۔

5. **اکسیر** ELIXIR: آیورویدک میں اسے رسائن کہتے ہیں، اسے کیمیائے حیات کہنا زیادہ بہتر ہے۔ ایسی دواء جو خون میں جذب ہو کر اپنے اثرات جسم پر فوراً اور تیز رفتاری سے شروع کر دے اکسیر کہلاتی ہے۔ ایسی ادویہ مزمن و پیچیدہ امراض اور متحجّر و مسترخی اعضاء کے درست کرنے میں استعمال ہوتی ہیں۔ اس میں تین صفات پائی جاتی ہیں؛

1. سریع التاثیر 2. قوت جاذبیت 3. دائمی تاثیر

6. **تریاق** ANTI-DOTE: ایسی غذاء، دواء یا شے جس کے استعمال سے اس کے مخالف ومقابل زہر کے بدن میں وارد شدہ مخصوص مضر اثرات باطل اور ختم ہو جائیں اور اصل مزاج بحال ہو جائے، تریاق کہلاتی ہے۔ جیسے ترشی کے اثرات کھار سے یا افیون کے اثرات کچلہ سے۔

☆☆☆ تریاق کا استعمال ہمیشہ احتیاط سے کرنا چاہئے اور ہر خوراک کے
جسم کا اچھی طرح معائنہ کر لینا چاہئے کیونکہ یک لخت ایک مزاج ختم ہو جانے سے
ف واقع ہو جاتا ہے اور کبھی ایک زہر ختم ہو کر دوسرا زہر پیدا ہو جاتا ہے۔

7. **مقوی** INSIGORATING: ایسی غذاء، دواء یا شے جو کسی
رعضو کی جانب خون کو آہستہ آہستہ جذب کرائے چنانچہ کسی بھی عضو کی انتہائی
ف محرک دواء اس کی مقوی کہلاتی ہے۔

8. **لبوب**: لُبّ (مغز رگری) کی جمع لبوب ہے۔ لبوب ایسا معجون نما
کب ہوتا ہے جس میں مغزیات استعمال کئے جائیں۔ اسکا مزاج عموماً قشری
صابی (گرم تر) ہوتا ہے۔

9. **حلوہ**: حلوہ کا لغوی معنیٰ ہے شیرینی۔ علم صیدلہ میں حلوہ ایسی دواءِ
رائی کو کہتے ہیں جس کا جزو اعظم میدہ، گھی اور شکر ہو، اس میں مغزیات بھی شامل
ئے جاتے ہیں۔ اس کا مزاج عموماً اعصابی قشری (تر گرم) ہوتا ہے۔

10. **خمیرہ**: ایسا نیم جامد مرکب جس میں گھوٹنے سے بتدریج خمیری
ورت پیدا ہوتی ہے۔ یہ مرکب عموماً اعصابی مخاطی (تر سرد) افعال و اثرات کا حامل
وتا ہے اور اسے بطور مقوی دماغ استعمال کرایا جاتا ہے۔

11. **معجون**: ایسا نیم جامد مرکب جو پسی ہوئی ادویہ کو شہد یا چینی کے قوام
ں ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔ اس کا مزاج اس میں شامل ادویہ کے مجموعی مزاج (عموماً
شری عضلاتی رقشری اعصابی = گرم خشک رگرم تر) پر قائم ہوتا ہے۔

12. **جوارش** ALTERATIVE: ایسا نیم جامد مرکب جو بطور خاص

ہاضمہ کی اصلاح کے لئے ادویہ کو شہد یا چینی کے قوام میں ملا کر تیار کر کیا جاتا ہے۔ اس کا
مزاج اس میں شامل ادویہ کے مجموعی مزاج (عموماً قشری عضلاتی رقشری اعصابی = گرم
خشک رگرم تر) پر قائم ہوتا ہے۔

13. **اطریفل**: ایسا معجون نما مرکب جس میں ترپھلہ (ہرڑ، بہیڑہ، آملہ)
بطور جزو خاص ڈالے جاتے ہیں۔ اطریفل ترپھلہ سے معرب ہے اور ترپھلہ تری
پھلہ یعنی تین پھل سے لیا گیا ہے۔ اس کا مزاج عموماً عضلاتی مخاطی رعضلاتی قشری
(خشک سرد رخشک گرم) ہوتا ہے

14. **جوارش**: ایسا نیم جامد مرکب جو خصوصاً نظام انہضام کی اصلاح کے
لئے بنایا جاتا ہے۔ جوارش دراصل فارسی لفظ گوارش (گواریدن) کا معرب ہے جس
کا معنیٰ ہے دواءِ ہضم۔ اس کا مزاج عموماً قشری عضلاتی رقشری اعصابی (گرم خشک ر
گرم تر) ہوتا ہے۔

15. **ہاضم** DIGESTIVE: ایسا سفوف جسے خصوصاً نظام ہضم کی
اصلاح کے لئے بنایا جاتا ہے۔ اس کا جزو اعظم اکثر ترکٹا ہوتا ہے۔ ترکٹا کا معنیٰ ہے
تین چرپری اشیاء یعنی فلفل گرد، فلفل دراز اور زنجبیل۔ لیکن مختلف امزجہ کے
ہاضم مختلف ہوتے ہیں۔

16. **مشروب** SYRUP: ایسا مرکب سیال جو ادویہ کے لطیف اجزاء
سے تیار کیا جاتا ہے۔ اسے خصوصی طور پر بچوں یا ایسے مریضوں کے لئے بنایا جاتا ہے
جو دوائی سفوف استعمال کرنے سے قاصر ہوتے ہیں۔

17. **جوشاندہ**: مغلّی۔ مطبوخ۔ کواتھ۔ شرتی۔ کشائے۔ نریواجیے

ناموں سے بھی پکارا جاتا ہے۔ ادویہ کو شب بھر پانی میں بھگو کر صبح جوش دیتے ہیں جس سے ادویہ کا جوہر پانی میں آ جاتا ہے پھر اسے پن کر پھوگ پھینک دیا جاتا ہے اور پانی کو نیم گرم حالت میں استعمال کرتے ہیں۔ اس جوہر میں بالفعل حرارت موجود ہونے کے سبب بدن پر اثرات جلدی مرتب ہوتے ہیں۔

18. **خیساندہ**: اسے آب زلال، نقوع، ہم یا شیت بھی کہتے ہیں مطلوبہ ادویہ کو سادہ پانی میں چند گھنٹے بھگو کر بغیر ابالے اوپر سے صاف پانی نتھار لیتے ہیں۔ چونکہ اس پانی میں ادویہ کے نہایت لطیف اجزاء ہوتے ہیں اس لئے یہ جوشاندہ کی نسبت روح مدبرہ بدن (روح طبی) کی زیادہ معاونت کرتا ہے۔

19. **قطور** DROPS: ایسی سیال دواء جو بطور خاص ناک یا کان وغیرہ میں ڈالی جاتی ہے۔

20. **سرمہ** COLLYRUM: اسے کحل یا انجن بھی کہتے ہیں۔ غبار کی مانند باریک دواء جو آنکھوں میں ڈالی جاتی ہے، اس کا جزو اعظم سرمہ سفید یا سرمہ سیاہ ہوتا ہے۔

21. **سنون** TOOTH POWDER: ادویاتی سفوف جو امراض دندان کے لئے بطور خاص تیار کیا جاتا ہے۔

22. **مرہم** PASTE: ایسا نیم جامد مرکب جو زخموں پر بطور علاج لگایا جاتا ہے

23. **روغن** OIL: ادویہ کو (عموماً) روغن کنجد میں جلا کر حاصل کیا گیا ادویاتی اثرات کا حامل تیل،

24. **ادویہ مخصوصہ اطفال**: ایسی دواء جو خصوصی طور پر بچوں کو استعمال کرانے کے لئے بنائی جاتی ہے، اس میں پہلے یا دوسرے درجہ تاثیر والے دوائی اجزاء شامل کئے جاتے ہیں۔

25. **ادویہ مخصوصہ نسواں**: ایسی ادویہ جو خصوصی طور پر امراض النساء کے لئے تیار کی جاتی ہیں مثلاً سفوف منقی رحم، سفوف عقر، سفوف معین حمل، سفوف اولادِ نرینہ یا سفوف مزید شیر وغیرہ۔

26. **مدرطمث** EMMAENAGOGUE: ایسی دواء جو عورتوں میں رکے ہوئے حیض کو جاری کر دے۔

27. **فرزجہ** TAMPON: ایسا شیاف یا بتی جو مختلف ادویہ سے تیار کر کے خصوصاً عورت کی اندام نہانی میں رکھنے کے لئے بنایا جاتا ہے۔

28. **ادویہ مخصوصہ مردانہ**: ایسی ادویہ جو خصوصی طور پر مردانہ امراض کے لئے تیار کی جاتی ہیں مثلاً معجون مقوی باہ، طلاء معظم قضیب یا سفوف مؤلد جراثیم منویہ وغیرہ۔

29. **طلاء**: ایسی رقیق القوام روغنی دواء جو خصوصاً عضو تناسل پر بطور مالش استعمال کی جاتی ہے۔

اصول علاج

مرض کی مکمل تشخیص کے بعد نسخہ تجویز کرنے میں نہایت احتیاط سے کام لیں۔

مفردات کے صرف وہ اجزاء شامل کریں جن کی ضرورت ہو۔ بلاوجہ نسخہ کے اجزاء نہ بڑھائیں بلکہ علاج کی چاروں صورتوں (بالمثل۔ بالامالہ۔ بالضد۔ بالجذب) میں سے جس تحریک کی ضرورت ہو حتی الوسع صرف اسی کی محرک دواء دیں۔

☆ درجہ 4 کی ادویہ یا زہروں کو صرف تجربہ کار اور کہنہ مشق اطباء کرام استعمال کریں۔ نووارد اطباء کے لئے بہتر ہے کہ درجہ 1 سے درجہ 3 تک کی ادویہ کو زیر استعمال رکھیں۔ پھر جیسے جیسے تجربہ حاصل ہو اساتذہ کے مشورہ سے تیز ادویہ کا استعمال بصد احتیاط شروع کریں۔

☆ جس دواء کا مزاج معلوم نہ ہو اسے حتی الوسع استعمال نہ کریں۔ کہنہ مشق اور تجربہ کار اطباء نامعلوم ادویہ کی PH معلوم کر کے فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔ مثلاً؛

ترش یا تلخ ذائقہ، سرخ یا زردی مائل رنگ والی ادویہ/اشیاء جن کی PH 1 اور 6 کے درمیان ہو انہیں بلغمی وسوداوی امراض کے لئے کم مقدار میں استعمال کر کے نتائج حاصل کریں،

نمکین یا چرپرے ذائقہ، زرد یا زرد سرخی مائل رنگ والی ادویہ/اشیاء جن کی

PH 5 اور 7 کے درمیان ہوتی ہے انہیں سوداوی امراض کے لئے بالضد اصول پر استعمال کر سکتے ہیں،

کھاری یا پھیکے ذائقہ، سفید یا نیلے رنگ والی ادویہ/اشیاء جن کی PH 9 اور 14 کے درمیان ہو انہیں تیزابی امراض اور السر وغیرہ کے لئے استعمال کر کے نتائج حاصل کریں،

کی یا ترشی مائل ذائقہ، سیاہ یا سبز رنگ کی ادویہ/اشیاء جن کی PH 6 اور 8 کے درمیان ہو انہیں تیزابی امراض اور السر وغیرہ میں بالجذب علاج کے لئے اور صفراوی امراض کے لئے بالضد علاج کے لئے استعمال کر کے نتائج حاصل کریں۔

☆ کسی مادہ کی شدید کمی پوری کرنے کیلئے اس کی مشینی تحریک جاری کریں۔ دیگر صورتوں میں مشینی یا کیمیاوی تحریک حسب ضرورت منتخب کر سکتے ہیں۔ مثلاً عضلاتی مخاطی (خشک سرد) تحریک کے امراض کی صورت میں؛

طحال و غدد جاذبہ	دل و عضلات	جگر و غدد ناقلہ	دماغ و اعصاب
7 تحلیل 8	1 تحریک 2	3 تخدیر 4	5 تسکین 6
علاج بالجذب	مقام مرض	علاج بالامالہ	علاج بالضد

علاج کے چار طریقے

1. **علاج بالامالہ**: اگر مرض مزمن نہیں تو علاج کے لئے تخدیر کے مقام (جگر و غدد ناقلہ) کو تحریک دیں۔ اس کیلئے آپ قشری عضلاتی (گرم خشک) سے لے کر قشری اعصابی (گرم تر) ادویہ تک دے سکتے ہیں۔

2. **علاج بالضد**: مزمن مرض کی صورت میں مقام تحریک (دل و عضلات)

سے خارج ہونے والے غیر طبعی ریاحی (تیزابی) مادوں سے قشری خلیات نے اپنے کیمیاوی عمل سے جو اجزاء غذائیہ تیار کئے ہیں یقیناً وہ بھی غیر طبعی اور زہریلے ہیں جنہوں نے قشری خلیات کی جھلیوں میں سوزش پیدا کر دی ہے۔ اس لئے یہاں پر اگر علاج بالامالہ کے لئے تخدیر کے مقام (جگر) کو تحریک دی گئی تو ان زخمی قشری خلیات میں تحریک آتے ہی ان میں توڑ پھوڑ شروع ہو جائے گی اور غدد ناقلہ کے قشری خلیات Epithelial Cells پیشاب میں خارج ہونا شروع ہو جائیں گے۔ اس لئے یہاں پر علاج بالضد کیلئے تسکین والے عضو (اعصاب) کو تحریک دیں تا کہ ایک طرف عضلات میں سکون پیدا ہو اور وہ مزید ریاحی (تیزابی) مادہ پیدا نہ کریں تو دوسری طرف قشری خلیات میں موجود زہریلے مادے تحلیل ہو کر خارج ہوں اور انکی سوزش رفع ہو۔ اس کیلئے آپ اعصابی قشری (تر گرم) سے لے کر اعصابی مخاطی (تر سرد) ادویہ تک دے سکتے ہیں لیکن اعصابی قشری زیادہ موزوں ہوتی ہے، ان سے حرارت بدنی بحال رہتی ہے۔

3. **علاج بالجذب**: حاد صورتوں میں علاج کے لئے مقام تحلیل (طحال وغدد جاذبہ) کو تحریک دیں جس کے لئے آپ مخاطی اعصابی (سرد تر) سے لے کر مخاطی عضلاتی (سرد خشک) ادویہ تک دے سکتے ہیں۔ اس سے دوران خون مخاطی خلیات میں رک جانے سے عضلات میں مکمل سکون (تخدیر) کی صورت پیدا ہو جائے گی اور مرض کی شدت فوری طور پر قابو میں آ جائے گی۔ لیکن یاد رہے کہ ایسے علاج کے بعد اصولی علاج کرنا ضروری ہے تا کہ رکنے والے مادوں کا اخراج ہو۔

4. **علاج بالمثل**: وقتی امراض مثلاً زیادہ کھانا یا خراب غذاء کا کھانا جس سے

زہریلے اثرات Food Poisoning بدن میں شدید مخالف کیفیت پیدا کر دیتے ہیں، کیلئے علاج بالمثل کے طور پر عضلاتی مخاطی کی جگہ عضلاتی قشری (مشینی تحریک) جاری کر دیں، تمام علامات فوری طور پر رفع ہو جائیں گی۔

☆☆☆ چونکہ ادویہ واغذیہ کے لطیف حصے کا اثر ارواح پر ہوتا ہے اس لئے علاج بالمثل میں بہتر ہے کہ عرقیات یا عصارہ جات دئے جائیں تا کہ روح کو تحریک حاصل ہو اور اخلاط وخلیات میں بلاواسطہ تحریک پیدا ہونے سے سوزش میں اضافہ نہ ہونے پائے۔

دو تحریکوں کی ادویہ ملاکر دینا

پیچیدہ امراض کی صورت میں بعض اوقات دو تحریکوں کو ملا کر نسخہ ترتیب دیا جاتا ہے مثلاً؛

مزمن مخاطی (سوداوی) امراض کے لئے عضلاتی قشری (خشک گرم) قلیل مقدار میں اور قشری عضلاتی یا قشری اعصابی (گرم خشک رگرم تر) زیادہ مقدار میں ملا کر نسخہ تجویز کرتے ہیں۔

دماغ واعصاب	طحال وغدد جاذبہ	دل وعضلات	جگر وغدد ناقلہ
5 6	7 8	1 2	3 4
علاج بالجذب	مقام مرض	ہلکی مقدار	علاج بالضد

اس سے دو فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ پہلا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ عضلاتی قشری اجزاء غدد جاذبہ میں مسلسل تحلیل پیدا کرتے رہتے ہیں لیکن یہ تحلیل شدید نہیں ہوتی اس لئے کسی کمزوری یا نقصان کا باعث نہیں بنتی۔ اس کے ساتھ ساتھ قشری عضلاتی رقشری

اعصابی اجزاء مادۂ مرض (سوداء غیر طبعی) کا توڑ پیدا کرتے رہتے ہیں جس سے مرض بسرعت درست ہوتا ہے۔

دو تحریکوں کی ادویہ کا متبادل استعمال

حادۃ المزمنات امراض میں اکثر ایسی صورت پیش آتی ہے جب ایک ہی تحریک کی دواء کا مسلسل استعمال تکلیف دہ ثابت ہوتا ہے۔ مثلاً اگر مخاطی تحریک سے پیدا ہونے والے خنازیری

دماغ واعصاب	طحال وغدد جاذبہ	دل وعضلات	جگر وغدد ناقلہ
5 6	7 8	1 2	3 4
علاج بالجذب	مقام مرض	علاج بالاماله	علاج بالضد

زہر (سیکروفولوسس) سے عضلات اپنے تغذیہ کیلئے اجزاء ہوائیہ تیار کرتے ہیں تو اس غیر طبعی زہریلے مادہ پر عضلات کے کیمیاوی عمل سے تیار ہونے والا مادہ (بواسیری زہر سائیکوسس) بھی غیر طبعی ہی پیدا ہوگا جو عضلاتی خلیات کی جھلیوں پر خراشیں پیدا کرتا ہے۔ نتیجتاً دل اور عضلاتی انسجہ سے ترکیب یافتہ دیگر اعضاء مثلاً پھیپھڑے اور معدہ وغیرہ اس مادہ سے تکلیف پاتے ہیں۔ خلیاتی سوزش کے باعث سانس پھولنے کا مسئلہ، کبھی تنگی تنفس کی شکایت اور کبھی وجع القلب جیسے عوارضات لاحق ہوتے ہیں۔ نیز معدہ میں ہضم کے لئے آنے والی رطوبات معدی کا افراز متاثر ہوتا ہے جس سے نظام انہضام بگڑ جاتا ہے۔

ایسی صورت میں اگر عضلاتی خلیات کی سوزش ختم کرنے کے لئے مادہ کا اخراج بالاماله کیا جائے تو ان خلیات میں مسلسل تحلیل پیدا ہونے سے مذکورہ علامات شدید ہو

جاتی ہیں اور اگر عضلات کو تسکین دینے کے لئے بالضد اصول پر اعصابی تحریک پیدا کی جائے تو بطوع القلب، ورم بدن، عسر تنفس، متلی، ضعف اشتہاء سے لے کر عدم اشتہاء تک کے عوارضات پیدا ہو جاتے ہیں۔

ایسی صورت میں بہتر یہ رہتا ہے کہ ایک دن جگر کو تحریک دے کر مادہ کا عضلات سے اماله کیا جائے اور دوسرے دن اعصاب کو تحریک دے کر عضلات کی بے چینی رفع کر دی جائے۔ اس طرح کوئی علامت بھی شدت اختیار نہیں کرے گی۔

مسہل کا استعمال

طب قدیم میں اخلاط اربعہ میں سے تین کے منضج اور مسہل دینے کا طریقہ اور وقت الگ الگ درج ہے جبکہ بیان کی جانے والی چوتھی خلط (خون) کا نہ کوئی منضج ہے نہ مسہل۔ مثلاً؛

1. صفراء کا نضج 3 دن میں ہوتا ہے اس کے بعد چوتھے دن مسہل دیتے ہیں،
2. بلغم کا نضج 9 دن میں ہوتا ہے اسکے بعد آٹھویں دن مسہل یا مدر دیتے ہیں،
3. سوداء کا نضج 15 دن میں ہوتا ہے اس کے بعد سولھویں دن مسہل یا مدر دیتے ہیں۔
4. چوتھی خلط خون بیان کی جاتی ہے جس کا نہ کوئی منضج ہے اور نہ ہی مسہل کیونکہ درحقیقت یہ خلط نہیں بلکہ اخلاط کا مرکب Compound of Humours ہے۔

جہاں تک طب جدید کا تعلق ہے اس میں دن کے وقت روزانہ نضج دیا جاتا ہے اور رات کو مسہل تاکہ جو مادے نضج پائیں وہ ساتھ ساتھ خارج ہو جائیں اور کسی دوسری

جگہ ا ہو کر ثانوی مرض پیدا نہ کریں۔ اس کیلئے مادہ مرض کو مدنظر رکھ کر روزانہ رات کو بمطابق ضرورت ہلکا یا تیز مسہل استعمال کرتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ ہر خلط کو خارج کرنے کے لئے الگ مسہل ہوتا ہے۔ کوئی بھی مسہل ایک سے زائد خلط کو خارج نہیں کر سکتا۔

منضج: ہر مادہ کا منضج اس کا متضاد مادہ ہوتا ہے اور اس کا اخراج بالا مالہ ہوتا ہے، سوائے بلغم کے کہ اسے بالا مالہ خارج کرنے کی کوشش کی جائے تو سردی کی زیادتی سے غلیظ ہو کر رک جاتی ہے۔ اسلئے اس کا نضج واستفراغ عضلات کو تحریک دے کر بالضد نچوڑ کی صورت میں کیا جاتا ہے۔

ادویہ کے مرکب نمبر

جب دو تحریکوں کی ادویہ ملا کر بنائی جاتی ہیں تو ان کے نمبر بھی مشترک کر دئے جاتے ہیں۔ مثلاً اگر مخاطی امراض کے علاج کے لئے عضلاتی قشری (2 نمبر) اور قشری عضلاتی (3 نمبر) ادویہ ملائی جائیں گی تو ان کا نمبر 23 یا 32 ہوگا۔ جس تحریک نمبر کے اجزاء دوائیہ زیادہ ہوں گے اسے دہائی کے مقام پر رکھا جائے گا اور جس تحریک نمبر کے اجزاء کم ہوں گے اسے اکائی کے مقام پر۔ مثلاً اگر 2 نمبر کے اجزاء دوائیہ زیادہ اور 3 نمبر کے کم ہوں گے تو نمبر 23 ہوگا اور اگر 3 نمبر کے اجزاء دوائیہ زیادہ اور 2 نمبر کے کم ہوں گے تو نمبر 32 ہوگا۔ اسی طرح دیگر تحریکوں کی مرکب ادویہ کے لئے قیاس کر لیں۔

ہر مرکب دواء جن تحریکوں کے اجزاء ملا کر بنائی گئی ہے ان کے نمبر جمع کر کے جو مرکب نمبر بنتا ہے وہ نسخہ کے شروع میں **هوالشافی** کے ساتھ لکھ دیا گیا ہے۔ لیکن

مجموعی طور پر اس دواء کا اثر جس مقام پر وارد ہوتا ہے اس نمبر کو نسخہ کے نام کے ساتھ لکھ دیا گیا ہے تاکہ تجویز اور تلاش میں آسانی رہے۔ مثلاً سرمہ قطب شاہی (1) **هوالشافی** (73):۔

محرک قلب و عضلات

عضلاتی مخاطی (خشک سرد)

تحریک نمبر (1)

عضلاتی مخاطی تمام نسخہ جات کا مزاج خشک سرد ہوتا ہے۔ یہ نسخہ جات قلب و عضلات کو کیمیاوی طور پر تحریک دیتے ہیں اور سوداء (اجزاء ارضیہ) کی تیزی کو توڑتے رہتے ہیں۔ انہیں مخاطی (سرد) امراض کے لئے بالا مالہ، عضلاتی (خشک) امراض کے لئے بالمثل، قشری (گرم) امراض کے لئے بالجذب اور اعصابی (تر) امراض کے لئے بالضد کے اصول پر حسب ضرورت استعمال کیا جاتا ہے۔ مرض کی شدت یا خفت کو مدنظر رکھتے ہوئے دواء کی مقدار کم وبیش کی جا سکتی ہے۔ شدید صورتوں میں ملین، مسہل، اکسیر یا تریاق دس یا پندرہ منٹ کے وقفہ سے دیا جاتا ہے جیسے جیسے مرض کا زور کم ہوتا جاتا ہے دواء کا وقفہ بڑھا کر تین یا چار گھنٹے کر دیتے ہیں۔

(نوٹ) موٹے تازے اشخاص جن کے بدن میں رطوبات موجود ہوتی ہیں انہیں علاج بالا مالہ کے تحت دیا جا سکتا ہے، جن سوداوی مریضوں کا بدن خشک لاغر اور بدنی رطوبات مفقود ہوتی ہیں انہیں پہلے اعصابی کیمیاوی محرکات دے کر نضج دیں تاکہ ایک طرف بدنی رطوبات پیدا ہوں اور دوسری طرف جمے ہوئے گاڑھے سوداء کو اخراج

کے لئے نرم کیا جاسکے۔

جن مریضوں میں غیر طبعی سوداء کی ترشی سے جلن کی شکایت ہو یا ورم صلب کی صورت پیدا ہو چکی ہو انہیں عضلاتی محرکات اس وقت تک نہ دئے جائیں جب تک یہ علامات ختم نہ ہو جائیں

☆☆☆ جن مریضوں کی نبض مشرف ہو یا فشار الدم کا بالائی درجہ اعتدال سے زیادہ ہو انہیں بھی محرک عضلات نسخہ جات نہ دئے جائیں۔

فہرست ادویہ عضلاتی مخاطی مزاج (1)

نام دواء	گروہ	نام دواء	گروہ	نام دواء	گروہ
کیمیاوی رمعدنی		نباتاتی		غذائی	
بلیچنگ پوڈر	1.۵	آملہ	۴	چائے تیار	۵.۵
فناسٹین پوڈر	۳	ہلیلہ (ہرڑ)	۴.۹	پتی چائے	۴
سم الفار	۷.۸	زرشک شیریں	۵.1	ٹماٹر	۴
نیلا	۳.۳	گل تمباکو	۵	کینو	۳
پھٹکری	۴	ستیاناسی	۹ بارد	لیموں	۴
کاربالک ایسڈ	۴	اسطوخودوس	۸ بارد	چیکو	۶.۵
تیل مٹی	۴	تخم سرس		سیب	
کونین سبز	۴.۵	تخم پلاس		اخروٹ	۸ بارد
		گل ٹیسو	۶.۹	آلوچہ	
				انڈا دیسی	
سویابین آئل				مچھلی	
میض آئل				گوشت گائے	
کرولی کارن آئل		اناناس		شملہ مرچ	
روغن اخروٹ		جاپانی پھل		اچار ہر قسم	
روغن تل		چکوترا		باتھو	

روغن ناریل | سنگترہ | دال مسور

پیاز سرخ | بہی | اناردانہ

علاج بالغذاء (1)

ناشتہ: دیسی انڈا ابلا۔ مربہ ہرڑ۔ مربہ سیب۔ حلوہ سوجی۔ بیسن کے گڑ والے لڈو یا دوپہر والی اغذیہ ہمراہ قہوہ سادہ پتی استعمال کریں۔

دوپہر: گوشت گائے یا بھینس۔ اوجھڑی بکرا رچھترا۔ مچھلی بڑی۔ شملہ مرچ۔ انڈا۔ شامی کباب۔ تکے۔ چنے۔ ٹماٹر۔ بیسنی کڑھی۔ اچار ہر قسم۔ باتھو۔ دال مسور۔ پیاز+مرچ+لہسن کا سالن مکئی یا بیسنی روٹی سے کھالیں۔

رات: سموسے۔ مچھلی کے پکوڑے یا دوپہر والا سالن اکیلا یا روٹی سے کھا کر قہوہ سادہ پتی یا چائے پی لیں۔

مشروب: قہوہ سادہ پتی لیموں نچوڑ کر۔ چائے۔ کافی۔ سوڈا واٹر۔ جوس سیب۔ شربت لیموں

مصالحہ جات: ٹماٹر۔ امچور۔ زرشک۔ اچار۔ اناردانہ۔ آلوچہ۔ شملہ مرچ۔

روغنیات: روغن ناریل۔ روغن تل۔ روغن اخروٹ۔ کرولی کارن آئل۔ میض آئل۔ کارن آئل۔ سویا بین آئل۔

پھل: بہی۔ سیب۔ کینو۔ سنگترہ۔ چکوترا۔ جاپانی پھل۔ انناس۔ آلوچہ۔ چیکو۔ اخروٹ۔

مقبول طبی شفاخانہ

موتی مسجد رچنا ٹاؤن-2 اللہ ھو روڈ۔ ستیانہ روڈ فیصل آباد

0321-6652523, 0300-7282992

محرک STIMULANT(1)

(مزمن سوداوی امراض۔ فشار الدم قوی۔ جلن۔ السر میں استعمال نہ کرائیں)

ھوالشافی: آملہ۔ کرنجوا ہر ایک ۵۰ گرام۔ باریک کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام ہمراہ قہوہ سادہ پتی دن میں تین بار۔

فوائد: کیمیاوی طور پر دل وعضلات کو تحریک دیتا ہے جس سے سردی کم ہو کر خشکی میں تبدیل ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ نظام غدد جاذبہ میں تحلیل پیدا کرتا ہے جس سے سوداوی امراض مثلاً چیچک۔ ملیریا۔ صداع مخاطی۔ خسرہ اور سلسل البول کو فائدہ ہوتا ہے۔ اعصابی رطوبات کی کثرت سے جب بطوع القلب کی شکایت ہو تو بالضد کے طور پر فائدہ کرتا ہے۔

محرک شدید SEVERE STIMULANT(1)

(مزمن سوداوی امراض۔ فشار الدم قوی۔ جلن۔ السر میں استعمال نہ کرائیں)

ھوالشافی: آملہ۔ کرنجوا۔ شب یمانی شگفتہ ہر ایک ۵۰ گرام۔ باریک پارچہ بیز کر لیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام قہوہ سادہ پتی یا تازہ پانی سے دیں۔

فوائد: درج بالا علامات میں محرک سے زیادہ قوی اثرات کا حامل ہے۔ سمن مفرط۔ ذیابیطس اعصابی کا بہترین علاج ہے۔

سفوف شهيقه(1)

هوالشافی: راکھ برگ ڈھاک ۱۰۰ گرام، نمک سونچل بریاں ۱۰ گرام یا بقدر ضرورت ملالیں جس سے ذائقہ درست ہو جائے۔

مقدار خوراک: 1 سے 2 رتی دن میں چار بار دیں۔

فوائد: کالی کھانسی کا بہترین تریاق ہے ہمیشہ کے لئے اس مرض سے پیچھا چھوٹ جاتا ہے۔

حب ضيق النفس(1)

هوالشافی(28): بوٹی سفید۔ جل چھتی۔ سوما کلپالتا مکدہ ۶۰ گرام، زعفران۔ پشنےخیگال مکدہ ۱۲ گرام، گودہ گھیکوار ۲۵۰ گرام۔ جملہ ادویہ سائیدہ گودہ گھیکوار میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح، دوپہر اور شام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: تنگی تنفس اور دمہ کی بگڑی ہوئی صورت میں بطور فوری علاج انتہائی مفید ہے۔

سفوف سياه نزلی(1)

هوالشافی: ہلیلہ زنگی۔ حب النیل ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ خوب باریک کر کے کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: نصف تا ایک گرام ہمراہ قہوہ یا تازہ پانی دنمیں تین یا چار بار۔

فوائد: سعال رطب اور سفید مخاطی بلغم والے نزلہ اور دیگر مخاطی عوارضات میں مفید ہے۔

فتق/نتوء السرة(1)

هوالشافی: سریش ماہی۔ جوز السرو۔ فشار کندر۔ مصطگی رومی مکدہ ۵ گرام۔ تمام ادویہ خوب باریک کرلیں۔ سریش کو سرکہ انگوری میں پگھلا کر دیگر ادویہ ملا کر لیپ تیار کریں۔

طريقه استعمال: ماؤف جگہ پر لیپ کریں۔

فوائد: فتق۔ نتوء السرۃ یعنی ناف ابھر آنے کو مفید ہے۔

حب العظم(1)

هوالشافی: سنبلو ۱۰۰ گرام، رتن جوت ۵۰ گرام۔ باریک کر کے نخودی گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ تازہ پانی۔

فوائد: ٹوٹی ہوئی ہڈی بفضلہ تعالی جلد جڑ جاتی ہے۔

ملين LEXATIVE(1)

(مزمن سوداوی امراض۔ فشار الدم قوی۔ جلن۔ السر میں استعمال نہ کرائیں)

هوالشافی: آملہ۔ کرنجوا۔ شب یمانی شگفتہ ہر ایک ۵۰ گرام، ہلیلہ سیاہ شگفتہ در گھی یا روغن بادام ۱۵۰ گرام۔ خوب باریک کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ قہوہ یا پانی دن میں تین یا چار بار۔

فوائد: مذکورہ علامات میں جب معمولی قبض بھی ساتھ ہو تو استعمال کرانا چاہئے۔

دواء الطحال(1)

هوالشافی(612): میگنیشیا سلفاس ۷۵۰ گرام، تیزاب گندھک محلول ۲۴

گرام، فرائی سلفاس یا ہیراکسیس۔کونین سلفاس مکد ۱۲ گرام۔ **کونین کو تیزاب میں حل کریں پھر** فرائی سلفاس ملا کر حل کریں پھر **میگنیشیا ملا کر خوب کھرل کریں تا کہ کونین** کا تمام محلول سارے میگنیشیا میں مل جائے۔ اس کے بعد اسے **خشک کر کے بوتل میں** بند رکھیں۔

☆☆☆ کونین کو تیزاب میں **اچھی طرح حل کریں ورنہ دواء خراب ہو جاتی ہے اور** پانی میں ملانے سے جھاگ ہی جھاگ بن جاتی ہے۔ حل **ہونے کی شناخت یہ ہے کہ** محلول کی رنگت بالکل پانی کی طرح ہو جائے دودھ کی طرح سفید نہ رہے۔ **اگر دودھیا** رنگ ہو تو مزید تیزاب ملا کر ہلائیں حتیٰ کہ حل ہو کر پانی کی طرح ہو جائے۔

مقدار خوراک: ۲۵۰ گرام دواء کو ۷۵۰ ملی لیٹر **پانی میں حل کر کے بوتل میں ڈالیں اور** اس پر ۲۴ نشان لگا دیں۔ ایک نشان ایک خوراک ہے۔ **خشک دواء ۶ سے ۱۲ گرام** دیں۔

فوائد: ضعف طحال۔عظم الطحال۔ضعف الکبد۔عظم الکبد۔**ضعف رحم۔ضعف** امعاء۔نفخ شکم۔فقر الدم۔دیدان شکم۔گرانی شکم۔حمی اجامیہ وغیرہ میں مفید ہے۔

مسہل PURGATIVE(1)

(فشار الدم قوی۔جلن۔السر میں استعمال نہ کرائیں)

ہوالشافی: آملہ۔کرنجوا۔شب یمانی شگفتہ ہر ایک ۵۰ گرام، **ہلیلہ سیاہ شگفتہ در** گھی یا روغن بادام ۱۵۰ گرام، ہرڑ جلا یا ۱۰۰ گرام۔ تمام ادویہ **خوب باریک کپڑ چھان** کر لیں۔

مقدار خوراک: بقدر ایک رتی دن میں چار بار ہمراہ قہوہ، چائے یا پانی۔

فوائد: سوداء کو بذریعہ اسہال خارج کرتا ہے۔بول فی الفراش۔ملیریا۔نقرس۔ خنازیری (مخاطی) امراض۔ لگاتار استعمال سے سوداء کی پیدائش رک جاتی ہے۔

اکسیر ELIXIR(1)

(مزمن سوداوی امراض۔فشار الدم قوی۔جلن۔السر میں استعمال نہ کرائیں)

ہوالشافی: ہلیلہ سیاہ بریاں۔کشتہ فولاد ہر ایک ایک ۲۵۰ گرام، سم الفار سفید ۵ گرام۔ سم الفار کو آب لیموں میں خوب کھرل کر کے دوسرے مسفوف اجزاء تھوڑے تھوڑے ملا کر یکجان کریں اور نخودی گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی دن میں تین چار بار ہمراہ قہوہ یا چائے۔

فوائد: تمام سوداوی امراض آناً فاناً ختم کر دیتی ہے۔ چیچک وخسرہ کے لئے بہت مفید ہے۔

اکسیر شباب (1)

ہوالشافی(27): ستاور۔موصلی سفید ۲۵۰ گرام، تج ۱۲۵ گرام، منڈی ۱۱۰ گرام، ورق نقرہ ۶ گرام، کستوری ۴ گرام، ورق طلاء ۱ گرام، شہد ۲ کلوگرام، نشاستہ گندم۔گھی مکد 1 کلوگرام، بیسن ۵۰۰ گرام۔ موصلی۔تج۔ستاور اور منڈی کو باریک کپڑ چھان کر لیں۔ نشاستہ و بیسن کو گھی میں بریاں کر لیں۔ جب خوب بریاں ہو جائے تو سفوف کو بھی گھی میں بھون کر بریاں کر لیں۔پھر کستوری کو عرق بید مشک میں کھرل کر کے حل کریں۔ پھر شہد کو آگ پر گرم کر کے ذرا پتلا کریں اور تمام ادویہ شہد

میں ملا کر خوب گھوٹ کر یکجان کریں۔

مقدار خوراک: ۶ سے ۱۲ گرام ہمراہ دودھ۔

فوائد: مقوی قلب و مولد خون صالح ہے۔ نہایت شہوت انگیز ہے۔ قوت مردمی کو بحال کرتا اور مادہ کو گاڑھا کرتا ہے۔ ضعف بعد از جماع رفع کرتا ہے اور کھا کر جماع کرنے سے کمزوری کی شکایت نہیں ہوتی۔ خصوصاً فشار الدم ضعیف والوں کو مفید ہے

تریاق(1) ANTI-DOTE

(مزمن سوداوی امراض۔ فشار الدم قوی۔ جلن۔ السر میں استعمال نہ کرائیں)

ھوالشافی: ہلیلہ سیاہ شگفتہ۔ ہڑ جلاپا ہر ایک ۱۰۰ گرام، بلادر ۱۰ گرام۔ خوب باریک کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو گولی ہمراہ قہوہ یا پانی دن میں چار بار۔

فوائد: لیکوریا بغیر جلن۔ ضعف باہ اعصابی۔ ذیابیطس اعصابی۔ سلسل البول اعصابی۔ آتشک۔ چھپاکی شبانہ۔ دمہ بلغمی۔ نامردی اعصابی۔ نزلہ زکام بغیر جلن کے لئے مفید ہے۔

☆☆☆ اگر خارش، ورم یا کوئی بھی علامت ظاہر ہو تو فوراً قشری عضلاتی ملین کھلا دیں اور بیرونی طور پر قشری عضلاتی مسہل روغن سرسوں یا میں ملا کر مالش کریں فوراً افاقہ ہوگا۔

سفوف کرامت(1)

ھوالشافی: زرشک شیریں۔ گردماق۔ زہر مہرہ خطائی۔ گل ارمنی۔ بنسلوچن۔

ہیل بوا خورد ہر ایک ۶۰ گرام، نرکچور۔ بادیان ہر ایک ۲۰ گرام۔ خوب باریک کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: ۵ گرام ہمراہ عرق بادیان ۵۰ ملی لیٹر۔

فوائد: ذوسنطاریہ۔ اسہال ذوبانی۔ براز الدم۔ افیونیوں کے اسہال جو کسی دواء سے بند نہ ہوں کے لئے مجرب ہے۔

☆ اسہال سوداوی ایک دم بند کرنے سے اپھارہ ہو جاتا ہے، اس کیلئے محرک جگر ادویہ استعمال کرائیں۔

مقوی(1) INSIGORATING

(مزمن سوداوی امراض۔ فشار الدم قوی۔ جلن۔ السر میں استعمال نہ کرائیں)

آملہ رسائن(1)

ھوالشافی: ازراقی مدبر۔ سلاجیت مکدہ ۵۰ گرام، جدوار خطائی۔ کشتہ فولاد مکدہ ۴۰ گرام، فلفل گرد ۲۰ گرام، زعفران ۱۰ گرام، مربہ آملہ ۷۵۰۔ ۱ کلوگرام، شہد خالص ۵۰۰۔ ۲ کلوگرام۔ پسنے والی ادویہ باریک کر لیں اور مربہ آملہ سے گٹھلیاں صاف کر کے ملا لیں۔

مقدار خوراک: ۳ گرام ہمراہ دودھ پتی۔

فوائد: بوڑھوں کے لئے عصاء پیری ہے۔ ضعف ہضم۔ قلت خون۔ ضعف باہ۔ مخاطی مزاج والوں کے لئے مفید ہے۔

انقرویا(1)

ھوالشافی: بھلانواں مدبر۔ مغز اخروٹ۔ نارجیل۔ کنجد مقشر۔ مال کنگنی۔ بابچی۔ روغن گاؤ ملکہ ۶۰ گرام، شہد ۲۰۷ گرام۔ بھلانواں کو ہاون دستہ میں کوٹ کر جوکوب کرلیں پھر کسی دیگچی میں ڈال کر دس گنا پانی (۶۰۰ ملی لیٹر) ملا کر جوش دیں۔ ایک گھنٹہ بعد پانی پھینک دیں اور نیا دس گنا پانی ملا کر ایک گھنٹہ جوش دیں اور پانی کو پھینک دیں۔ پھر تیسری بار دس گنا پانی ملا کر چار گھنٹہ تک پکائیں اور پانی کو پھینک دیں۔ اب بھلانواں خشک کر کے کوٹ لیں اور باقی تمام ادویہ بھی کوٹ کر باریک کرلیں۔ اس کے بعد گھی اور شہد ملا کر معجون بنالیں تیار ہے۔

مقدار خوراک: ا سے ۲ گرام تک صبح وشام بعد از غذاء استعمال کرائیں۔

فوائد: برص ابیض۔ بہق ابیض۔ خدر اعضاء۔ دمہ۔ سعال کہنہ۔ فالج۔ لقوہ۔ نزلہ وزکام مزمن۔ فربہی۔ قبل از وقت بیاض شعری۔ ضعف باہ۔ ضعف اشتہاء۔ کمزوری عامہ۔ موٹے اشخاص کے لئے یہ معجون زیادہ مفید ہے۔

کشتہ نقرہ یاقوتی (1)

ھوالشافی: برادہ نقرہ۔ سم الفار سفید۔ گندھک آملہ سار مرکدہ ۱۰ گرام۔ ۳ گھنٹہ متواتر کھرل کر کے کوزہ میں رکھ کر ڈھکن دے کر معمولی لب بندی کر کے صرف ایک پاؤ اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ چرخ خوردہ سرخ ڈلیاں حاصل ہوں گی۔ کھرل کر کے سرخ یاقوتی رنگ کا کشتہ شیشے کی بوتل میں محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ا سے ۸ چاول ہمراہ بدرقہ مناسب۔ (مکھن دودھ وغیرہ)

فوائد: قے۔ ضعف معدہ۔ ضعف باہ۔ خنازیری امراض۔ سلسل البول۔ ضعف حافظہ مخاطی۔

اطریفل (1)

(مزمن سوداوی امراض۔ فشار الدم قوی۔ جلن۔ السر میں استعمال نہ کرائیں)

اطریفل مقوی (1)

ھوالشافی: آملہ۔ کشتہ فولاد۔ ہلیلہ زنگی شگفتہ۔ ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ کابلی۔ کشمش۔ مویز منقیٰ۔ اسطوخودوس۔ بسفائج ہر ایک ۲۵ گرام، مصری کوزہ ۵۵۰ گرام، روغن زرد یا روغن بادام حسب ضرورت (تقریباً ۱۰۰ گرام)۔ تمام ادویہ کا باریک سفوف تیار کر کے گھی میں چرب کریں اور مصری کا قوام کر کے اسمیں چرب شدہ ادویہ ملا دیں

مقدار خوراک: ۶ سے ۱۰ گرام ہمراہ قہوہ یا تازہ پانی دن میں تین چار بار۔

فوائد: دماغ و اعصاب کی غیر طبعی رطوبتوں اور قلب و عضلات کو سوداوی رطوبتوں سے صاف کرتی ہے۔ غیر طبعی سوداوی موٹاپا۔ صداع مزمن سوداوی۔ قبل از وقت بیاض شعری۔ نزلہ زکام دائمی۔ ورم غدد جاذبہ بغیر جلن۔ لیکوریا بغیر جلن۔ دمہ۔

مشروب (1) SYRUP

(مزمن سوداوی امراض۔ فشار الدم قوی۔ جلن۔ السر میں استعمال نہ کرائیں)

ھوالشافی: رُب کینو ر مالٹا ۵۰۰ ملی لیٹر، رُب لیموں ۲۵۰ ملی لیٹر، زرشک شیریں ۵۰ گرام، قند سفید ۵۰۰۔ اکلو گرام۔ بطریق معروف شربت کا قوام کریں اور اوپر آنے والے میل کو اتارتے جائیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ سے ۲۰ ملی لیٹر چٹا دیں۔

فوائد: قے۔بطوع القلب۔فشار الدم ضعیف۔ہرے پیلے دستوں کیلئے مفید ہے

مشروب سرطان اعصابی (1)

ھوالشافی: نمک ہلیلہ زرد۔زرشک شیریں۔ہالیوں۔کلونجی۔دارچینی۔سناء مکی۔پیپلی۔گلسرخ۔دانہ الائچی کلاں۔جدوار خطائی۔عود صلیب۔نمک آملہ ایک ۱۰۰ گرام۔ قند سفید ۹ کلوگرام۔ نمکیات کے علاوہ تمام ادویہ ۱۲ لیٹر پانی میں شب بھر بھگوئیں صبح جوشدیں جب نصف رہے تو چینی ڈال کر قوام کرلیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ سے ۳۰ ملی لیٹر پلا کر اوپر سے قہوہ پودینہ اجوائن پلائیں ساتھ خمیرہ گاؤزبان عنبری عود صلیب والا (اجمل دواخانہ) استعمال کرائیں۔

فوائد: دماغی سرطان۔مرگی اکثر مخاطی امراض میں مفید ہے۔

جوشاندہ (1)

(مزمن سوداوی امراض۔فشار الدم قوی۔جلن۔السر میں استعمال نہ کرائیں)

ھوالشافی: خوب کلاں۔گل بنفشہ ہر ایک ۶ گرام، منقیٰ۔عناب ہر ایک ۹ دانہ، چینی حسب ضرورت۔ تمام ادویہ ایک پاؤ پانی میں بھگو کر جوشدیں جب نصف رہ جائے تو مل کر پن چھان لیں پھر چینی ملا دیں۔

مقدار خوراک: یہ ایک خوراک ہے۔

فوائد: اعصابی و مخاطی تحریک سے پیدا ہونے والے اکثر عوارضات کیلئے مفید ہے

قطور DROPS(1)

(مزمن سوداوی امراض۔فشار الدم قوی۔جلن۔السر میں استعمال نہ کرائیں)

قطور رمد (1)

ھوالشافی: ہلیلہ زرد ۱۰ گرام، شب یمانی۔تریاک ہر ایک ۵ گرام۔عرق گلاب ۵۰ ملی لیٹر۔ تمام ادویہ باریک پیس کر عرق میں حل کرلیں پھر کپڑے سے پن لیں۔

طریقہ استعمال: قطرہ قطرہ آنکھوں میں ڈالیں۔

فوائد: رمد چشم۔نزول الماء۔ضعف بصر۔دمعہ۔سرخی چشم۔سوزش چشم۔جلن۔درد۔روشنی کا برداشت نہ ہونا۔وجع الاذن اور ریم گوش کے لئے فوری اثرات کی حامل ہے۔ زخموں پر مقامی طور پر استعمال کریں۔

سرمہ COLLYRUM(1)

سرمہ قطب شاہی (1)

ھوالشافی (73): اسرب مصفیٰ ۵۰ گرام، کبریت زرد آملہ ۳۰ گرام، زنک آکسائیڈ ۲۰ گرام، کف دریا۔سرد چینی مکدہ ۱۰ گرام، ست پودینہ ۲ گرام۔ سرب کو آہنی کڑاہی میں گلا کر کبریت مسفوف کی چٹکی دے کر دستہ آہنی سے ہلاتے جائیں حتیٰ کہ سرب کشتہ ہو جائے۔ سرد کر کے کپڑ چھان کرلیں۔ پھر دیگر ادویہ مسفوف ملا کر تین گھنٹہ تک کھرل کرلیں اور آخر میں ست پودینہ ڈال کر ایک گھنٹہ مزید کھرل کرلیں تیار ہے۔

طریقہ استعمال: صبح و شام دو دو سلائی ڈال لیا کریں۔ چندروز کے استعمال سے آنکھ کے جملہ امراض دور ہو کر عینک کی عادت چھوٹ جائے گی خواہ تین چار درجہ کی لگی ہو۔ بسیار مجرب اور معمول مطب ہے۔

مزید بصارت(1)

ھوالشافی(84): چھلکا بادام شیریں سوختہ خوب باریک کر کے اس میں سرمہ سیاہ ملالیں۔

طریقہ استعمال: صبح وشام سلائی سے آنکھوں میں ڈالیں۔

فوائد: چند دنوں میں نظر تیز ہو جائے گی۔ بسیار مجرب ہے۔

کحل رطب(1)

ھوالشافی: شیر دودھی خورد سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد: بعید نظری۔ شب کوری کے لئے مفید ہے۔

ترک عینک(1)

ھوالشافی(15): رس انار ترش ۴۰ گرام، کھانڈ ۱۰ گرام۔ شیشی میں بند کر کے دھوپ میں لٹکائیں۔ ۲ ہفتہ بعد محفوظ کر لیں۔

طریقہ استعمال: سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔ (مجربات ایس پی مہتہ)

فوائد: بعید نظری کی بہترین دواء ہے۔ کچھ عرصہ کے استعمال سے عینک چھوٹ جاتی ہے۔

سنون(1)

دواء ماسخورہ(1)

ھوالشافی: ست لیموں۔ سوڈا خوردنی ملکہ ۳۶ گرام، ماز دسبز ۲۴ گرام، شب

یمانی۔ سمندر جھاگ۔ کافور۔ سرخ کاہی ملکہ ۱۲ گرام، یوکلپٹس آئل ۳.۵ ملی لیٹر۔ باریک کر کے ملالیں۔

طریقہ استعمال: کھانا کھانے کیبعد گرم پانی سے کلی کر کے دانتوں پر لگائیں بعد میں دانتوں پر تیل لگا دیا کریں۔

فوائد: دانت مضبوط اور پیپ وخون بند ہو جاتا ہے، دانت بدبو سے پاک ہو جاتے ہیں۔

روغن(1)OIL

روغن ناسور(1)

ھوالشافی(81): کافور حسب ضرورت لے کر کاربالک ایسڈ میں ڈبو دیں اور شیشی کا کارک لگا کر دھوپ میں رکھیں۔ چند منٹ میں گلابی رنگ کا تیل بن جائے گا۔

طریقہ استعمال: زخم کو جوشاندہ نیم اور صابن سے صاف کر کے روغن کی بتی رکھیں۔

فوائد: انشاءاللہ بھگندر وناسور سے کلی شفاء ہوگی۔ جنہیں کہنہ مشق ڈاکٹروں اور حکیموں نے لاعلاج قرار دے دیا تھا بفضلہ تعالی اس سے ٹھیک ہو گئے۔

روغن باسور(1)

ھوالشافی(815): روغن کنجد ۱۰۰ ملی لیٹر، تنکار شگفتہ۔ کافور ملکہ ۱۰ گرام۔ تمام ادویہ اچھی طرح ملالیں۔

طریقہ استعمال: دن میں تین بار مسوں پر لگائیں۔

فوائد: دو/تین روز میں مسے مرجھا جائیں گے۔ (پیر عبدالرحیم جلیلؒ)

روغن گوش (1)

ھوالشافی (71): روغن کنجد ۷۰ ملی لیٹر، روغن صندل ۱۰ ملی لیٹر صاف شیشی میں ملا کر محفوظ کر لیں.

طریقہ استعمال: تین قطرے کان میں ڈالیں. بیرونی طور پر بھی مالش کی جا سکتی ہے.

فوائد: سوزش کان میں مفید ہے.

روغن ریم گوش (1)

ھوالشافی (712): روغن کنجد ۵۰ ملی لیٹر، کونپل نیم۔ کونپل ذات الذوانب۔ کونپل لرزاں مکدے عدد، لہسن۔ پیاز مکد ۵ گرام. جملہ اجزاء روغن میں جلا کر پن لیں

طریقہ استعمال: ایک سے تین قطرے کان صاف کر کے ڈالیں.

فوائد: ریم الاذن۔ وجع الاذن. حکیم محمد شریف مرحوم

روغن اوجاع طلسمی (1)

ھوالشافی: روغن کنجد ۱۰۰ ملی لیٹر، حلتیت۔ بچھناک ہر یک ۱۰ گرام، کافور ۵ گرام. پہلی دونوں ادویہ روغن میں جلا کر پن لیں اور کافور حل کر کے محفوظ کر لیں.

طریقہ استعمال: مقام ماؤف پر مالش کریں. (لقمان فروری 1951ء)

فوائد: ہر قسم کے دردوں کے لئے تریاق ہے. روغن دوگنا بھی کیا جا سکتا ہے.

صبیان (1) PAEDREATICS

(مزمن سوداوی امراض۔ فشار الدم قوی۔ جلن۔ السر میں استعمال نہ کرائیں)

سفوف مطیب (1)

ھوالشافی: ہلیلہ زنگی ۳۰ گرام، گل ارمنی ۲۰ گرام، دارچینی۔ طین قیمولیا ہر ایک ۱۰ گرام، قرنفل ۶ گرام، دانہ الائچی خورد۔ سیماب ہر ایک ۳ گرام، جائفل ۲ گرام، مصری کوزہ ۶۰ گرام. طین قیمولیا اور سیماب باہم کھرل کریں جب ذرات نابود ہو جائیں تو دیگر مسفوف ادویہ ملا کر پھر کھرل کر لیں.

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام ہمراہ بدرقہ مناسب.

فوائد: اسہال مزمن۔ قے۔ گھنڈی گل جانے میں مفید ہے۔ سفید و پانی کی طرح جاری اسہال کو بند کرتا ہے.

مستورات FEMALE SPECIAL(1)

(مزمن سوداوی امراض۔فشار الدم قوی۔جلن۔السر میں استعمال نہ کرائیں)

فرزجہ معین(1)

ھوالشافی: اقاقیا۲۰ گرام، شب یمانی ۱۰ گرام. باریک کپڑ چھان کر کے محفوظ کرلیں.

طریقہ استعمال: ماہواری سے فراغت کے بعد ململ کی پوٹلی میں دوا باندھ کر اندام نہانی میں رکھائیں. تین دن استعمال کرنے کے بعد مجامعت کریں.

فوائد: سیلان الرحم۔ضعف رحم۔رحم کا ٹل جانا۔اگر کثرت رطوبات کے سبب حمل نہ ٹھہرتا ہو تب اس کا استعمال بے حد مفید رہتا ہے.

اکسیر النساء(1)

ھوالشافی: ایکسٹریکٹ وائی برنم ۶۰ ملی لیٹر، ایکسٹریکٹ ہائیڈراٹس۔ٹنکچر پلسٹلا۔ایکسٹریکٹ گوسپائی۔ٹنکچر سٹیل۔ٹنکچر مسک۔لائیکوار آرسینک مکد ۱۰ ملی لیٹر، لاڈنم ۵ ملی لیٹر ملالیں.

مقدار خوراک: ۳ گرام صبح وشام ہمراہ آب تازہ.

فوائد: کثرت ولادت سے اگر رحم کمزور ہو جائے، جریان الرحم۔قلت طمث اور عسر طمث کی شکایت۔ایام حمل میں جی متلاتا رہتا ہو۔بعض اوقات رحم میں خرابی ہونے سے پستانوں میں بھی دردیں ہوتی ہیں، پستانوں پر کیل نکل آتے ہیں جو چھونے سے شدید درد کرتے ہیں۔خون حیض بیقاعدہ تکلیف سے کبھی زیادہ کبھی کم۔

بُھس۔حمل کی حالت میں بوجھ پیڑو میں رہنے کی تکلیف ہو۔اسقاط حمل روکنے کے لئے بینظیر ثابت ہوئی ہے.

☆ شیر خوار بچوں۔قبض۔پیچش سدی۔کھانسی وزکام میں اس کا استعمال جائز نہیں.

حسن افزاء(1)

ھوالشافی: شب یمانی شگفتہ۔سمندر جھاگ مکد ۶ گرام، سرکہ انگوری ۲۴ ملی لیٹر. دونوں ادویہ باریک کر کے سرکہ میں اچھی طرح ملالیں.

طریقہ استعمال: چہرے کی چھائیوں پر لیپ کریں. تین گھنٹہ بعد چہرہ صاف کریں.

فوائد: چہرہ سے داغ دھبے صاف ہو کر رنگت نکھر آتی ہے.

بال صفا(1)

ھوالشافی: راکھ چوب پلاس مطلوب جگہ پر خوب ملیں پھراوپر مینگنی شتر سوختہ ۱۰ گرام+نمک سانبھر ا گرام سائیدہ پانی میں حل کر کے لیپ لگائیں.

فوائد: ۱۵ منٹ میں بال بلا ضرر صاف ہو جائیں گے اور کتنی مدت تک دوبارہ پیدا نہ ہونگے.

رجال(1) MALE SPECIAL

(مزمن سوداوی امراض۔فشار الدم قوی۔جلن۔السر۔سوزش عضلات میں منع ہے)

لڈو قیام شباب(1)

ھوالشافی(812): کشمش1.225 کلوگرام، مغز اخروٹ1 کلوگرام، پستہ1 پاؤ. اخروٹ وپستہ باریک کر کے کشمش ڈال کر اچھی طرح یکجان کر لیں اور عام سائز کے لڈو بنا لیں.

مقدار خوراک: ایک سے تین لڈو کھلائیں. رات کو بھی دے سکتے ہیں.

فوائد: قبل از وقت گئی ہوئی جوانی قائم کرتے ہیں. مخاطی مزاج کیلئے مفید ہے.

برفی شباب آور(1)

ھوالشافی(81): نارجیل1.500 کلوگرام، بلادر60 گرام، قند سفید3 کلو گرام. نارجیل کدوکش کر کے بلادر ملا کر خوب کوٹیں حتیٰ کہ یکجان ہو جائیں. پھر قند سفید کا قوام کر کے ملا لیں اور پرات میں ڈال دیں. ٹھنڈا ہونے پر عام سائز کی برفیاں کاٹ لیں.

مقدار خوراک: ایک سے تین برفی ہر غذاء کے درمیان کھلائیں.

فوائد: بیاض شعری کیلئے مفید ہے. اعصابی ومخاطی اعصابی مزاج کیلئے مفید ہے

سفوف جریان(1)

ھوالشافی(72): تج ۶۰ گرام، ستاور۔موصلی مکد ۴۸ گرام، تخم کونچ ۲۴ گرام، نربسی ۱۲ گرام، افیون خالص ۳ گرام. باریک کپڑ چھان کر لیں.

مقدار خوراک: ۲ رتی ہمراہ دودھ دن میں تین بار.

فوائد: جریان مذی رودی اور منی تینوں کے لئے مفید ہے۔سرعت کا ازالہ کرتا ہے۔ عورتوں کے سیلان الرحم میں مفید ہے.

مٹھائی جریان(1)

ھوالشافی: مربہ سیب ۲ کلوگرام، ناریل ایک کلوگرام، مغز اخروٹ ۷۵۰ گرام، پستہ ۲۵۰ گرام.

مقدار خوراک: ایک سے تین تولہ صبح وشام غذاء کے ساتھ.

فوائد: جریان کو ختم کر کے بدنی تقویت کا باعث بنتی ہے. اعصابی مزاج کیلئے مفید ہے.

سفوف پلاسر(1)

ھوالشافی: تخم سرس۔تخم پلاس مکد ۱۰۰ گرام، کوزہ مصری ۲۰۰ گرام. باریک کر لیں.

مقدار خوراک: ۱۰ گرام ہمراہ شیر گاؤ صبح.

فوائد: اعضاء تناسلیہ کی سوزش ختم کر کے سرعت انزال کا خاتمہ کرتا ہے.

تکونج ممسک(1)

ھوالشافی(28): تج۔بیخ کونچ مکد ۱۰۰ گرام. باریک سفوف کر لیں.

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ آب تازہ.

فوائد: امساک کے لئے مفید ہے.

ممسک و محرک(1)

ھوالشافی(82): ثعلب مصری۔شیطرج مکد ۳۰ گرام، کباب چینی۔جند بیدستر۔ریگماہی۔شنگرف۔دارچینی۔قرنفل۔خولنجاں۔عقرقرحا۔مصطگی رومی مکد ۱۰

گرام. خوب کھرل کر کے باریک سفوف کرلیں.

مقدار خوراک: نصف گرام ناشتہ کے بعد روزانہ...... یا ۲ گرام ضرورت سے ۶ گھنٹہ قبل دودھ ملائی سے.

فوائد: شدید محرک باہ اور ممسک ہے.

امساکی (1)

هوالشافی (18): بہوپھلی ۳۰۰ گرام، کمرکس۔ سنکھاہولی۔ موچرس مکد ۱۰۰ گرام. تمام اجزاء خوب باریک کر کے محفوظ کرلیں.

مقدار خوراک: ۳ گرام صبح وشام ہمراہ شیر بز ایک پاؤ نہار.

فوائد: دو ہفتہ میں سرعت انزال ختم ہو کر طبعی امساک پیدا ہوگا پرہیز شرط ہے.

اکسیر الرجال (1)

هوالشافی: کینتھرس۔ سلیکس ناگرا۔ ایگنس کاسٹس۔ پلسٹیلا۔ ایونیا شائیوا۔ ساپال میٹو (سیبل سرولاٹا) مکد Q طاقت ۵۰ ملی لیٹر، فاسفورس ایسڈ۔ فاسفورس۔ لائیکوار آرسینک مکد 1X طاقت ۵۰ ملی لیٹر. تمام ادویہ اچھی طرح ملالیں.

مقدار خوراک: ۱۵ قطرہ ہمراہ آب تازہ دو/تین بار روزانہ.

فوائد: جلق و کثرت مباشرت سے خواہش جماع کمزور ہوجانا۔ عضو ڈھیلا اور سرد رہنا۔ یا خواہش جماع تیز ہو کر سرعت انزال کی شکایت ہوجانا ☆ تقطیر البول۔ قوت برداشت پیدا ہو کر جلق کی خواہش ختم ہوجاتی ہے ☆ عسر الطمث۔ قلت طمث۔ ورم رحم میں مفید ہے.

☆ قوت حافظہ تیز کرتی ہے اسلئے طلباء اور مدرسین وغیرہ کیلئے بیحد مفید ہے.

حب شاهی (1)

هوالشافی (28): شہدانہ ۲۰۰ گرام، جدوار خطائی ۱۰۰ گرام، اگر۔ بالچھڑ۔ جوتری۔ جائفل۔ عقرقرحا۔ فلفل گرد۔ مصطگی رومی مکد ۵۰ گرام، تریاک ۲۵ گرام، زعفران۔ عنبر اشہب مکد ۲۵ گرام، گھی ۱۰ گرام، ورق نقرہ حسب ضرورت. مصطگی نرم ہاتھوں سے کھرل کر کے باریک کریں. تریاک، عنبر و زعفران کے علاوہ تمام ادویہ باریک کر کے پارچہ بیز کرلیں. عنبر کو گھی میں گرم کر کے دیگر اجزاء کے ساتھ سفوف میں ملا کر اچھی طرح کھرل کرلیں اور بقدر نخود سیاہ گولیاں بنالیں.

مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ دودھ نیمگرم صبح وشام بعد طعام.

فوائد: مقوی باہ و ممسک ہے.

حب مقوی باه (1)

هوالشافی: فیرائی فاسفاس ۲۴۰ گرام، ازراقی سائیدہ ۴۸ گرام، کشتہ طلاء ۱ گرام. شہد سے نخودی گولیاں بنالیں.

مقدار خوراک: ۲ گولی صبح وشام ہمراہ دودھ بعد از غذاء.

فوائد: ضعف بعد از امراض۔ مقوی باہ۔ ضعف و استرخاء عضلات بلغمی.

☆☆☆ مریضان جریان و احتلام کو نہ دیں.

سفوف قدامیه (1)

هوالشافی (12): مغز تخم سرس ۱۱۰ گرام، رس کپور ۱۰ گرام، آب گھیکوار ۲۰۰ گرام. رس کپور کو آب گھیکوار میں کھرل کر کے خشک کرلیں پھر مغز تخم سرس سائیدہ ملا کر خوب کھرل کریں یکجان ہوجائے تو محفوظ کرلیں.

مقدار خوراک: ۲ رتی ہمراہ ملائی بعد غذاء دن میں ایک یا دو بار بمطابق طاقت

فوائد: جسم میں کسی جگہ کے غدد متورم ہوں مثلاً خنازیر، کچھر الی، سارے جسم میں غدد پھولے ہوئے ہوں یا غدہ قدامیہ کے باعث پیشاب بند ہو فقیر کا معمول ہے۔

طلاء (1)

ھوالشافی: روغن مار ۱۰۰ گرام، کرم عروسک ۱۰ گرام ملا کر دھوپ میں رکھیں حل ہو جائیں گی۔

طریقہ استعمال: حشفہ و سپاری چھوڑ کر طلاء کریں۔

فوائد: نقائص قضیب رفع کرتا ہے۔

عضلاتی قشری (خشک گرم)

تحریک نمبر (2)

عضلاتی قشری تمام نسخہ جات کا مزاج خشک گرم ہوتا ہے۔ یہ قلب و عضلات کو مشینی طور پر تحریک دیتے ہیں اور خون میں اجزاء ہوائیہ (ریح) بڑھاتے ہیں۔ انہیں مخاطی (سرد) امراض کے لئے بالا مالہ، عضلاتی (خشک) امراض کے لئے بالمثل، قشری (گرم) امراض کے لئے بالجذب یا اور اعصابی (تر) امراض کے لئے بالضد کے اصول پر حسب ضرورت استعمال کیا جاتا ہے۔ مرض کی شدت یا خفت کو مدنظر رکھتے ہوئے دواء کی مقدار کم وبیش کی جاسکتی ہے۔ شدید صورتوں میں ملین، مسہل، اکسیر یا تریاق دس یا پندرہ منٹ کے وقفہ سے دیا جاتا ہے جیسے جیسے مرض کا زور کم ہوتا جاتا ہے دواء کا وقفہ بڑھا کر تین یا چار گھنٹے کر دیتے ہیں۔

نوٹ: موٹے تازے اشخاص جن کے بدن میں رطوبات موجود ہوتی ہیں انہیں علاج بالا مالہ کے تحت دیا جاسکتا ہے، جن سوداوی مریضوں کا بدن خشک لاغر اور بدنی رطوبات مفقود ہوتی ہیں انہیں پہلے اعصابی کیمیاوی محرکات دے کر نضج دیں تاکہ ایک طرف بدنی رطوبات پیدا ہوں اور دوسری طرف جمے ہوئے گاڑھے سوداء کو اخراج کے لئے نرم کیا جاسکے۔

جن مریضوں میں غیر طبعی سوداء کی ترشی نے عضلاتی خلیات میں داخل ہو کر زخم پیدا کر دیے ہوں، جلن کی شکایت ہو یا ورم کی صورت پیدا ہو چکی ہو، انہیں محرک عضلات ادویہ اس وقت تک نہ دی جائیں جب تک یہ علامات ختم نہ ہو جائیں۔

☆☆☆ جن مریضوں کی نبض مشرف ہو یا فشار الدم کا بالائی درجہ اعتدال سے زیادہ ہو انہیں محرک عضلات نسخہ جات نہ دیئے جائیں۔

فہرست ادویہ عضلاتی قشری مزاج (2)

نام دواء	گروہ	نام دواء	گروہ	نام دواء	گروہ
کیمیاوی/معدنی		نباتاتی		غذائی	
تیزاب گندھک	۱	تمہ	۶.۵	میتھی	۶.۵
اسپرین پوڈر	۳	مصبر	۵.۶	پیاز	۵
کیفین پوڈر	۳	غاریقون	L۵	لہسن	۵.۵
شنگرف	۸ بارد	بالچھڑ	۷	مرچ سرخ	۴
سلاجیت	۵	تگر	L۵	ہالوں	
مومیائی	۶	گندہ بہروزہ	۸ بارد	زردی انڈا	۵
		لونگ	۵.۵	کشمش	۸
		جائفل	۷.۸	گوشت پرندہ	
		جوتری	۸	کریلے	
		دارچینی	۸	کنوار گندل	
چھڑیلہ	۶.۵	کرنجوہ	۸	چھوہارا	۷.۸
ہینگ	۷.۵	کڑاچھال	۷		
مالکنگنی	۶.۲	کندر	۷.۶		
بابچی	۶	گلو	۸		
دھماسہ	۸	اُشق	۶.۸		
کچلی + اذراقی = عنبر		کلونجی	۸		

علاج بالغذاء (2)

ناشتہ: آملیٹ زردی انڈا۔ بھنے چنے+سوگی+اخروٹ۔ ۷ یا ۸ چھوہاروں میں پستہ بھر کر دیسی گھی میں بریاں کر کے قہوہ لونگ دارچینی یا چائے تیز پتی والی سے کھائیں

دوپہر: بکرا، چھترا، دیسی مرغ یا پرندوں کا گوشت۔ زردی انڈا۔ میتھی۔ ہالوں۔ کریلے۔ کوار گندل کا سالن روٹی گندم سے کھالیں۔

رات: سوگی ۵۰ گرام۔ سوگی+اخروٹ یا دوپہر والا سالن اکیلا یا روٹی سے کھا کر قہوہ لونگ دارچینی پئیں۔

مشروب: قہوہ لونگ دارچینی۔ بکرا رچھترا رمرغ دیسی یا چھوٹے پرندوں کے گوشت کی یخنی۔

مصالحہ جات: لونگ۔ دارچینی۔ جائفل۔ جوتری۔ میتھی۔ ٹماٹر۔ مرچ سرخ رسبز۔ ہالوں۔ تخم پیاز۔ لہسن۔

روغنیات: روغن لونگ۔ روغن میتھی۔ روغن زردی انڈا۔ روغن بانچی۔ روغن کلونجی۔

پھل: جاپانی پھل۔ چھوہارے۔ منقیٰ۔ کشمش۔ انگور۔ کھجور خشک۔ ڈوکا۔ انجیر سفید

مقبول طبی شفاخانہ

موتی مسجد رچنا ٹاؤن-2 اللہ ھو روڈ۔ ستیانہ روڈ فیصل آباد

0321-6652523, 0300-7282992

محرک (2) STIMULANT

(مزمن سوداوی امراض۔ فشار الدم قوی۔ جلن۔ السر میں استعمال نہ کرائیں

ھوالشافی: دارچینی ۸۰ گرام، لونگ ۲۰ گرام۔ باریک کپڑچھان کر لیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ قہوہ لونگ دارچینی یا تازہ پانی دن میں تی
چار

فوائد: فشار الدم ضعیف۔ احتباس طمث سوداوی۔ مقوی باہ۔ ممسک۔ سلسل البول
ارتفاع قضیب وخصیہ۔ فالج۔ کھاری ڈکاریں۔ ہیضہ میں جب مریض کا جسم سرد پڑنے لگے یا سرد پسینے آنے شروع ہوں تو بہت فائدہ دیتا ہے۔

عقاسر مصغر (2)

ھوالشافی (14): تخم سرس۔ عقاب سوختہ مکد ۱۰۰ گرام۔ باریک کر لیں۔

مقدار خوراک: نصف سے دو گرام ہمراہ آب نیمگرم۔

فوائد: بڑھی ہوئی طحال کو اصل حالت پر لاتا ہے۔

تخم تپ لرزہ (2)

ھوالشافی: تخم ستیاناسی ثابت۔

مقدار خوراک: ۴ گرام ہمراہ آب نیمگرم استعمال کرائیں۔

فوائد: پسینہ آ کر تپ لرزہ اتر جاتا ہے۔

حب نیب بواسیری (2)

ھوالشافی: رسونت۔ مغز تخم نیم۔ لیکوئیڈ ایسٹریکٹ آف ہیمے میلس (رب ہیمے

میلس) ہموزن۔ تخم باریک کر کے رسونت ملا کر کھرل کریں پھر رب ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۳ گولی ہمراہ آب تازہ دن میں ۲ یا ۳ بار۔

فوائد: عظم طحال۔ دوالی صفن۔ فیل پایہ۔ موچ۔ اورام میں مفید ہے۔ رعاف۔ کثرت طمث وغیرہ میں بغیر قبض پیدا کئے خون بند کرتی ہے درد جلن و ثقل کم کر کے صحت بخشتی ہے

حب مراق خترقی (2)

ھوالشافی: رب افسنتین ۱۰۰ ملی لیٹر، ازراقی مدبر سائیدہ ۲۰ گرام ملا کر شہد سے نخودی گولیاں بنالیں۔

رب افسنتین: افسنتین میں دس گنا پانی ملا کر پکائیں۔ نصف رہنے پر مطبوخ چھان کر دوبارہ پکا کر گاڑھا کریں۔

مقدار خوراک: ۲ گولی ہمراہ آب تازہ بعد از غذاء صبح و شام۔

فوائد: مالیخولیا مراقی۔ ضعف معدہ و کبد مزمن جس سے انسان وہمی ہو جاتا ہے۔ تشنجی امراض مثلاً مرگی۔ شہیقہ۔ اختناق الرحم میں 1/8 حصہ گولی ۳/۴ بار روزانہ دینا مفید ہے۔

محرک شدید (2)

(مزمن سوداوی امراض۔ فشارالدم قوی۔ جلن۔ السر میں استعمال نہ کرائیں)

ھوالشافی: دارچینی ۸۰ گرام، جوتری ۵۰ گرام، لونگ ۲۰ گرام، کلونجی ۲۰

گرام۔ تمام اجزاء خوب باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ قہوہ لونگ دارچینی یا تازہ پانی دن میں ۳/۴ بار

فوائد: علامات مذکورہ میں عضلاتی محرک کی نسبت انتہائی تیز اثرات کا حامل ہے۔

سعال مخاطی (2)

ھوالشافی (23): دارچینی۔ تخم پیاز۔ کاکڑا سینگی ہموزن باریک سفوف کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام ہمراہ آب نیمگرم دن میں ۳ بار۔

فوائد: سعال سوداوی، بلغم سفید رقیق، جسم ٹھنڈا، زکام کی صورت، پاخانہ غیر منہضم، کھانسی سے سر میں چوٹ۔ (مجدد طبؒ)

سفوف سنگرھنی (2)

ھوالشافی: کوڑ سک ۲۵۰ گرام، گردسماق ۱۰۰ گرام، دانہ الائچی کلاں ۵۰ گرام۔ نہایت باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: ۵ گرام ہمراہ دہی (فلفل گرد ڈال کر) دن میں ایک بار دیں۔ تین دن تک صرف دہی پئیں، اگلا ہفتہ چاول ابال کر۔ بچھ نکال کر کھائیں۔

فوائد: دس / پندرہ روز کھلانا سنگرہنی دور کر کے امعاء میں قوت ماسکہ پیدا کرتا ہے۔

بان بواسیری (2)

ھوالشافی (28): رسونت ۳۰۰ گرام، تخم بکائن۔ تخم نیم۔ افسنتین مکد ۱۰۰ گرام۔ باریک کپڑ چھان کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: دو سے چار گولیاں ہمراہ پانی تازہ دن میں چار بار۔

فوائد: بواسیر خونی وبادی کے لئے مفید دواء ہے...... جب جلن ودرد کی شکایت نہ ہوتب اس کا استعمال زیادہ محفوظ رہتا ہے.

حب مراق خترقی (2)

ھوالشافی (23): رب افسنتین ۱۰۰ ملی لیٹر، اذراقی مدبرسائیدہ ۲۰ گرام. شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں.

رُبِ افسنتین: افسنتین میں دس گنا پانی ملاکر پکائیں. نصف رہنے پر مطبوخ چھان کردوبارہ پکاکر گاڑھا کریں.

مقدار خوراک: ۲ گولی ہمراہ آب تازہ بعداز غذاء صبح وشام.

فوائد: مالنخولیا مراقی۔ضعف معدہ وکبد مزمن جس سے انسان وہمی ہوجاتا ہے۔ تشنجی امراض مثلاً مرگی۔شہیقہ۔اختناق الرحم میں 1/8 حصہ گولی دن میں ۳یا۴ بار دینا مفید ہے.

کندن (2)

ھوالشافی: رسونت۔ست چرائتہ۔ست نیم۔ریوند خطائی مکدہ ۱۰ گرام. تمام ادویہ باہم ملاکر نخودی گولیاں بنالیں.

ست چرائتہ ونیم: ایک پاؤ چرائتہ لے کر ۲ لیٹر پانی میں جوش دیں نصف رہنے پر اتار کرمل چھان کر پانی پھر آگ پر رکھیں اور اسقدر پکائیں کہ گاڑھا ہوکر گولی بنانے کے قابل ہوجائے.

مقدار خوراک: ایک گولی صبح ودوپہر اور شام.

فوائد: اعلی درجہ کا مصفی خون ہے۔پھوڑے۔پھنسی۔خارش۔آتشک کا مادہ دور

کرنے کے لئے اکسیر ہے.

شکربند (2)

ھوالشافی (72): تج۔تالمکھانہ۔سمندرسوکھ مکدہ ۱۰۰ گرام. باریک کر کے کپڑ چھان کرلیں.

مقدار خوراک: ایک سے دوگرام ہمراہ قہوہ/ پانی دن میں چار بار.

فوائد: بلغم کی کثرت کے باعث پیدا ہونے والی ذیابیطس چندروز کے استعمال سے درست ہوجاتی ہے۔اعصابی تحریک سے پیدا شدہ علامات میں مفید ہے۔کثرت بول کی شرطیہ دواء ہے۔جریان منی۔سیلان الرحم۔سرعت انزال میں مفید ہے.

حب ذیابیطس (2)

ھوالشافی (724): پنج انگ گڑمار ۲۰۰ گرام، زنجبیل۔گٹھلی جامن مکدہ ۱۰۰ گرام. خوب باریک کر کے ملالیں.

مقدار خوراک: بقدر ۲ گرام صبح وشام دیں.

فوائد: ذیابیطس اعصابی کے لئے مفید ہے.

ملین (2)

(مزمن سوداوی امراض۔فشار الدم قوی۔جلن۔السر میں استعمال نہ کرائیں)

ھوالشافی: دارچینی ۸۰ گرام، جوتری ۵۰ گرام، لونگ ۲۰ گرام، کلونجی ۲۰ گرام، صبر سقوطری ۸۵ گرام. تمام اجزاء خوب باریک کر کے شہد سے نخودی گولیاں بنالیں.

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی ہمراہ قہوہ یا تازہ پانی دن میں تین یا چار بار۔

فوائد: فشار الدم ضعیف۔ احتباس طمث سوداوی۔ مقوی باہ۔ ممسک۔ سلسل البول۔ ارتفاع تضیب وخصیہ۔ فالج۔ کھاری ڈکاریں۔ دل کا پھول جانا۔ عظم الطحال۔ لیکوریا۔ فالج مخاطی (بائیں جانب کا)۔ لقوہ۔ ملیریا۔ قبض کی صورت میں ساتھ عضلاتی قشری مسہل استعمال کرائیں۔

☆☆☆ موٹاپہ کم کرنے کے لئے نسخہ میں تربد سفید ہموزن اضافہ کرلیں۔

حب اپسمار (2)

ہوالشافی: صبر سقوطری۔ مقل ازرق مکہ ۵۰ گرام، سقمونیا ولایتی ۱۰ گرام۔ پانی میں کھرل کرکے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: جوان کو ایک گرام اور بچوں کو حسب عمر دیں۔

فوائد: مرگی کا اکسیری بسیار مجرب علاج ہے۔

مسہل (2)

(مزمن سوداوی امراض۔ فشار الدم قوی۔ جلن۔ السر میں استعمال نہ کرائیں)

ہوالشافی: دارچینی ۸۰ گرام، جوتری ۵۰ گرام، لونگ ۲۰ گرام، کلونجی ۲۰ گرام، مصبر۔ شحم حنظل ہر ایک ۸۵ گرام۔ باریک کپڑ چھان کرکے شہد ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی ہمراہ قہوہ یا تازہ پانی دن میں تین چار بار۔

فوائد: ملیریا۔ دمہ خالص۔ مذکورہ بالا تمام امراض میں جب قبض زیادہ ہو استعمال

کرائیں۔ مخاطی خلط کو پیچ دے کر لچھوں کی صورت میں خارج کرتا ہے۔

حب رینگن (2)

ہوالشافی (14): پوست ہلیلہ زرد۔ صبر سقوطری۔ سورنجاں شیریں مکہ ۵۰ گرام۔ تینوں اجزاء خوب باریک کرکے پانی سے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام کی خوراک کھلا کر گرم پانی پلا دیں۔ کچھ دیر بعد پانچ چھ اسہال آئیں گے اور درد جاتا رہے گا۔

فوائد: لنگڑی کے درد کے لئے براء الساعۃ ہے۔

حب مقل (2)

ہوالشافی: مقل ازرق ۳۰ گرام، تخم حُرمل۔ مالکنگنی مکہ ۲۰ گرام، سورنجاں تلخ ۱۰ گرام۔ تمام ادویہ کوٹ کر نہایت باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی ہمراہ تازہ پانی صبح وشام۔

فوائد: وجع المفاصل۔ نقرس۔ عرق النساء۔ سوداوی دردوں میں مفید ہے۔

☆ قبض کی صورت میں پہلے اسے رفع کرلیں۔ پیر عبدالرحیم جلیلؒ

سورنجانی (2)

ہوالشافی (24): سورنجاں تلخ ۱۰۰ گرام، تخم اسپند ۴۰ گرام، مقل ازرق ۳۰ گرام، مالکنگنی ۲۰ گرام۔ باریک کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۸ رتی صبح وشام۔ اسکے ساتھ حب منقی شامل کرنے سے اس کی تاثیر دگنی ہو جاتی ہے۔

فوائد: عرق النساء۔ وجع المفاصل۔ نقرس۔ فالج۔ خدر۔ ضعف باہ۔

اکسیر(2) ELIXIR

(فشار الدم قوی۔ جلن۔ السر میں استعمال نہ کرائیں)

اکسیر نادر(2)

ھوالشافی: شب یمانی ۱۰۰ گرام، ہڑتال ورقیہ ۵۰ گرام۔ ہڑتال کو آب ادرک میں کھرل کر کے رنگ نکالیں پھر شب یمانی کو باریک کر کے اسی کا فرش ولحاف دے کر دونوں ادویہ نرم آنچ سے آہنی تابہ پر کشتہ کریں سنہری رنگ کا کشتہ بنے گا۔ اتار کر باریک کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین رتی ہمراہ تازہ پانی دن میں تین بار دیں۔ سل والے کو بخار کی صورت میں تریاق سل میں ملا کر دیں۔

فوائد: سوداوی بخاروں کے لئے واقعی اکسیر ہے۔

اکسیر آتشک(2)

ھوالشافی(13): آردنخود بے پوست کو شیر تدھارا میں کھرل کر کے بقدر کنار دشتی حبوب بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ آب تازہ دیں۔

فوائد: آتشک میں مفید ہے ☆غذاء میں گھی، شکر، روٹی ایک گھنٹہ بعد دیں۔

یرقان قطب شاہی(2)

ھوالشافی(31): آب مولی 1 لیٹر، شب یمانی ۲۵۰ گرام۔ شب یمانی کڑاہی میں ڈالکر تھوڑا تھوڑا پانی ڈال کر پکاتے جائیں۔ جب پانی خشک ہوجائے تو اتار کر

سفوف کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے آٹھ رتی ہمراہ آب تازہ دن میں تین چار بار دیں۔

فوائد: یرقان ہمہ اقسام۔ وجع الکلیہ۔ سنگ گردہ۔ احتباس البول۔ ضعف اشتہاء۔ فی زمانہ خرابی ساخت گردہ سے ہونے والے احتباس بول و دیگر امراض گردہ کے لئے موزوں ہے۔

تریاق(2) ANTI-DOTE

(مزمن سوداوی امراض۔ فشار الدم قوی۔ جلن۔ السر میں استعمال نہ کرائیں)

نمک مولی(2)

ھوالشافی: نمک طعام ایک کلو، نانخواہ ۲۵۰ گرام، تیزاب گندھک حسب ضرورت۔ نانخواہ سفوف کر کے اس میں اتنا تیزاب گندھک ڈالیں کہ تر ہوجائے چند گھنٹے اسی طرح پڑا رہنے دیں پھر ہاون دستہ میں ڈالکر خوب کوٹیں پھر نمک ڈال کر اچھی طرح ملا دیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ تازہ پانی۔ منہ کے چھالوں کے لئے ۳ گرام دواء کو پانی میں حل کر کے غرارے کرائیں۔

فوائد: کھار کے اثرات ختم کرنے کی بہترین دواء ہے۔ ہیضہ۔ وجع البطن۔ سوء ہضم۔ اسہال مزمن۔ نفخ۔ منہ کے چھالے۔

تریاق افیون(2)

ھوالشافی: کچلہ مدبر ۲۰۰ گرام، دارچینی۔ بالچھڑ۔ جوتری۔ جائفل۔ لونگ۔

خولنجاں ہر ایک ۱۰۰ گرام، شہد یا قند سفید اڑھائی کلو. تمام ادویہ نہایت باریک سفوف کر کے کپڑ چھان کر لیں اور شہد یا قند سفید کے قوام میں ملا کر معجون بنا لیں.

مقدار خوراک: ۳ سے ۶ گرام ہمراہ قہوہ سادہ پتی یا تازہ پانی دن میں تین بار. افیون کی سمیت زائل کرنے کے لئے ہر پندرہ منٹ بعد دیں.

فوائد: سوداوی امراض میں بیحد مقوی ہے۔ نامردی۔ وجع المفاصل۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ عرق النساء۔ وجع القطن۔ قولنج۔ افیونیوں کی افیون چھڑانے کے لئے۔ افیون کی سمیت زائل کرنے کیلئے۔ سلسل البول۔ دمہ جس کے ساتھ فشار الدم ضعیف ہو۔ غنودگی۔ متلی.

تریاق کزاز و تشنج (2)

ھوالشافی: حلتیت ۳۰ گرام، سنبل الطیب۔ فلفل دراز ہر ایک ۲۰ گرام، جائفل۔ جوتری۔ عقرقرحا ہر ایک ۱۰ گرام، عرق لہسن ۱۰۰ گرام. حلتیت و فلفل کھرل کر کے جملہ ادویہ سائیدہ حل کر کے عرق میں کھرل کر لیں.

مقدار خوراک: ایک سے دو گرام ہمراہ چائے یا پانی نیمگرم دن میں تین بار.

فوائد: کزاز۔ تشنج۔ اختناق الرحم۔ مرگی۔ ڈبہ اطفال.

معجون صرع (2)

ھوالشافی (32): چندن چھوٹی ۵۰ گرام، استخوان شتر سوختہ۔ جدوار خطائی۔ عقرقرحا۔ کبریت زرد آملہ مکدہ ۴۰ گرام، جند بید ستر۔ ہینگ ولایتی۔ عود صلیب۔ پیپتہ ولائتی۔ گٹولوچن مکدہ ۲۰ گرام. تمام اجزاء خوب باریک کر کے دو چند شہد (۶۲۰ گرام) میں معجون بنا لیں.

مقدار خوراک: ۳۰ گرام ہمراہ قہوہ پودینہ + کلونجی دن میں ۲ بار.

فوائد: مرگی کو بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکتی ہے.

حب فالج سوداوی (2)

ھوالشافی: ہڑتال طبقی ۶ گرام، دارچینی۔ جائفل۔ جوتری۔ نانخواہ۔ فلفل دراز۔ دانہ ہیل بوا خورد۔ دانہ ہیل کلاں مکدہ ۳ گرام، قرنفل۔ مشک خالص۔ زعفران مکدہ 1 گرام. خوب باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں.

مقدار خوراک: ۱ سے ۳ چاول ہمراہ شوربہ مرغ یا شہد یا پانی میٹھا کر کے دیں.

☆☆☆ اشد ضرورت میں بطور نسوار دیں.

فوائد: فالج۔ رعشہ۔ لقوہ۔ استرخاء اور دیگر سوداوی امراض میں مفید ہے.

مقوی INSIGORATING (2)

(مزمن سوداوی امراض۔ فشار الدم قوی۔ جلن۔ السر میں استعمال نہ کرائیں)

حب مقوی بدن (2)

ھوالشافی: ریگماہی۔ جند بید ستر مکدہ ۱۸ گرام، تخم ہلیون۔ تخم گزر۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری مکدہ ۱۲ گرام، مروارید ۶ گرام، زعفران ۳ گرام، عنبر اشہب۔ کستوری مکدہ ۱ گرام. زعفران کو گلاب میں کھرل کر کے تمام اجزاء سائیدہ ملا کر بقدر فلفل گرد حبوب بنا لیں.

مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ دودھ نیمگرم شب خواب.

فوائد: پٹھوں کے کھچاؤ اور تشاقل میں مفید ہے. (مولوی عمر دین شیخوپورہ)

معجون مقوی قلب(2)

ھوالشافی: زنجبیل ۵۰ گرام، قرنفل۔ دارچینی۔ جائفل۔ جوتری۔ رائی سرخ۔ خولنجاں مکدہ ۲۰ گرام، زعفران ۵ گرام، عسل خالص۔ قند سفید مکدہ ۲۵۰ گرام۔ قند سفید کا قوام کر کے عسل ملا کر قوام درست کر لیں اور ادویہ مسفوف ڈال کر اچھی طرح یکجان کر لیں۔ شیشے کے مرتبان میں محفوظ کریں۔

مقدار خوراک: ۳ سے ۹ گرام ہمراہ بدرقہ مناسب دن میں ۳ بار۔

فوائد: فالج۔ لقوہ۔ عنانت۔ وجع المفاصل۔ وجع القطن۔ عرق النساء۔ قولنج۔ دمہ۔ سلسل البول۔ نمونیہ۔ غنودگی۔ قے۔ متلی۔

جدت مقوی معدہ(2)

ھوالشافی(23): تیزپات ۱۰۰ گرام، دارچینی ۸۰ گرام، جوتری ۲۰ گرام۔

مقدار خوراک: ا سے ۳ گرام ہمراہ آب تازہ دن میں ۴ بار (مجربات صابر)

فوائد: نفخ۔ قراقر۔ مشتہی۔ اسہال کہنہ۔ سنگرہنی۔ مقوی معدہ و امعاء۔ مولد خون۔

ھاضم DIGESTIVE(2)

ھاضم بسباسہ(2)

ھوالشافی: بسباسہ۔ جرجیر مکدہ ۲۵۰ گرام۔

مقدار خوراک: ایک گرام صبح و شام بعد از طعام۔

فوائد: مشتہی۔ ہاضم اور کاسر ریاح ہے۔

ھاضم ثلاثی(2)

ھوالشافی(123): انار دانہ۔ رائی سرخ مکدہ ۳۰۰ گرام، تخم پیاز ۲۰۰ گرام۔

مقدار خوراک: نصف سے دو گرام ہمراہ آب نیمگرم دن میں چار بار۔

فوائد: بدبودار کھاری ڈکاروں سے نزلہ، زکام اور کھانسی کیلئے مفید ہے۔

مشروب SYRUP(2)

(مزمن سوداوی امراض۔ فشار الدم قوی۔ جلن۔ السر میں استعمال نہ کرائیں)

صافین(2)

ھوالشافی: تخم بکائن۔ تخم نیم۔ شاہترہ۔ چرائتہ شیریں مکدہ ۲۵۰ گرام، تخم سرس۔ چاکسو۔ افسنتین۔ گلسرخ مکدہ ۱۰۰ گرام، عشبہ۔ گل منڈی۔ سرپھوکہ۔ سونف مکدہ ۵۰ گرام۔ تمام ادویہ کو دس گنا پانی میں شب بھر بھگوئیں صبح فی کلو دواء کے حساب سے ۷ لیٹر عرق کشید کریں اور اس میں قند سفید ملا کر قوام کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین چمچ دن میں تین بار۔

فوائد: مصفی خون۔ اسقاط اعتیادی۔ سوداوی امراض میں مفید ہے۔

سرطان دماغی(2)

ھوالشافی(124): نمک آملہ۔ نمک ہلیلہ۔ زرشک شیریں۔ ہالیوں۔ کلونجی۔ دارچینی۔ سنائے مکی۔ فلفل دراز۔ گلسرخ۔ دانہ الائچی کلاں۔ جدوار خطائی۔ عود صلیب مکدہ ۱۰۰ گرام۔ دس گنا پانی میں شب بھر بھگو کر صبح جوش دیں اور جوشاندہ لیکر شربت تیار کریں

مقدار خوراک: ۱۰ سے ۳۰ ملی لیٹر شربت قہوہ نانخواہی میں ڈال کر پلائیں۔ ساتھ

خمیرہ گاؤزبان جدوار عود صلیب والا (اجمل پاکستان) استعمال کرائیں۔

فوائد: دماغی سرطان میں مفید ہے۔

قے روک (2)

ھوالشافی: ست لیموں ۵۰ گرام، نمک خوردنی ۱۰ گرام، قند سفید ۵ کلو۔ اڑھائی کلو پانی میں شربت کا قوام کرلیں۔

مقدار خوراک: بقدر ایک چمچ تھوڑا تھوڑا چاٹیں۔

فوائد: کھاریت کے سبب آنے والی قے روکتا ہے۔ ازحکیم اختیار نوید گوجرہ

جوشاندہ (2)

مطبوخ ھیضہ (2)

ھوالشافی: لونگ ۳ عدد، دارچینی چنے برابر، پانی ڈیڑھ کپ میں پکائیں جب پون کپ رہے تو قند سفید ڈالیں اور حل ہونے پر اتار کر پن لیں۔

مقدار خوراک: چائے کی طرح چسکیوں سے تھوڑا تھوڑا پی لیں۔

فوائد: ھیضہ میں جب آنکھیں کھنچ جائیں اور نبض ڈوب جائے تو بفضلہٖ تعالیٰ فائدہ دیتا ہے۔ فشار الدم کی کمی اور کھاری ڈکاروں میں مفید ہے۔

خیساندہ (2)

(مزمن سوداوی امراض۔ فشار الدم قوی۔ جلن۔ السر میں استعمال نہ کرائیں)

نقوع برص (2)

ھوالشافی: چاکسو۔ بابچی۔ تخم پنواڑ۔ انجیر زرد مکدہ ۵۰ گرام، جند بیدستر ۶ گرام۔

تمام اجزاء خوب باریک کریں۔

طریقہ استعمال: ۶ گرام دواء+۵۰ ملی لیٹر پانی شب بھر بھگوئے رکھیں۔ صبح آب زلال پلائیں اور پھوگ داغوں پر لگائیں۔ اگر دانے نکلیں تو ضماد روک دیں لیکن زلال جاری رکھیں۔ دانے ٹھیک ہونے پر دوبارہ لگانا شروع کردیں۔ تین ماہ میں فائدہ ظاہر ہوگا۔

ھاضمین (2)

ھوالشافی: لہسن ۱۴۴ گرام، ایسی ٹک ایسڈ۔ نمک۔ زیرہ اعلیٰ مکدہ ۱۲۰ گرام، فلفل سیاہ ۲۷ گرام، دارچینی۔ پیاز۔ زنجبیل مکدہ ۶۰ گرام، فلفل احمر ۴۸ گرام، قرنفل ۳۶ گرام، چینی 1 کلو، پانی ابلا ہوا ۱۶۱ لیٹر۔ تمام ادویہ جوکوب کر کے پانی میں ۲ ہفتہ تک بھگوئیں پھر پن کر اس میں ایسی ٹک ایسڈ ملالیں۔

مقدار خوراک: ۶ سے ۱۲ گرام کسی شربت یا چٹنی میں ڈال کر کھلائیں۔

فوائد: سوءِ ہضم مزمن۔ قبض دائمی۔ کمی خون۔ زحیر مزمن۔ ضعف اشتہاء۔ اسہال۔ ضعف باہ۔ ضعف دماغ وغیرہ شکایات میں مفید ہے۔

قطور (2) DROPS

ثقل سماعت (2)

ھوالشافی: آب کبر سبز نچوڑ کر تین تین قطرے کان میں ڈالیں۔

فوائد: چندروز میں ہر قسم کا بہرہ پن دور ہو کر معمولی بات بھی سنائی دینے لگے گی۔

☆☆☆ سبز نہ ملے تو خشک کوٹ کر پانی میں جوش دے کر جوہر حاصل کرلیں۔

☆☆☆ روغن سرشف میں پنج انگ جلا کر صاف کرلیں اور کان میں ڈالیں.

نوٹ: کان میں زخم کی صورت میں استعمال نہ کریں ورنہ جلن پیدا کرے گے.

سرمہ (2) COLLRYUM

سرمہ نورانی (2)

ھوالشافی (125): شب یمانی۔کلاہ قرنفل مکد ۵۰ گرام، رازیانہ ۳۰ گرام. انتہائی باریک کریں.

طریقہ استعمال: بوقت شب خواب آنکھوں میں بطور سرمہ لگائیں.

فوائد: ہر اعصابی ومخاطی مرض کے لئے تیر بہدف ہے.

سنون (2) TOOTH POWDER

منجن بوئے دھن (2)

ھوالشافی: شب یمانی۔گندھک آملہ سار مکد ۵۰ گرام. خوب باریک کر کے ملالیں اور شیشے کی بوتل میں محفوظ رکھیں.

طریقہ استعمال: دانتوں ومسوڑھوں پر ملیں.

فوائد: رطوبات فاسدہ خوب خارج ہوں گی اور منہ سے ہر قسم کی بدبو دور ہو جائیگی.

سفوف وجع السن (2)

ھوالشافی (24): فلفل سرخ کلاں تازہ چیر کر نمک بھر دیں. نمک پر شیر مدار اس قدر ڈالیں کہ تر ہو جائے. جس قدر دواء کی ضرورت ہو اس قدر مرچیں تیار کر کے کوزہ میں بند کر کے ۲ سیر اپلوں کی آگ دیں، سرد ہونے پر جو کچھ برآمد ہو باریک

کر کے محفوظ کرلیں.

طریقہ استعمال: بوقت ضرورت قدرے دانتوں پر مل کر ڈھیلا چھوڑ دیں. منہ سے گندہ پانی بہہ نکلے گا.

فوائد: دانت درد سے نجات حاصل کرنے کے لئے مفید ہے.

مرہم (2) PASTE

مرہم شب یار (2)

ھوالشافی: سیندھور ۵۰ گرام، صبر سقوطری ۱۰ گرام، نیلا تھوتھا ۳ گرام، روغن سرشف ۲۵۰ ملی لیٹر. روغن کو کڑاہی میں گرم کر کے ادویہ مسفوف ملا کر لوہے کی چھری وغیرہ سے ہلاتے رہیں. جب رنگ سیاہ ہو جائے تو اتار لیں.

طریقہ استعمال: مقام ماؤف کو جوشاندہ نیم سے صاف کر کے خشک کریں پھر کپڑے پر مرہم لگا کر مقام ماؤف پر چپکا دیں.

فوائد: پرانے زخم۔پھوڑے۔پھنسی وغیرہ.

مرہم جادو (2)

ھوالشافی: مردار سنگ۔کوڑ۔کمیلہ۔کالی زیری مکد ۱۲۰ گرام، نیلا تھوتھا ۱۰ گرام جملہ ادویہ سرمہ ساں کر کے روغن سرشف کا چھینٹا دے کر کھرل کر کے مرہم بنالیں.

طریقہ استعمال: مقام ماؤف کو جوشاندہ نیم سے دھو کر خشک کرلیں اور مرہم کپڑے پر لگا کر قابل برداشت گرم کر کے چسپاں کر دیں پھر دن میں تین بار سینکیں

فوائد: چھوت دار پھنسیاں جو پانی لگ کر آگے بڑھتی ہیں اور عموماً ہاتھوں وسر پر نکلا

کرتی ہیں، کے لئے بے خطا تیر ہے، ۴۔۵ دفعہ لگانے سے ٹھیک ہوجاتی ہیں۔

محلل اعظم(2)

ھوالشافی: بیخ کبر ۵۰ گرام، اشق ۱۰ گرام، مقل ارزق۔ مصبر۔ زراوند مدحرج ۔خردل سرخ۔ مصبر۔ تخم ترب مکد ۲۰ گرام۔ ادویہ سائیدہ سرکہ حسب ضرورت میں گھوٹ کر مرہم بنالیں۔

طریقہ استعمال: ماؤف جگہ پر لگائیں۔ تحلیل اورام کیلئے سرکہ میں گھوٹ کر ورم پر لگائیں

فوائد: سرطان۔ خنازیر۔ سلعہ۔ ثالیل۔ بہق۔ برص۔ کلف۔ نمش۔ ورم طحال۔ ورم الکبد۔ ذات الجنب۔ ورم رحم۔ ورم مثانہ وغیرہ میں مفید ہے۔

روغن (2) OIL

(مزمن سوداوی امراض۔ فشار الدم قوی۔ جلن۔ السر میں استعمال نہ کرائیں)

روغن فالج(2)

ھوالشافی: مالکنگنی ۵۰ گرام، اذراقی۔ قرنفل ہر ایک ۱۰ گرام، روغن کنجد ۲۵۰ ملی لیٹر۔ تمام ادویہ تیل میں جلا کر پن لیں۔

طریقہ استعمال: مقام ماؤف پر قدرے تیل کی مالش کر کے اوپر کپڑا باند کر

فوائد: اوجاع بدنی۔ ریم گوش۔ بہراپن۔ گنٹھیا۔ فالج۔

روغن فالج زنجبیلی(2)

ھوالشافی: قسط تلخ۔ زنجبیل مکد ۳۵ گرام، جائفل ۲۵ گرام، بیش ۱۸ گرام،

آب برگ جوز ماثل۔ روغن کنجد مکد ۵۰۰ ملی لیٹر۔ روغن کنجد میں جملہ ادویہ جلا کر تیل کو نیمگرم حالت میں صاف کرلیں۔

طریقہ استعمال: مقام ماؤف پر روغن کی مالش کر کے بھاپ لیں۔

فوائد: کثرت سے پسینہ آ کر سارے جسم کے مسام کھل جاتے ہیں۔

روغن فالج پین والا(2)

ھوالشافی: سم الفار سفید۔ خراطین۔ چربی ریچھ۔ چربی شیر۔ شنگرف رومی۔ جائفل۔ جوتری۔ لونگ۔ بیر بہوٹی۔ ہڑتال ورقیہ مکد ۱ تولہ، جند بیدستر ۶ گرام، روغن کنجد ۲۵۰ ملی لیٹر، روغن زیتون ۱۰۰ ملی لیٹر، موم ولایتی ۵ تولہ، روغن پین۔ روغن مچھلی مکد ۲ تولہ، مغز (مکھ) کھر گاؤ ۲ عدد، سم الفار۔ شنگرف۔ جائفل۔ جوتری ۔لونگ روغن کنجد میں جلا کر صاف کرلیں پھر موم اور چربیوں کو ڈال کر پگھلائیں اور خراطین۔ بیر بہوٹی۔ ورقیہ وزعفران کھرل کر کے ملادیں۔ آخر میں نیچے اتار کر دونوں روغن ملا کر محفوظ کرلیں۔ (سنیاسی محمد سبحان ۳۵ گ۔ب ستیانہ)

طریقہ استعمال: مقام ماؤف پر لگا کر اوپر پلاسٹک لپیٹ دیں اور روئی رکھ کر باندھ دیں۔ پہلے دن چوبیس گھنٹے بعد، دوسرے اور تیسرے دن بارہ بارہ گھنٹے بعد کھول دیا کریں۔

فوائد: فالج۔ شلل۔ کجی کے لئے بطور طلاء استعمال کریں۔

روغن اوجاع(2)

ھوالشافی: جائفل ۵۰ گرام، پیاز۔ لہسن ہر ایک ۱۰ گرام، کونپل نیب۔ کونپل برگد۔ کونپل پیپل ہر ایک ۷ عدد، روغن سرشف ۱۱۰ ملی لیٹر۔ تمام ادویہ روغن میں جلا کر

پن لیں۔

طریقہ استعمال: ماؤف جگہ پر بطریق معروف مالش کریں اور اوپر کپڑا باندھ دیں تا کہ ہوا لگ کر مسامات بند نہ ہو جائیں۔

فوائد: ہر قسم کی درد کے لئے مفید ہے۔

روغن اوجاع (2)

ھوالشافی: افیون۔تخم جوز ماثل۔مالکنگنی۔عقرقرحا مکدہ ۱۰ گرام، روغن کنجد ۲۵۰ گرام۔ جملہ ادویہ روغن کنجد میں جلا کر صاف کر لیں۔

طریقہ استعمال: ماؤف جگہ پر مالش کریں۔

فوائد: جسم کے کسی بھی حصہ کے درد کو تسکین دیتا ہے۔

روغن قسط (23)

ھوالشافی: رتن جوت۔بیروزہ خشک۔قسط تلخ۔موم سفید ۸۰ گرام، روغن کنجد ۷۵۰ ملی لیٹر۔ رتن جوت کو ایک کلو پانی میں ڈال کر خوب جوش دیں۔ جب ڈیڑھ پاؤ رہ جائے تو دیگر ادویہ کے ساتھ تیل میں پکائیں، صرف تیل رہنے پر صاف کر لیں۔

طریقہ استعمال: ماؤف جگہ پر مل کر بھاپ دیں۔

فوائد: وجع المفاصل میں مفید ہے۔

روغن کسر العظم (2)

ھوالشافی: رتن جوت ۲۵۰ گرام، روغن تارپین ۵۰ گرام، کافور ۲۵ گرام، روغن کنجد 1 کلوگرام، رتن جوت کو روغن کنجد میں جلا کر پن لیں پھر بقیہ ادویہ ملا لیں۔

طریقہ استعمال: مقام ماؤف پر نیمگرم مالش کریں۔

فوائد: ٹوٹی ہوئی جلد جڑ جاتی ہے۔

روغن برص (2)

ھوالشافی: روغن کنجد ۱۲۰ گرام، باؤچی ۳۰ گرام، کروٹن آئل ۱۰ گرام۔ باؤچی کو روغن کنجد میں جلا کر پن لیں پھر اس میں کروٹن آئل ملا لیں۔

مقدار خوراک: برص۔بہق۔چھیپ کے لئے مفید ہے۔

فوائد: جلد پر طلاء کریں۔

مستورات (2) FEMALE SPECIAL

(مزمن سوداوی امراض۔ فشار الدم قوی۔ جلن۔ السر میں استعمال نہ کرائیں)

حیضول (2)

ھوالشافی: صبر سقوطری۔ مرمکی۔ ریوند خطائی مکد ۱۰۰ گرام، کشتہ فولاد۔ حلتیت۔ زعفران مکد ۵۰ گرام. حلتیت و مرمکی کو نصف لیٹر پانی میں پکائیں جب حل ہو جائیں تو باریک کپڑے سے چھان لیں اور زلال آگ پر رکھیں، گاڑھا ہونے لگے تو بقیہ ادویہ سائیدہ ملا کر اتار لیں اور نخودی گولیاں بنالیں. صبر شامل ہے اس لیے سایہ میں خشک کریں.

مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ دیں.

فوائد: عورتوں کی پوشیدہ امراض کا شافی علاج ہیں۔ احتباس، قلت و عسر الطمث۔ ایام میں وجع القطن و اعضاء شکنی۔ ضعف الکبد۔ قلت الدم۔ بےقاعدگی طمث۔ نفخ معدہ۔ اختناق الرحم میں بیحد مفید ہیں.

حب مدر (2)

ھوالشافی: مجیٹھ ۴۰۰ گرام، افسنتین رومی ۲۰۰ گرام، عقاب ۱۰۰ گرام. خوب باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں.

مقدار خوراک: نصف سے دو گرام ہمراہ آب تازہ.

فوائد: احتباس طمث۔ عظم الطحال۔ اکثر سوداوی امراض میں مفید ہے.

مستورین (2)

ھوالشافی: تخم حرمل ۲۰۰ گرام، کشتہ بیضہ خروس ۵۰ گرام، رسکپور ۳ گرام. الگ الگ سرمہ ساں کر کے ملا کر کھرل کر لیں.

مقدار خوراک: ۵ رتی (مکھن یا کیپسول میں رکھ کر) ہمراہ دودھ صبح و شام دیں.

فوائد: سیلان الرحم۔ جریان الرحم میں مفید ہے. (صرف تجربہ کار معالجین کے لئے)

مسہل نسانی (2)

ھوالشافی: تخم حرمل ۱۰۰ گرام، صبر سقوطری۔ شحم حنظل ہر ایک ۵۰ گرام. تمام اجزاء خوب باریک کر کے نخودی گولیاں بنالیں.

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی ہمراہ قہوہ یا تازہ پانی دن میں تین چار بار.

فوائد: مسہل سوداء۔ لیکوریا۔ احتباس طمث سوداوی۔ مقوی باہ۔ ممسک۔ سلسل البول۔ ارتفاع قضیب و خصیہ۔ کھاری ڈکاریں۔ فشار الدم ضعیف۔ بطوء القلب۔ عظم الطحال۔ لیکوریا۔ فالج مخاطی (چپ)۔ لقوہ۔ ملیریا۔ دمہ خالص۔ سمن مفرط.

سفوف مسقط (2)

ھوالشافی: زراوند۔ ابہل مکد ۱۵۰ گرام، تج ۷۰ گرام، بندال ڈوڈہ ۳۰ گرام، فرفیون ۱۰ گرام. باریک کپڑ چھان کر لیں.

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام صبح و شام ہمراہ مدر النساء / دودھ نیمگرم.

فوائد: فضولیات رحم خارج کرتا ہے.

حب انھراہ (2)

ھوالشافی: دھماسہ۔ شاہترہ مکد ۱۰۰ گرام. باریک کپڑ چھان کر لیں.

مقدار خوراک: نصف گرام صبح وشام......ایک ماہ بعد صرف صبح کی وقت دیں.

فوائد: اٹھراہ واسقاط خصوصاً بوجہ برودت بدن وخرابی خون.

اکسیر نسواں (2)

ھوالشافی: ابہل ۵۰ گرام، مرمکی ۴۰ گرام، رائی سرخ باریک ۳۰ گرام، صبر سقوطری ۲۰ گرام، تخم حرمل۔ ہینگ۔ زعفران مکدہ ۱۰ گرام. خوب باریک کر کے آب برگ کپاس سے نخودی گولیاں بنالیں.

مقدار خوراک: اسے ۲ گولی ہمراہ دودھ الائچی سونف والا دیسی گھی ڈال کر صبح وشام تا حصول مقصد (تقریباً ایک سے تین ماہ) استعمال کرائیں.

فوائد: قلت طمث۔ عسر طمث۔ بیقاعدگی ایام۔ ایام سے قبل اعضاء شکنی۔ کمی خون۔ دائمی دردسر۔ نفخ معدہ۔ اختناق الرحم۔ ایام کی خرابی سے چہرے کی چھائیاں رفع ہوکر مریضہ تندرست، سرخ رنگ اور طاقتور ہو جاتی ہے. قبل از وقت احتباس طمث جاری کرتا ہے۔ مردہ جنین خارج کرنے میں ممد ہے.

مفید النساء (2)

ھوالشافی (23): مجیٹھ۔ سوئے۔ نانخواہ۔ میتھے۔ تخم سن مکدہ ۵۰ گرام، بندال ڈوڈا ۲۰ گرام، سکری کپاس ۱۰۰ گرام، قندسفید ۲ کلوگرام. دس گنا (۴ لیٹر) پانی میں شب بھر بھگوئیں، صبح جوشدیں جب نصف رہے تو پن کر قوام کرلیں.

مقدار خوراک: ۵۰ ملی لیٹر صبح وشام.

فوائد: قلت طمث۔ احتباس طمث۔ باؤ گولا۔ معین۔ دافع عقر.

☆☆☆ شدید صورتوں میں ایک بوتل (۷۵۰ ملی لیٹر) ایک ہفتہ میں ختم کریں.

مدر النساء (2)

ھوالشافی: سیکری کپاس ۱۱۰ گرام، ابہل۔ املتاس مکدہ ۷۰ گرام، مجیٹھ۔ کلونجی۔ میتھے مکدہ ۴۰ گرام، بندال ڈوڈہ ۳ گرام. قندسفید ۳ کلوگرام. تمام ادویہ ۴ لیٹر پانی میں شب بھر بھگوئیں صبح جوشدیں. جوشاندہ میں قندسفید کا قوام کرلیں.

مقدار خوراک: ایک سے چار چمچ نیمگرم دودھ میں ڈال کر پیئیں.

فوائد: مدر طمث۔ مفتح سدد۔ منقی رحم.

شربت نسائی (2)

ھوالشافی: شکاعی۔ بادآورد۔ افسنتین۔ شاہترہ۔ چرائتہ۔ مکوخشک مکدہ ۲۴ گرام میں اسقدر پانی ڈالیں کہ ایک بوتل عرق کشید ہو جائے. اس عرق میں سوا سیر قندسفید ڈالکر قوام کریں بعد تیاری کے اس میں ایکسٹریکٹ ارگٹ لیکوئڈ ایک اونس شامل کریں

مقدار خوراک: ۱۲ گرام صبح وشام ہمراہ عرق مکو یا بادیان یا شیر گاؤ وغیرہ دیں.

فوائد: سیلان الرحم۔ ورم الرحم۔ اختناق الرحم۔ ضعف الرحم۔ خارش اندام نہانی۔ کثرت بول۔ عسر الطمث۔ حمل قرار نہ پانا وغیرہ امراض کے لئے اکسیر ہے.

☆☆☆ حاملہ عورت کو ہرگز استعمال نہ کرائیں. (لقمان اپریل ۱۹۵۱ء)

شافہ مدر (2)

ھوالشافی: مرمکی ۴۰ گرام، ایلوا ۲۰ گرام، حنظل ۵ گرام. تمام اجزاء خوب باریک کر کے کپڑ چھان کرلیں.

طریقہ استعمال: مخروطی بتی مثل چلغوزہ بنا کر رحم میں رکھوائیں.

فوائد: احتباس طمث سوداوی۔ قلت طمث سوداوی.

روغن شباب (2)

ھوالشافی (21): آملہ۔ بلیلہ۔ ہلیلہ۔ ہلیلہ زنگی۔ بالچھڑ۔ چھڑیلا۔ گندھک آملہ سار۔ تیزپات۔ سُعد کوفی۔ گلسرخ۔ سیکا کائی۔ برگ حنا۔ گل حنا۔ عقرقرحا۔ حب الآس۔ گلنار ملکہ ۶۰ گرام، روغن سرشف ۲ لیٹر، روغن زیتون ۷۵۰ ملی لیٹر۔ تمام ادویہ 1 لیٹر پانی میں شب بھر بھگوئیں صبح جوشدیں اور جوشاندہ لے کر روغن سرشف میں پانی جلادیں۔ پھر اتار کر روغن زیتون کا اضافہ کرلیں۔

طریقہ استعمال: سر کو اچھی طرح دھو کر تولیہ سے خشک کر کے صبح وشام لگائیں۔

فوائد: قبل از وقت بیاض شعری۔ بالوں کے گرنے کو روکتا ہے۔

رجال(2) MALE SPECIAL(2)

(مزمن سوداوی امراض۔ فشار الدم قوی۔ جلن۔ السر میں استعمال نہ کرائیں)

زدجام عشق جدید(2)

ھوالشافی: زعفران۔ دارچینی۔ جوتری۔ آب گل۔ جوز ماثل۔ عقرقرحا۔ مصطگی رومی۔ شنگرف۔ قرنفل۔ عنبر اشہب۔ جند بیدستر ہر ایک ۱۰ گرام۔ تمام اجزاء نہایت باریک کر کے شہد سے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ صبح وشام بعد طعام۔ بوقت ضرورت ایک سے تین گولی ہمراہ ایک کلو دودھ نیمگرم مغرب کے وقت کھالیں۔ اس دن دوپہر کے بعد کھانا نہ کھائیں بلکہ کیلے وغیرہ استعمال کریں۔

فوائد: شدید محرک باہ ہے۔

حب طلائی جدید(2)

ھوالشافی: تج ۱۸۰ گرام، رب اذراقی ۳۶ گرام، جائفل ۲۴ گرام، شنگرف مدبر ۱۲ گرام، کستوری ۲ گرام، سم الفار 1 گرام۔ تمام ادویہ عرق بیدمشک میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں اور مرگانگ کا کوٹ کرلیں۔

مقدار خوراک: ۲ گولی ہمراہ دودھ بعد از غذاء صبح وشام۔

فوائد: انتہائی مقوی باہ ہے۔ (دودھ زیادہ استعمال کریں)

☆☆☆ بدنی رطوبات پوری ہوں تو طاقت کی لہریں عضلات میں جمع ہوجاتی ہیں جسے ہم طاقت اور لذت کہتے ہیں لیکن اگر بدن پر گوشت کم ہو اور پیدا شدہ جوش و

حرکت محفوظ کرنے والی کوئی چیز نہ ہو تو پھر اعصاب میں تشنج شروع ہو جاتا ہے اس لئے دبلے بدن والے اور مریضان احتلام استعمال نہ کریں۔

حب ذوق شباب (2)

ھوالشافی: کیلشیم لیکٹیٹ ۱۶۰ گرام، شنگرف۔رب ڈمیانہ مکد ۳۲ گرام، رب اذراقی۔رب نعناع مکد ۱۶ گرام، کستوری 1 گرام۔ کستوری کو ۳۶ ملی لیٹر گلاب میں حل کر کے تینوں رب ملالیں پھر کیلشیم لیکٹیٹ ملا کر نخودی حبوب بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ گولی ہمراہ دودھ بعد از غذاء صبح وشام۔

فوائد: طاقت رجولیت قائم رکھنے کیلئے ذمہ دار ثابت ہوئی ہے۔زائل شدہ طاقت بحال کرتی ہے۔سرعت انزال۔جریان میں مفید ہے۔حشفہ پر طلاء کر کے جماع کرنے سے شہوت نسوانی کو برانگیختہ کر کے رحم کو قبول نطفہ کیلئے مستعد کر دیتی ہے۔

حلوہ مقوی باہ (2)

ھوالشافی: خراطین مصفی ۱۰ گرام، کرم مخملی ۳ عدد، سوجی گندم۔مصری مکد ۵۰ گرام یا معمولی کم وبیش کر سکتے ہیں۔ بطریق معروف حلوا تیار کریں۔

مقدار خوراک: یہ ایک خوراک ہے۔

فوائد: بیحد مقوی باہ ہے۔

جام سرور (2)

ھوالشافی: شنگرف رومی۔جوز بوا۔عقرقرحا۔کافور۔شقاقل مصری خالص مکد ۲۰ گرام، جند بیدستر۔زعفران مکد ۱۰ گرام، کرم مخملی ۲۰ عدد۔ تمام اجزاء کھرل کر کے بقدر کوکنی بیر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: بوقت ضرورت ایک گولی دودھ سے کھلائیں۔ اس روز غذاء نہ دیں بلکہ صرف دودھ پلائیں۔

فوائد: امساک وتقویت باہ کیلئے خاص دواء ہے۔ انزال کے لئے سرد پانی پلائیں

امساکی (2)

ھوالشافی: قرنفل۔دارچینی۔بسباسہ۔زعفران۔خولنجاں۔دانہ ہیل بوا خورد۔بہمن سفید۔بہمن سرخ مکد ۳ گرام، ورق طلاء۔عنبر اشہب۔مشک مکد ۴ رتی، موچرس ۱۱ گرام، مصری کوزہ ۱۸ گرام۔ باریک کپڑ چھان کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام صبح وشام ہمراہ دودھ نیمگرم۔

فوائد: سرعت انزال۔ضعف بعد جماع۔ (حکیم عقیل ۶۴ ج۔ب)

حب ممسک ماھی (2)

ھوالشافی (72): ریگماہی۔جوتری مکد ۴۰ گرام، جائفل۔سمندر سوکھ مکد ۲۰ گرام، زعفران ۱۲ گرام، کشتہ قلعی ۱۰ گرام، زہر مہرہ ۵ گرام، ورق نقرہ حسب ضرورت۔ پہلی چاروں ادویہ خوب باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔ زہر مہرہ سرمہ ساں کر کے اس میں زعفران کھرل کر لیں۔ پھر کشتہ قلعی پانی میں کھرل کر کے محلول بنائیں اور جملہ مسفوف ادویہ اس میں گوندھ کر بقدر فلفل گرد گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: دو گولی ہمراہ دودھ نیمگرم ۲ گھنٹہ بعد طعام ۲/۱ گھنٹہ قبل مقاربت

فوائد: مقوی باہ۔ممسک طبعی ہے۔

محرک و ممسک (2)

ھوالشافی (32): ثعلب مصری۔ شیطرج ہر ایک ۳۰ گرام، کباب چینی۔ خراطین۔ شنگرف۔ جند بیدستر۔ ریگماہی۔ دارچینی۔ قرنفل۔ عقرقرحا۔ خولنجاں۔ مصطگی رومی ہر ایک ۱۰ گرام۔ نہایت باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: نصف گرام (۴ رتی) بعد ناشتہ روزانہ یا ۲ گرام ضرورت سے ۶ گھنٹہ قبل ہمراہ دودھ ملائی استعمال کریں۔

فوائد: باہ کو تحریک دیتا ہے اور امساک پیدا کرتا ہے۔

طلاء (2)

آبلہ انگیز (2)

ھوالشافی (23): دارچینی۔ عقرقرحا ہر ایک ۱۰ گرام، حب السلاطین ۱۱ عدد، شہد خالص حسب ضرورت۔ دونوں ادویہ نہایت باریک کر کے شہد میں ملائیں کہ ویزلین کی طرح نرم ہو جائے۔

طریقہ استعمال: عضو تناسل کو نیمگرم پانی کی دھار سے دھو کر سپاری و حشفہ چھوڑ کر بطور آبلہ انگیز لگائیں اور پر پان کا پتہ نیمگرم کر کے باندھ دیں۔ تین گھنٹہ بعد پتہ اتار کر نیمگرم پانی کی دھار سے دھوئیں اور روغن گل لگائیں اگر آبلہ بن جائے تو سادہ مشین کا تیل لگائیں ٹھنڈک پڑ جائے گی۔

فوائد: جس کا عضو سیاہ ہو چکا ہو اور شہوت نام کو نہ رہی ہو، ان کے عضو میں خون جذب کرا کے بند شدہ نسوں کو کھولتا ہے۔

طلاء مجلوق (2)

ھوالشافی: بیخ گل نرگس شیر گاؤ میں ڈال کر ۳ روز رکھیں پھر کھرل کرنا شروع کریں حتیٰ کہ یکجان ہو جائے۔

طریقہ استعمال: قدرے عضو تناسل پر مالش کر کے اوپر کپڑا باندھ کر۔ یہ عمل صبح و شام ۱۴ روز تک کریں۔ پانی اور مجامعت سے پرہیز کریں۔

فوائد: عضو تناسل کی تمام خرابیاں۔ کجی۔ لاغری اور سستی دور ہو کر سختی آ جائے گی اور قابل مباشرت ہو کر سات عورتوں کیساتھ مجامعت کی طاقت پیدا ہو گی۔ چشم دیدہ مجرب ہے۔

طلاء ملذذ (2)

ھوالشافی (23): قرنفل۔ گندھک آملہ سار مکد ۶۰ گرام، شنگرف۔ دارچینی مکد ۴۰ گرام، ہڑتال سرخ۔ ہڑتال ورقیہ مکد ۲۰ گرام، سم الفار ۱۰ گرام، گھی ۲۴۰ گرام۔ تمام ادویہ سائیدہ گھی میں ملا کر کپڑے پر لیپ کریں اور کپڑے کی گول بتی بنا کر ایک سرے سے چمٹے کے ساتھ پکڑ کر نچلے سرے کو آگ لگا دیں اور نیچے ایک پیالی رکھ دیں تا کہ جلنے پر گرنے والا روغن پیالی میں جمع ہوتا رہے۔ پھر جمع شدہ روغن محفوظ کر لیں۔

طریقہ استعمال: حشفہ چھوڑ کر عضو مخصوص پر لگائیں۔

فوائد: کجی۔ لاغری۔ کوتاہی۔ عضو کی سیاہ رنگت درست کرتا ہے۔ انتہائی ملذذ ہے

بالین (2)

ھوالشافی (13): روغن کنجد ۲۵۰ ملی لیٹر، ٹنکچر کینتھر یڈس 1 اونس (۲۸ گرام)،

مسٹرڈ آئل۔ کروٹن آئل ملکہ ۳ ڈرام (۱۱ ملی لیٹر، ۱۸۰ قطرے)، رات کی رانی (خوشبو) ۱۵ قطرہ۔ سب اجزاء اچھی طرح ملالیں۔

طریقہ استعمال: بالوں کو دھو کر خشک کر کے لگائیں۔

فوائد: بالوں کو بڑھانے، سیاہ کرنے اور کمزوری شعر و گنج کے لئے مفید ہے۔ گنج و بالچر بہت جلد رفع ہو کر بال پیدا ہو جاتے ہیں۔

محرک جگر و غدد ناقلہ

قشری عضلاتی (گرم خشک)

تحریک نمبر (3)

قشری عضلاتی تمام نسخہ جات کا مزاج گرم خشک ہوتا ہے۔ یہ نسخہ جات جگر و غدد ناقلہ کو کیمیاوی طور پر تحریک دیتے ہیں اور ریح (اجزاء ہوائیہ) کی تیزی کو توڑتے رہتے ہیں۔ انہیں عضلاتی (خشک) امراض کے لئے بالا مالہ، قشری (گرم) امراض کیلئے بالمثل، اعصابی (تر) امراض کے لئے بالجذب یا اور مخاطی (سرد) امراض کے لئے بالضد کے اصول پر حسب ضرورت استعمال کیا جاتا ہے۔ مرض کی شدت یا خفت کو مدنظر رکھتے ہوئے دواء کی مقدار کم وبیش کی جاسکتی ہے۔ شدید صورتوں میں ملین، مسہل، اکسیر یا تریاق دس یا پندرہ منٹ کے وقفہ سے دیا جاتا ہے جیسے جیسے مرض کا زور کم ہوتا جاتا ہے دواء کا وقفہ بڑھا کر تین یا چار گھنٹے کر دیتے ہیں۔

☆☆☆ جن مریضوں کو تیز بیت کے زخم یا جلن کی شکایت ہو انہیں بالضد کے اصول پر پہلے اعصابی قشری نسخہ جات استعمال کرائیں تا کہ تیزابیت کا زور ٹوٹ جائے پھر دائمی علاج کے لئے نمبر 3 کے نسخہ جات استعمال کرائے جاسکتے ہیں۔

فہرست ادویہ قشری عضلاتی مزاج (3)

نام دواء	گروہ	نام دواء	گروہ	نام دواء	گروہ
کیمیاوی رمعدنی		نباتاتی		غذائی	
ہڑتال ورقیہ	۷.۵	زعفران	۵.۸	سونٹھ	۵.۶
ہڑتال گئودنتی	۷.۹	کتائی خورد	۶.۱	پودینہ کوہی	۸
گندھک آملہ سار	۸	بندال ڈوڈہ	۶.۳	آب مولی	۵
		ست پودینہ	۷	آم شیریں	۷.۵
		ست اجوائن	۷.۵	پپیتہ شیریں	۷.۱
		اجوائن دیسی	۸		
		رائی	۷.۵		
		خوب کلاں	۸		
		اندر جو تلخ	۹		
		سورنجاں تلخ	۸		
		پوست ریٹھہ	۶		
		خولنجاں	۸		
		صعتر	۵	تیزپات	۸
		ابہل	۸	نرکچور	۶
		پپیتہ خام	۷.۱	برگ سورج مکھی	۸
		اجمود	۶	کوٹ	۷.۱
		رال سفید	۷.۵	کپور کچری	۷.۸

علاج بالغذاء (3)

ناشتہ: آٹا مونگ میں حلوہ زردی انڈا۔ مربہ آم۔ بادام+سوگی۔ ادرک ۵۰ گرام کوٹ کر پیاز کا تڑکہ لگا کر پکائیں پھر تین عدد دیسی انڈے کی زردی ڈال کر نیم پختہ توش کے ساتھ کھائیں اوپر سے قہوہ پودینہ اجوائن پیئیں۔ گرمیوں میں زردی انڈا کی جگہ بادام ڈالیں۔ کھجور ۵ گرام زعفران الائچی والے دودھ سے کھائیں۔

دوپہر: چٹنی پودینہ۔ چٹنی نیاز بو۔ ساگ سرسوں۔ ساگ بھکھڑا۔ گوشت اونٹنی میں کدو، ادرک، گھیا توری ڈالکر پکائیں اور گندم کی روٹی سے کھالیں۔

رات: صبح یا دوپہر والی غذاء کھائیں۔

مشروب: قہوہ پودینہ+اجوائن۔ قہوہ پودینہ ادرک۔ قہوہ زعفران+سونٹھ۔ ملک شیک آم۔ گوشت بکرا کی یخنی میں ادرک+کالی مرچ پکا کر پیئیں۔

مصالحہ جات: رائی۔ تیزپات۔ پودینہ۔ سونٹھ۔ پیاز سفید۔ زعفران۔ نمک سیاہ۔ نمک سانبھر۔ نمک نلی۔

روغنیات: روغن تارہ میرہ۔ روغن رائی۔

پھل: آم چونسا۔ آم دسہری۔ پپیتہ۔ کھجور تازہ۔

مقبول طبی شفاخانہ

موتی مسجد رچنا ٹاؤن-2 اللہ ہو روڈ۔ ستیانہ روڈ فیصل آباد

0321-6652523, 0300-7282992

محرک(3) STIMULANT(3)

ھوالشافی (۳) رائی سرخ۔ تیزپات ہر ایک ۵۰ گرام۔ دونوں کا نہایت باریک سفوف بنا کر کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گرام ہمراہ قہوہ یا تازہ پانی دن میں تین بار۔

فوائد: دردمعدہ وامعاء۔ بے چینی۔ ریاح شکم۔ یورک ایسڈ کی زیادتی۔ سنگ گردہ ومثانہ۔ ہیضہ۔ اسہال سوداوی۔

ہلاس مرگی(3)

ھوالشافی: عقرقرحا سرمہ ساں کرکے محفوظ رکھیں۔

طریقہ استعمال: مریض مرگی کو بطریق معروف نسوار دیں۔

فوائد: مرگی کے لئے مفید ہے۔ اگر نسوار دینے سے چھینک آجائے تو مریض تندرست ہوجائے گا ورنہ نہیں۔

سفوف چھپاکی(3)

ھوالشافی(24): [illegible] ۱ گرام خوب باریک کرکے برابر نمک ملا لیں۔

مقدار خوراک: یہ ایک خوراک ہے۔ ضرورت ہو تو دو گھنٹہ بعد مزید ایک خوراک دے دیں انشاءاللہ کامل شفا ہوگی۔

محرک شدید SEVERE STIMULANT(3)

ھوالشافی: نانخواہ۔ تیزپات مکدہ ۵۰ گرام، ۔ رائی سرخ ۴۰ گرام، کپور کچری

۱۰ گرام۔ جملہ اجزاء باریک کرکے کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گرام ہمراہ قہوہ یا تازہ پانی دن میں تین بار۔

فوائد: دردمعدہ وامعاء۔ درد پتہ۔ بے چینی۔ ریاح شکم۔ بواسیر بادی۔ یرقان اسود۔ یورک ایسڈ کی زیادتی۔ سنگ گردہ ومثانہ۔ ہیضہ۔ اسہال سوداوی میں محرک سے زیادہ تیز اثرات کا حامل ہے۔

دواء الکبد(3)

ھوالشافی(234): ریوند خطائی ۱۰۰ گرام، سنبل الطیب۔ تیزپات۔ فلفل گرد۔ جوہر نوشادر۔ شورہ قلمی مکدہ ۵۰ گرام۔ باریک کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: 1 سے 2 گرام ہمراہ نقوع کاسنی تین بار روزانہ۔

فوائد: یہ دواء جگر وطحال کی مقوی ومنقی ہے۔ حمیات سوداویہ۔ ورم، عظم اور ضعف الکبد۔ عظم الطحال میں مفید ہے۔ پاخانہ و پیشاب بافراغت آتا ہے بلکہ بعض اوقات پسینہ بھی۔

دواء حلزون(3)

ھوالشافی(42): کشتہ حلزون ۲۰۰ گرام، شیطرج ہندی ۸۰ گرام، کچلی سیماب۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ مکدہ ۴۰ گرام، نمک سونچل۔ نمک شیشہ۔ نمک لاہوری۔ نمک دریائی۔ جوکھار مکدہ ۳۰ گرام، بیش مدبر ۱۰ گرام۔ تمام ادویہ سائیدہ آب لیموں ۴۸۰ ملی لیٹر میں کھرل کرکے خشک ہونے پر باریک کرلیں۔

کشتہ حلزون: سنکھ کے ٹکڑوں کو کوئلوں کے درمیان رکھ کر آگ دے دیں۔ ایک پاؤ سنکھ میں دو کلو کوئلے کافی ہوتے ہیں۔ جب سنکھ کے ٹکڑے سرد ہو جائیں تو ان کو

صرف پانی میں ڈال کر خوب دھوئیں تا کہ ان کی میل وغیرہ اتر جائے اور کچھ پانی سنکھ میں اثر کر جائے۔ پھر انہیں کسی برتن میں رکھ دیں۔ ۱۲ گھنٹہ بعد کشتہ پھول جائے گا، اسے کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: 1 سے 2 گرام ہمراہ لسی ترش۔

فوائد: اسہال بغیر خراش مثلاً ذربہ۔ خلفہ۔ سنگرہنی وغیرہ میں مفید ہے۔ نئے اسہال ہوں تو ایک ہی خوراک میں صحت ہو جاتی ہے۔ ہیضہ۔ نفخ میں مفید ہے۔

نزلہ بند(3)

ہوالشافی: نانخواہ۔ گندھک آملہ سار مدبر مکدہ۳۰ گرام، نوشادر ٹھیکری ۲۰ گرام۔

مقدار خوراک: نصف سے دو گرام ہمراہ آب نیمگرم۔

فوائد: رُکی ہوئی رطوبات کو جاری کرتا ہے۔

اطریلالی(3)

ہوالشافی(38): کالی زیری۔ گندھک آملہ سار مدبر۔ گیری چائنا مکدہ۱۰۰ گرام نہایت باریک سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ڈیڑھ گرام تک ہمراہ آب نیمگرم۔ شدید خارش کی صورت میں سفوف ضربہ نصف گرام مقدار میں اضافہ کر لیں۔

فوائد: خارش یابس ورطب۔

☆☆☆ شدید خارش کی صورت میں قدرے سفوف لے کر روغن سرشف میں مرہم سی بنا کر جسم پر لگائیں۔ روزانہ نئی مرہم تیار کر لیا کریں۔

مصغر طحال(3)

ہوالشافی: راکھ نک چھکنی۔ نانخواہ۔ زنجبیل مکدہ۱۰۰ گرام۔ باریک کر لیں۔

مقدار خوراک: نصف سے تین گرام تک۔

فوائد: طحال خواہ کسی بھی سبب سے بڑھی ہوئی ہو اصلی حالت پر آ جاتی ہے۔

طحالی(3)

ہوالشافی(24): شب یمانی۔ صبر سقوطری۔ رائی سرخ۔ نوشادر ٹھیکری۔ فلفل گرد۔ تنکار شگفتہ مکدہ ۷ گرام، فیری ایٹ کونین سائیٹراس اڈرام۔ تمام اجزاء باریک کر کے پانی سے نخودی گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی روزانہ ہمراہ چھاچھ۔

فوائد: ۱۵، ۲۰ یوم میں تلی سکڑ کر اپنی اصلی حالت پر آ جاتی ہے۔

سوزش عضلات(3)

ہوالشافی: نانخواہ ۵۵۰ گرام، فودنج۔ گندھک آملہ سار ہر ایک ۲۵۰ گرام، نمک طعام۔ فلفل گرد ہر ایک ۱۵۰ گرام، صعتر فارسی ۵۰ گرام۔ تمام اجزاء نہایت باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: نصف سے تین گرام ہمراہ قہوہ پودینہ اجوائن دیسی یا تازہ پانی۔

فوائد: وجع المعدہ وامعاء۔ ورم معدہ وامعاء۔ قے۔ اسہال سوداوی۔ ریاح شکم۔ باؤ گولا۔ کثرت یورک ایسڈ۔ وجع السن۔ ماخورہ۔ خارش۔ حرقت الکفین۔ حرقت البدن اور بدن کی ایسی کیفیت جس میں بغیر بخار چڑھے بدن گرم رہتا ہے۔

قے روک(3)

ہوالشافی: پودینہ ۴۰ گرام، الائچی سبز ۲۰ گرام، سماق دانہ ۶ گرام۔ تینوں

اجزاء ایک پاؤ پانی میں پکائیں جب تین چھٹانک رہ جائے تو اتار لیں.

مقدار خوراک: ایک اونس وقفہ سے پلائیں.

فوائد: قے اور ہچکی کو مفید ہے.

ذیابیطس مخاطی (3)

ھوالشافی (32): تج۔ خولنجاں مکد ۱۰۰ گرام، شہد مصفی سہ چند (۶۰۰ گرام).

شہد نیمگرم کر کے تمام ادویہ سائیدہ اس میں ملا کر معجون بنا لیں.

مقدار خوراک: ۳ سے ۶ گرام ہمراہ قہوہ/تازہ پانی دن میں تین بار.

فوائد: سکون جگر و کلیتین کے باعث پیدا ہونے والی ذیابیطس کی شکایت کا ازالہ کرتی ہے۔ سلسل البول اور تبخیر میں مفید ہے.

شوگنل (3)

ھوالشافی: پوست لیموں۔ قرنفل۔ حنظل۔ کٹائی خورد۔ اندر جو تلخ۔ اندر جو شیریں۔ فلفل گرد۔ دانہ الائچی سبز۔ دانہ الائچی کلاں ہموزن. خوب باریک کپڑ چھان کر لیں.

مقدار خوراک: نصف گرام صبح و شام ہمراہ آب تازہ.

فوائد: ذیابیطس بوجہ تخدیر جگر.

☆☆☆ حب ذیابیطس ۲۴۷، شوگنل ۳ اور شوگرین ۴ میں اگر برابر وزن برگ سفیدہ نرم ڈال لئے جائیں تو فوائد بڑھ جائیں گے.

سفوف اجامیہ (3)

ھوالشافی: خاکسی۔ کرنجوا مکد ۱۰۰ گرام، تربد سفید۔ درونج عقربی۔ اتمیس شیریں

۔ زہر مہرہ خطائی مکد ۵۰ گرام، کشتہ شاخ گوزن ۲۵ گرام. تمام ادویہ سفوف کر کے ملا لیں.

مقدار خوراک: نصف سے دو گرام ہمراہ قہوہ پودینہ + سونف دن میں تین بار.

فوائد: تپ لرزہ میں خصوصاً اور سوداوی امراض میں عموماً فائدہ کرتا ہے.

سفوف دمہ (3)

ھوالشافی: گھیکوار ۳ کلوگرام، نانخواہ۔ نمک کھاری مکد ۳۰۰ گرام، فلفل دراز ۵۰ گرام. گھیکوار کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے ادویہ مسفوف ملا کر برتن میں آگ پر جلا لیں.

مقدار خوراک: ایک گرام ہمراہ تازہ پانی یا لعوق سپستان ۱۰ گرام.

فوائد: دمہ سوداوی۔ سعال سوداوی جس میں غلیظ رطوبات خارج ہوتی ہیں.

سفوف سعالین (3)

ھوالشافی (43): قسط شیریں ۱۱۰ گرام، اندر جو شیریں۔ کپور کچری مکد ۵۰ گرام، کاکڑا سینگی مکد ۳۰ گرام، زراوند مدحرج ۲۰ گرام، نمک عشر ۱۰ گرام. تمام ادویہ باریک کپڑ چھان کر لیں.

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ رتی شہد میں ملا کر چاٹیں پھر الائچی سونف والا دودھ نیمگرم پلائیں.

فوائد: دمہ۔ سعال یابس خصوصاً جسکے ساتھ سینہ میں سوزش سے کے باعث عسر تنفس کی شکایت ہو.

حب رینگن انگوزی (3)

ھوالشافی(24): رسکپور۔ انگوزہ خالص۔ عقرقرحا۔ فلفل دراز۔ فلفل گرد مکد ۱۰ گرام. آب گھیکوار میں چار پہر کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں.

مقدار خوراک: اگولی روزانہ ہمراہ دودھ نیمگرم. خوراک دودھ، مکھن، گھی دیں.

فوائد: ریگن باؤ کے لئے مفید ہے.

حب سورنجانی(3)

ھوالشافی(24): اذراقی مدبر۔ اسپند۔ سورنجاں تلخ۔ فلفل دراز۔ فلفل گرد۔ بیش مدبر مکد ۵۰ گرام شہد سے نخودی گولیاں بنالیں.

مقدار خوراک: ا سے ۲ گولی صبح وشام.

فوائد: عرق النساء۔ وجع المفاصل۔ نقرس۔ وجع العضلات میں بیحد مفید ہے۔ اس کے ساتھ حب منقی (مسہل ۲+۵) کا استعمال مفید رہتا ہے.

حب وجع البدن(3)

ھوالشافی: اذراقی مدبر۔ منقی سیاہ۔ فلفل دراز۔ فلفل گرد۔ فلفل سفید۔ سورنجاں شیریں۔ اسگندھ مکد ۵۰ گرام. تمام اجزاء خوب باریک پیسکر آب ادرک سے نخودی گولیاں بنالیں.

مقدار خوراک: ایک گولی صبح وشام ہمراہ آب تازہ بعد طعام.

فوائد: امراض باردہ۔ تمام جسم کی دردیں۔ وجع القطن کے لئے معمول مطب ہے.

حزب المفاصل(3)

ھوالشافی(42): حب الرشاد۔ زنجبیل۔ بھکھڑا مکد ۱۰۰ گرام. ہرسہ ادویہ

باریک کپڑ چھان کر کے روغن زرد میں چرب کر کے بریاں کرلیں.

مقدار خوراک: ایک چمچہ خورد صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ نیمگرم.

فوائد: وجع المفاصل۔ وجع القطن۔ وجع الرکبہ میں مفید و مجرب ہے.

سفوف مھزل(3)

ھوالشافی: اندر جو شیریں ۱۱۰ گرام، ورچ ۷۰ گرام، رال سفید ۵۰ گرام، لاکھ مصفیٰ ۱۰ اگرام. تمام اجزاء خوب باریک کر کے شہد سے نخودی گولیاں بنالیں.

مقدار خوراک: ایک سے تین گولی ہمراہ آب نیمگرم صبح وشام 1 گھنٹہ قبل طعام

فوائد: سمن مفرط کو آہستہ آہستہ ختم کر دیتا ہے.

☆☆☆ ایسے مریضوں کے لئے ضروری ہے کہ آئندہ سوداوی و بادی اشیاء سے پرہیز رکھیں ورنہ امراض قلب و مفاصل لاحق ہونے کا اندیشہ رہتا ہے.

ملین LEXATIVE(3)

ھوالشافی: بانچی۔ نانخواہ مکد ۵۰ گرام، رائی سرخ ۴۰ گرام، کپور کچری رنز کچور ۱۰ اگرام، گندھک آملہ سار ۱۶۰ اگرام. تمام اجزاء باریک کر کے کپڑ چھان کرلیں.

مقدار خوراک: ایک سے دو گرام ہمراہ قہوہ یا تازہ پانی دن میں تین بار.

فوائد: محافظ حرارت غریزیہ۔ وجع المعدہ و امعاء۔ ریاح شکم۔ کثرت یورک ایسڈ۔ بے چینی۔ قولنج۔ سنگ گردہ و مثانہ۔ قبض۔ جلدی امراض۔ سوزشی نزلہ زکام۔ احتباس طمث۔ چہرے کے سیاہ دھبے۔ سرطان۔ سلعات بدنیہ۔ دمہ خشک۔ سعال یابس۔ وجع السن۔ تحجر مفاصل۔ رعشہ وغیرہ مخاطی امراض میں مفید ہے.

☆☆☆ جلن وشدید ورم کی صورت میں ملین نمبر۴ کا استعمال کریں.

مصغر کبد و طحال (3)

ھوالشافی (24): رائی سرخ باریک۔ گندھک آملہ سار مدبر ہر ایک ۱۰۰ گرام، صبر سقوطری۔ حنظل۔ درونج عقربی۔ گل غافث۔ زنجبیل۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ نوشادر۔ تنکار شگفتہ ہر ایک ۵۰ گرام، عصارہ ریوند ۳۰ گرام. باریک کریں.

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ آب نیمگرم.

فوائد: عظم طحال۔ ورم الکبد۔ وجع المفاصل۔ برودت معدہ وامعاء.

مصغر طحال (3)

ھوالشافی (234): شب یمانی۔ صبر سقوطری۔ رائی سرخ۔ فلفل گرد۔ نوشادر ٹھیکری۔ تنکار شگفتہ ہر ایک ۷۰ گرام، فیری ایٹ کونین سائیٹراس ۱ گرام پانی سے نخودی گولیاں بنالیں.

مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ چھاچھ روزانہ.

فوائد: ۱۵ سے ۲۰ یوم میں تلی سکڑ کر اپنی جگہ آ جاتی ہے. (لقمانی گائیڈ ۲۲۳)

☆ اگر بدرقہ کے طور پر قہوہ پودینہ + اجوائن دیسی + ابہل دیا جائے تو فوائد بدرجہا بڑھ جائیں گے.

ملین طحال (3)

ھوالشافی (35): رائی ۳۰۰ گرام، افسنتین۔ تنکار شگفتہ ہر ایک ۱۰۰ گرام. خوب باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں.

مقدار خوراک: ۲ سے ۲/۱-۲ گرام تک ہمراہ آب تازہ.

فوائد: ورم وصلابت طحال کو چند روز میں دور کر دیتی ہے.

☆☆☆ چکنائی وثقیل اشیاء سے پرہیز۔ غذاء معمولی اور بھوک سے کم کھائیں۔ چٹنی پودینہ۔ انجیر کو سرکہ میں بھگو کر کھانا بہتر ادوی میں شمار کیا جاتا ہے.

مسہل (3) PURGATIVE

ھوالشافی: بابچی۔ نانخواہ ہر ایک ۵۰ گرام، رائی سرخ ۴۰ گرام، کپور کچری ۱۰ گرام، گندھک آملہ سار ۱۶۰ گرام، حب السلاطین ۱۲ گرام. تمام اجزاء خوب باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں اور نخودی گولیاں بنالیں. ملین نمبر ۳ سے بیس گنا زیادہ طاقتور ہے.

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی پانی یا چائے سے دن میں تین بار.

فوائد: قولنج میں بہت مفید ہے۔ گھی یا ویزلین میں ملا کر داد، چنبل، گندے زخموں پر لگائیں.

☆☆☆ سمی علامات پیدا ہونے کی صورت میں دہی میں تیز میٹھا ڈال کر کھلا دیں یا گوند کتیرا سفوف دودھ کی لسی سے کھلا دیں.

مسہل (3)

ھوالشافی (34): سنا مکی ۱۶۰ گرام، سورنجاں شیریں۔ تربد سفید ہر ایک ۸۰ گرام، زنجبیل ۵۰ گرام، ریوند خطائی۔ نوشادر ٹھیکری ہر ایک ۳۰ گرام، حب السلاطین۔ فلفل موبہ۔ فلفل دراز ہر ایک ۲۰ گرام، فلفل گرد ۱۰ گرام. تمام اجزاء خوب باریک کر کے باہم اچھی طرح کھرل کر کے ملا لیں اور شہد سے نخودی گولیاں بنالیں.

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی ہمراہ آب نیمگرم۔

فوائد: قولنج اور شدید قبض کی صورت میں استعمال کرائیں۔

مسہل (3)

ھوالشافی (24): تربد سفید۔ سناء مکی۔ صبر سقوطری مکدہ ۱۱۰ گرام، عصارہ ریوند ۱۰۰ اگرام، زنجبیل ۸۰ گرام، ریوند خطائی۔ نوشادر ٹھیکری مکدہ ۵۰ گرام، فلفل گرد ۲۰ گرام۔ آب ادرک سے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ سے ۴ گولی ہمراہ قہوہ / آب تازہ۔

فوائد: وجع المفاصل۔ برودت بدن۔

☆☆☆ جب نیچے کا فشار الدم ۹۰ سے زیادہ ہو تب مسہل ۴ استعمال کریں۔

حب صابر (3)

ھوالشافی (32): حنظل۔ رائی سرخ۔ گندھک آملہ سار مکدہ ۵۰ گرام۔ باریک کپڑ چھان کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے ۲ گولی ہمراہ آب نیمگرم دن میں ۴ بار۔

فوائد: مخرج بلغم غلیظ و سوداء ہے۔

حب رینگن (3)

ھوالشافی (34): تربد سفید ۹۰ گرام، سورنجاں ۴۰ گرام، درونج عقربی ۳۰ گرام، مصبر۔ سورنجاں تلخ مکدہ ۲۰ گرام، بندال ڈوڈا ۱۰ اگرام۔ تمام ادویہ خوب باریک کر کے آب ادرک سے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی ہر گھنٹہ کے بعد نیمگرم پانی سے کھلائیں۔ جب درد رک

جائے یا اسہال جاری ہو جائیں تو وقفہ بڑھا کر چار گھنٹہ کر دیں۔

فوائد: عرق النساء جیسی ہٹیلی مرض کے لئے بفضلہ تعالیٰ تریاق کا درجہ رکھتا ہے۔ وجع المفاصل اور نقرس کے علاج میں جاری ادویہ کے ساتھ رات کو بطور معاون مسہل دینا مفید ہے۔

اکسیر ELIXIR(3)

اکسیر کبریت (3)

ھوالشافی: کبریت ۷۰ گرام، مرکی۔ نانخواہ ہر ایک ۴۰ گرام، سیماب ۱۰ گرام۔ پارہ و گندھک کی کجلی تیار کریں جب ذرات ناپید ہو جائیں تو دونوں مسفوف ادویہ ملا کر ایک گھنٹہ کھرل کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے چار رتی ہمراہ قہوہ پودینہ + ادرک۔ کسی بھی محرک جگر دواء میں ملا کر دینے سے اس دواء کے اثرات بیس گنا بڑھ جاتے ہیں۔

فوائد: سوداوی امراضِ خبیثہ مثلاً جذام اور خنازیر وغیرہ۔ داد۔ چنبل۔ رعشہ۔ لقوہ۔ دمہ۔ پھوڑے پھنسی۔ قے۔ نزلہ۔ زکام۔ خاش خشک۔ جو زخم خشک نہ ہوتے ہوں روغن سرشف یا ویزلین سادہ میں ملا کر ان پر لگائیں۔

اکسیر زہرباد (3)

ھوالشافی (427): صبر سقوطری۔ مقل ازرق۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ زنجبیل۔ بچھناک مدبر مکدہ ۱۰ اگرام۔ بینگن کلاں لیکر اسمیں بچھناک داخل کر کے بھلبھلائیں پھر نکال کر ادویہ سائیدہ کے ہمراہ کھرل میں ایک گھنٹہ کوٹیں اور نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح وشام ۱۵یوم تک دیں۔

فوائد: زہر باد اور دیگر مزمن سوداوی امراض کے لئے مفید ہے۔(حکیم طاہر محمود)

اکسیر دمہ(3)

ھوالشافی(32): گوگرد مدبر ۲۵۰ گرام، آب گھیکوار 1 لیٹر. گندھک کو رکابی میں نرم آنچ پر گلائیں پھر ۶۰ ملی لیٹر آب گھیکوار ڈالیں جب خشک ہوجائے تو مزید ڈالیں حتیٰ کہ تمام جذب ہوکر ختم ہوجائے۔ سرد ہونے پر پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: 1 گرام ہمراہ مکھن روزانہ۔

فوائد: ضیق النفس کے لئے اعجاز مسیحائی ہے دمہ کو بیخ و بن سے اکھار دیتا ہے۔

اکسیر طحال(3)

ھوالشافی: راکھ زقوم نصف کلو کو ایک لیٹر پانی میں رات بھر بھگوئیں اور دو تین بار ہلا دیں صبح پانی کو کسی موٹے کپڑے سے پن کر آگ پر نمک حاصل کریں۔ نمک کا نصف حصہ شب یمانی احمر ملا کر خوب یکجان کر کے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: پہلے چند دانہ ہائے نخود چبا کر پھوگ تھوک دیں پھر ۴ رتی دواء ہمراہ آب نانخواہ دیں۔

فوائد: بڑی سے بڑی طحال ایک ہفتہ میں اصلی حالت پر آجاتی ہے۔

سفوف سوما(3)

ھوالشافی(834): برگ بانسہ ۶۰ گرام، گندھک آملہ سار ۲۰ گرام، عثمانیہ بوٹی (سوما کلپالتا)۔تخم جوز ماثل مکدہ ۱۰ گرام۔ ادویہ سائیدہ باہم ملا کر کھرل کرلیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام۔

فوائد: دمہ کے لئے اکسیر اعظم ہے۔صرف حاد صورتوں میں استعمال کرائیں۔

تریاق(3)ANTI-DOTE

تریاق معدہ و امعاء(3)

ھوالشافی: گندھک آملہ سار مدبر ۴۰ گرام، پودینہ ۳۰ گرام، نوشادر ٹھیکری ۱۰ گرام. تمام ادویہ خوب باریک کرلیں.

مقدار خوراک: ایک سے دو گرام دن میں تین یا چار بار. قبض کی صورت میں قشری عضلاتی یا قشری اعصابی مسہل دیں۔

فوائد: سوزش معدہ۔سوزش عضلات۔انقباض جنسی عضلات۔ عضو تناسل کی تشنجی حالت میں بیحد مفید ہے۔

سفوف ریاحی(3)

ھوالشافی: ہلیلہ زنگی۔گوگل بھینسیا۔کالی زیری۔اجوائن دیسی۔پودینہ۔زیرہ سفید مکدہ ۵۰ گرام. تمام اجزاء نہایت باریک پیس کر ملالیں.

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام ہمراہ عرق بادیان صبح وشام.

فوائد: بواسیر ریاحی کے لئے بہترین تریاق ہے.

تریاق اوجاع(3)

ھوالشافی: اذراقی مدبر۔فلفل گرد مکدہ ۱۰ گرام، فودنج ۲۰ گرام، نانخواہ ۳۰ گرام، سورنجاں شیریں ۴۰ گرام. خوب باریک کپڑ چھان کر کے آب ادرک سے نخودی گولیاں بنالیں اور شیشے کے جار میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار بعد طعام۔

فوائد: ہر قسم کے دردوں کے لئے انشاءاللہ واقعی تریاق پائیں گے۔

تریاق اوجاع پنجمول (3)

ھوالشافی: پوست بیخ حرمل۔ پوست بیخ کٹائی خورد۔ پوست بیخ عشر۔ پوست بیخ جوز ماثل مکد ۱۰ گرام، پوست بیخ اسگندھ ۲۰ گرام۔ باریک کر کے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۸ رتی ہمراہ تازہ پانی یا دودھ نیمگرم۔

فوائد: ہر قسم کی درد میں مفید ہے۔

حب آتشک (3)

ھوالشافی: رسکپور۔ قرنفل۔ عقرقرحا۔ دانہ ہیل بوا خورد مکد ۵ گرام۔ تمام اجزاء باریک کر کے آب ادرک میں چار دن کھرل کر کے گولیاں بقدر فلفل گرد بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی بالائی میں رکھ کر صبح ناشتہ کے بعد کھلائیں۔

فوائد: آتشک جیسے خبیث اعصابی امراض میں مفید و مجرب ہے۔

مقوی INSIGORATING(3)

معجون اسراری (3)

ھوالشافی: سفوف ملٹھی ۵۶ گرام، پوست ہلیلہ زرد۔ پوست آملہ مکد ۲۸ گرام، پوست بہیڑہ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل سفید۔ تباشیر۔ آئرن فاسفیٹ مکد ۱۴ گرام، شہد ۱۲ گرام، نمک سنگ ۳ گرام، مصری کالپی ۱۵۰ گرام، روغن گاؤ ۷۰ گرام۔ تمام ادویہ باریک کپڑ چھان کر کے گھی سے چرب کریں اور شہد و مصری کے قوام میں ملا کر

معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۳ گرام ہمراہ شیر شتر جوشیدہ صبح۔

فوائد: مقوی جگر۔ مشتہی۔ مقوی باہ۔ مولد خون ہے بدن میں خون کی کمی کو پورا کرتی اور سرطان الدم میں مفید ہے۔

کشتہ مرگانگ (3)

ھوالشافی: گندھک آملہ سار۔ نوشادر۔ قلعی۔ سیماب مکد ۵۰ گرام۔ جملہ ادویہ سائیدہ کھرل میں خوب کھرل کریں کہ سیاہ رنگ کا سفوف ہو جائے پھر کھلے منہ کی شیشی میں ڈال کر خوب کپڑ مٹی کریں لیکن شیشی کا منہ کھلا رکھیں۔ انگیٹھی میں کوئلے ڈال کر شیشی کوئلوں میں دبا دیں لیکن منہ باہر رہے۔ پھر کوئلوں کو دہکا دیں شیشی گرم ہو کر سیاہ دھواں نکلنا شروع ہو گا۔ خیال رہے کہ دھواں جم کر شیشی کا منہ بند نہ کر دے، اس مقصد کیلئے آہنی سلاخ شیشی کے منہ میں پھیرتے رہیں۔ دھواں بند ہو جائے تو سلاخ شیشی میں ڈال کر ذرا سی دواء لگا کر دیکھیں اگر سلاخ پر سنہری رنگ کا کشتہ لگا ہو تو شیشی کو فوراً آگ سے باہر نکال لیں ورنہ کشتہ جل کر دوبارہ سیاہ ہو جائے گا۔

مقدار خوراک: ۲ رتی ہمراہ دودھ صبح و شام۔

فوائد: سوکھا۔ تپ دق۔ سعال مزمن۔ عادتی نزلہ و زکام۔ سوزاک اور دیگر سوداوی زہر کے امراض میں مفید ہے۔ مقوی جگر ہے صالح خون پیدا کرتا ہے۔

ھاضم DIGESTIVE(3)

ھوالشافی: پودینہ ۳۰۰ گرام، رائی سرخ۔ نوشادر ٹھیکری مکد ۲۵۰ گرام، نانخواہ

۔نمک طعام۔زیرہ سیاہ مکدہ ۱۵۰ گرام، صعتر ۵۰ گرام۔ باریک کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام۔

فوائد: ریاح شکم۔باؤ گولا۔درد،سوزش وورم معدہ وامعاء۔قے۔اسہال سوداوی ۔کثرت یورک ایسڈ۔بندنزلہ وزکام۔

ھاضم (3)

ھوالشافی (234): جرجیر۔نانخواہ۔نمک سونچل مکدہ ۲۵ گرام، نوشادر ۱۵۰ گرام، تیزپات ۱۰۰ گرام، صعتر ۵۰ گرام۔ خوب باریک کرلیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ۲ گرام بعد طعام ہمراہ تازہ پانی۔

فوائد: کاسر ریاح۔مشتہی۔ہاضم۔ (حکیم مقبول چیمہ)

تریاق تبخیر (3)

ھوالشافی (42): زنجبیل۔فلفل گرد۔فلفل دراز مکدہ ۵ گرام، قرنفل۔دارچینی ۔جوزبوا۔عقرقرحا مکدہ ۱۵ گرام۔ آب ادرک سے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی ہمراہ قہوہ لونگ + دارچینی + نانخواہ دن میں تین باردیں۔

فوائد: نفخ۔تبخیر معدہ۔عسر تنفس۔تمدد الصدر۔ (حکیم مقبول چیمہ)

تریاق معدہ (3)

ھوالشافی: گندھک ۴۰ گرام، پودینہ ۳۰ گرام، نوشادر ٹھیکری ۱۰ گرام۔ تمام ادویہ خوب باریک کرکے کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گرام دن میں چار باردیں۔

فوائد: ضعف معدہ بوجہ کثرت مباشرت۔ (تحقیقات جنسی امراض ۱۴۷)

معجون (3)

معجون فالج (3)

ھوالشافی (432): مغز ناریل۔مغز بادام مکدہ ۴۰ گرام، نعناع ۳۰ گرام، دارچینی۔خولنجاں۔فلفل دراز۔فلفل گرد۔سورنجاں شیریں۔زنجبیل۔اسگندھ مکدہ ۲۰ گرام قرنفل۔جائفل۔عقرقرحا مکدہ ۱۰ گرام۔ ناریل کدوکش کرکے تمام کپڑ چھان اجزاء کی شہد میں معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: چائے والی ایک چمچ صبح وشام دیں، ساتھ روغن فالج طرخونی (نمبر ۳) کی مقام ماؤف پر مالش کریں۔

فوائد: فالج اسفل۔بایاں (سوداوی) فالج میں مفید ہے۔

روح دماغ (3)

ھوالشافی: درونج عقربی۔تیزپات۔ذراوند مدحرج۔فلفل دراز۔فلفل گرد۔قسط شیریں۔دانہ الائچی خورد۔ورق نقرہ۔طباشیر مکدہ ۱۲ گرام، مشک خالص ۳ گرام، ورق طلاء 1 گرام، شہد خالص ۳۸۴ گرام، گھی خالص ۱۸۰ گرام، زردی بیضہ مرغ ۲۴ عدد۔ پہلی نو ادویہ باریک کرکے گھی میں بریاں کریں پھر انڈوں کو ابال کر زردی الگ کرکے شہد میں کھرل کریں پھر مشک کو گھی والے سفوف میں ملاکر ہاون دستہ میں دیر تک کوٹیں تاکہ کستوری کی خوشبو نمایاں ہوجائے۔ بعدہ گرم شہد میں تمام ادویہ ملاکر باہم آمیز کرلیں۔

مقدار خوراک: ۳ سے ۶ گرام ہمراہ دودھ۔

فوائد: ضعف کثرت جماعی۔ صداع ضعف دماغی۔ ضعف دماغ واعصابی کمزوری کیلئے بیحد مفید ہے۔ گھنٹوں پڑھنے لکھنے اور بولنے سے دماغی تھکاوٹ نام کو نہیں ہوتی۔ برسوں کی بھولی ہوئی باتیں یاد آنے لگتی ہیں۔

حلوہ گھیکوار (3)

ھوالشافی (25): مغز گھیکوار ۱۲۵ گرام، روغن زرد ۲۵۰ گرام، قند سفید ۵۰۰ گرام، مغز اخروٹ۔ مغز نارجیل مقشر۔ خرما منقی۔ کشمش سبز۔ بادام شیریں۔ مغز پنبہ دانہ مکد ۲۴ گرام، بوزیدان۔ سورنجاں شیریں۔ دانہ الائچی خورد۔ گلسرخ۔ مصطگی۔ دانہ الائچی کلاں مکد ۱۲ گرام، زعفران 1 گرام۔ گودہ گھیکوار میں روغن زرد ملا کر نرم آنچ پر بھون لیں پھر قند سفید کا قوام کر کے جملہ ادویہ ملا دیں آخر میں زعفران گلاب میں کھرل کر کے ملائیں تیار ہے۔

مقدار خوراک: 24 گرام صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ نیمگرم۔

فوائد: وجع القطن۔ وجع المفاصل کے لئے مفید ومجرب ہے۔ (مجربات سلطانی)

جوارش DIGESTIVE PASTE(3)

جوارش مقوی معدہ (3)

ھوالشافی: نانخواہ۔ پودینہ۔ کپور کچری۔ عقرقرحا۔ زنجبیل۔ فلفل دراز۔ فلفل گرد۔ زیرہ سیاہ۔ مصطگی رومی مکد ۵۰ گرام، زعفران ۱۵ گرام، مربہ آملہ ۱۰۰ گرام، کوزہ مصری سہ چند (۷۰۰۔ اکلوگرام)۔ ادویہ کو خوب باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں،

مربہ آملہ کی گٹھلیاں صاف کر لیں۔ مصری کا قوام کر کے اس میں ادویہ سائیدہ تھوڑی تھوڑی ڈال کر ملاتے جائیں اور آخر میں زعفران باریک شدہ شامل کر کے معجون مکمل کر لیں۔

مقدار خوراک: ۶ سے ۱۲ گرام ہمراہ چائے نیمگرم بعد طعام صبح وشام۔

فوائد: مقوی جگر، معدہ وامعاء۔ ہیضہ۔ بخر الفم۔ صداع ریاحی۔ ریح گردہ۔ سردی مثانہ۔ سنگ گردہ ومثانہ۔ کثرت بول۔ بواسیر ریاحی۔ اسہال کہنہ۔

جوارش آملی (3)

ھوالشافی: مربہ آملہ ۲۰۰ گرام، اجوائن دیسی۔ پودینہ۔ عقرقرحا۔ زنجبیل۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ زیرہ سیاہ۔ مصطگی رومی مکد ۵۰ گرام، زعفران ۱۵ گرام، کوزہ مصری ۷۰۰ گرام۔ مصری کا قوام کر کے ادویہ سائیدہ ملا دیں پھر زعفران گلاب میں کھرل کر کے ملا لیں۔

مقدار خوراک: ۶ سے ۹ گرام ہمراہ چائے۔

فوائد: مقوی معدہ وامعاء۔ ہیضہ۔ بدبوئے دہن بوجہ سوءِ ہضم۔ ریح گردہ۔ پتھری گردہ ومثانہ۔ کثرت بول۔ سردی مثانہ۔ بواسیر۔ صداع ریاحی۔ (مجربات صابرؒ)

جوارش مفرح (3)

ھوالشافی (234): درونج عقربی ۲۴ گرام، قرنفل۔ سنبل الطیب۔ زنجبیل مکد ۱۲ گرام، تیز پات۔ خولنجاں مکد ۷ گرام، جوز بوا ۶ گرام، ورق نقرہ ۱ گرام، مشک ۳ رتی، ورق طلاء ۲ رتی، شہد سہ چند جملہ ادویہ (۲۵۰ گرام)۔ تمام ادویہ کپڑ چھان کر کے ورق طلاء ونقرہ سفوف میں ملا کر خوب کھرل کریں پھر نصف حصہ شہد ملا کر

ہاون دستہ سے خوب کوٹیں تا کہ خوشبو تیز ہو جائے۔ اب بقیہ شہد ملا کر جوارش بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ گرام صبح وشام ہمراہ دودھ یا آب تازہ۔

فوائد: غشیان۔ قے۔ تہوع۔ ترش آروغ۔ سیلان اللعاب۔ بخر الفم۔ مراق۔ ہسٹیریا۔ اختناق الرحم۔ وسواس۔ وحشت۔ مالنخولیا۔ بیقاعدگی طمث میں مفید ہے۔ دماغی اور جسمانی ورزش کے بعد اور غم وفکر واندیشہ کے وقت اس کا استعمال طبیعت کو ہشاش بشاش کرتا ہے۔ سردی کہ جملہ علامات میں انتہائی مفید ہے۔

مشروب (3)

مشروب ہاضم (3)

ھوالشافی: تیزپات۔ پودینہ۔ زنجبیل مکدہ ۱۵۰ گرام، کلونجی۔ کپور کچری۔ نانخواہ مکدہ ۵۰ گرام، کوزہ مصری ۱۰ کلوگرام۔ تمام ادویہ ۱۵ لیٹر پانی میں بھگو کر صبح ۱۲ بوتل عرق کشید کریں اور مصری ڈال کر شربت کا قوام کرلیں۔

مقدار خوراک: ۵ سے ۲۰ ملی لیٹر۔ (مجربات صابر)

فوائد: مقوی جگر۔ بدہضمی۔ ضعف اشتہاء۔ جنہیں کھایا پیا نہ لگتا ہو ان کیلئے نعمت غیر مترقبہ ہے

نانخواہی (3)

ھوالشافی: نانخواہ۔ پودینہ باغی مکدہ ۲۵۰ گرام، عقاب ۲۵ گرام، قند سفید ۵ کلو گرام، پانی ۵ لیٹر میں ادویہ شب بھر بھگوئیں صبح جوشدیکر قوام کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین چمچ بعد طعام ایسے ہی پلادیں۔

فوائد: ضعف اشتہاء۔ ضعف الکبد۔ کمی خون۔ (حکیم مقبول چیمہ)

عرق حیات (3)

ھوالشافی: عرق پودینہ۔ عرق نانخواہ۔ عرق سونف مکدہ ۲۵۰ ملی لیٹر، کھانڈ دانہ دار ۱۵۰ گرام، ست لیموں ۳ گرام، حامض کبریتی خوراکی ۲۴ قطرے۔ تمام اجزاء اچھی طرح ملا کر چھان لیں آخر میں حامض شامل کریں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک اونس پی لیں۔

فوائد: ہاضم۔ مشتہی۔ ہیضہ میں مفید ہے۔ (حکیم مقبول چیمہ)

شربت احمر (3)

ھوالشافی: پھل زقوم ۲۵۰ گرام، گل منڈی۔ برگ بانسہ۔ برہمی بوٹی۔ صندل سفید مکدہ ۱۲۰ گرام، برگ گاؤزبان۔ گل کنول۔ گل نیلوفر۔ کباب چینی مکدہ ۶۰ گرام، کیلشیم ہائپوفاسفیٹ ۱۲ گرام۔ علاوہ کیلشیم تمام ادویہ کا ۳ لیٹر عرق کشید کرکے اس میں ڈیڑھ کلو قند سفید اور کیلشیم ملا کر شربت تیار کریں اور سرد کرکے ایکسٹریکٹ کوچی نیل ۱۲ قطرہ فی بوتل ملالیں۔

مقدار خوراک: ۶ سے ۱۲ گرام۔

فوائد: سینہ کے تمام امراض کے لئے بے مثل ہے۔ دمہ۔ کھانسی۔ سل کے لئے مفید ہے۔ دبلے پتلے مریضوں کو خوب موٹا کرتا ہے۔

دواء الطحال (3)

ھوالشافی (26): میگنیشیا سلفاس ۷۵۰ گرام، تیزاب گندھک محلول ۲۴ گرام، فرائی سلفاس رہیراکسیس۔ کونین سلفاس مکدہ ۱۲ گرام۔ کونین کو تیزاب میں حل

کریں پھر فرائی سلفاس ملا کر حل کریں پھر میگنیشیا ملا کر خوب کھرل کریں تاکہ کونین کا تمام محلول سارے میگنیشیا میں مل جائے۔ اس کے بعد اسے خشک کر کے بوتل میں بند رکھیں۔

☆☆☆ کونین کو تیزاب میں اچھی طرح حل کریں ورنہ دواء خراب ہو جاتی ہے اور پانی میں ملانے سے جھاگ ہی جھاگ بن جاتی ہے۔ حل ہونے کی شناخت یہ ہے کہ محلول کی رنگت بالکل پانی کی طرح ہو جائے دودھ کی طرح سفید نہ رہے۔ اگر دودھیا رنگ ہو تو مزید تیزاب ملا کر ہلائیں حتیٰ کہ حل ہو کر پانی کی طرح ہو جائے۔

مقدار خوراک: ۲۵۰ گرام دواء ۷۵۰ ملی لیٹر پانی میں حل کر کے بوتل میں ڈال کر اس پر ۲۴ نشان لگا دیں۔ ایک نشان ایک خوراک ہے۔ دواء خشک دینی ہو تو ۶ سے ۱۲ گرام دیں

فوائد: ضعف طحال۔ عظم الطحال۔ ضعف الکبد۔ عظم الکبد۔ ضعف رحم۔ ضعف امعاء۔ فقر الدم۔ دیدان شکم۔ نفخ شکم۔ گرانی شکم۔ حمی اجامیہ وغیرہ میں مفید ہے۔

☆☆☆ حمل اور استحاضہ کی حالت میں استعمال نہ کرائیں۔

جوشاندہ (3)

ھوالشافی: تیزپات۔ فودنج مکہ ۶ گرام، نانخواہ ۳ گرام، قند سفید حسب ضرورت۔ تمام ادویہ نیمکوفتہ ایک پاؤ پانی میں بھگو دیں اور کچھ دیر بعد جوش دیں۔ جب پانی نصف رہ جائے تو پن چھان کر چینی ملا لیں۔

مقدار خوراک: یہ ایک خوراک ہے۔

فوائد: پیٹ درد۔ ریاح۔ قبض۔ ضعف عضلات بوجہ برودت میں بیحد مفید ہے۔

وجع الکبد (3)

ھوالشافی: تخم کلتھی ۱۰۰ گرام، سرپھوکہ ۲۰ گرام، نمک سونچل ۱۰ گرام۔ ہر سہ ادویہ ڈیڑھ پاؤ پانی میں پکائیں اور نصف رہنے پر چھان لیں۔

مقدار خوراک: یہ ایک خوراک ہے۔ ساتھ معجون دبید الورد کھلائیں......ساتھ مقام درد پر گرم پانی کا نطول کریں۔

فوائد: درد جگر کے لئے بارہا کا مجرب ہے۔

قطور DROPS(3)

قطور شقیقہ (3)

ھوالشافی: پوست بندق ہندی سائیدہ پانی میں کھرل کر کے حل کر لیں

طریقہ استعمال: ۲ یا ۳ قطرے ناک میں ڈالیں۔ بندریزش خارج ہو کر پرانے سے پرانا دردسر جاتا رہے گا۔ بسیار مجرب ہے۔

سنون TOOTH POWDER(3)

منجن وجع السن (3)

ھوالشافی (24): کشتہ قرن الایل رگئو دنتی۔ شیشہ نمک مکہ ۱۰۰ گرام۔ خوب اچھی طرح باریک کر کے مثل غبار کر لیں۔

طریقہ استعمال: دانتوں پر بطور منجن ملیں۔

فوائد: تحرک الاسنان۔ وجع السن۔

رفیق اسنان(3)

ہوالشافی(145): شب یمانی۔نمک سنگ۔دھوبی سوڈا مکد ۱۰۰ گرام۔ خوب اچھی طرح کھرل کر کے مثل غبار کرلیں۔

طریقہ استعمال: بطور منجن لگائیں اور بقدر ایک گرام گرم پانی میں ملا کر غرارے کریں

فوائد: متواتر استعمال سے دانتوں کی سیاہی۔مٹیالا پن۔منہ کے چھالے۔زخم۔جلن۔زبان کا پکنا۔پان کے غلط استعمال سے منہ آنا۔کوالٹکنا۔بد بودہن اور خناق کو دور کرتا ہے۔

مرہم (3)PASTE

مرہم جراح (3)

ہوالشافی: روغن کنجد ۱۰۰ ملی لیٹر، سن لائٹ صابن ایک ٹکیہ (۱۰۰ گرام)، سیندھور۔مغز حب السلاطین مکد ۵۰ گرام، کاربالک ایسڈ ۳۰ گرام، تمام ادویہ خوب باریک کر کے روغن کنجد میں کھرل کریں پھر کاربالک ایسڈ ملا کر مرہم بنالیں۔

طریقہ استعمال: کپڑے پر لگا کر مقام ماؤف پر لگائیں۔

فوائد: گومڑ۔گھمبیر۔بھگندر۔ناسور۔ناسورچشم۔کینسر۔داد۔چنبل۔خارش۔ضعف باہ میں بطور طلاء کجی کے لئے۔اورام باردہ پر لگاتے ہی مدت مدید تک نہ پکنے والا پھوڑا چند گھنٹوں میں پک کر پھوٹ جاتا ہے اور مواد خارج ہو جاتا ہے۔پرانے

پھوڑے موٹے کنارے والے تازہ ہو کر ان کے زخم بہت جلد بند ہو جاتے ہیں۔ انتہائی مفید و مجرب ہے۔

مرہم چنبل(3)

ہوالشافی: گندھک آملہ سار مدبر ۲۵۰ گرام، ویزلین 1 کلوگرام میں گرم کریں جب سلیٹی رنگ ہو جائے تو 2 گھنٹہ لکڑی سے ہلا کر ٹھنڈا کریں اور 2 ٹکی کافور (لمبوتری بتی) پیس کر ملا دیں۔

طریقہ استعمال: مقام ماؤف صاف کر کے لگائیں۔

فوائد: چنبل کے لئے مفید ہے۔

مرہم داد(3)

ہوالشافی: جو ہر ہڑتال ورقی (بیرم سلفائیڈ) 1 گرام مکھن میں اچھی طرح ملا کر مرہم تیار کریں۔

طریقہ استعمال: مقام ماؤف پر بطریق معروف لگائیں۔ بکثرت پانی خارج ہو کر مرض کا زہریلا مواد خارج ہو کر آرام آجاتا ہے۔

فوائد: داد اور چنبل کو جڑ سے ختم کرتا ہے۔

☆☆ اگر بیرم نہ ملے تو بال صفا پوڈر لے کر ڈال لیں اس میں بیرم سلفائیڈ ہوتا ہے۔

مرہم داد جستی(3)

ہوالشافی: پھولا جست۔جو ہر ہڑتال طبقی۔ملح النار مکد ۵ گرام۔ تمام اجزاء اچھی طرح باریک کرلیں۔

طریقہ استعمال: پانی یا تیل میں ملا کر داد۔خارش۔چنبل پر لگائیں۔

① نوشادر

فوائد: خارش۔داد۔چنبل خواہ سارے بدن پر ہو لگانے سے کلی صحت ہوتی ہے۔

تریاق خارش(3)

ھوالشافی(234): گندھک آملہ سار۔نوشادر ٹھیکری۔کتھ سفید مکد ۲۴ گرام، مردار سنگ۔چونا ان بجھ مکد ۱۲ گرام، نیلا تھوتھا ۴ گرام، دار چکنا ۳ رتی، گھی 1 پاؤ۔ تمام ادویہ غبار کر کے گھی میں ملالیں۔

مقدار خوراک: حکۃ الیابس میں خالص اور حکۃ الرطب میں دُگنا روغن ملاکر استعمال کریں۔

فوائد: بفضلہ تعالیٰ چند روز میں خارش کو ختم کر دیتا ہے۔

ضماد(3) SIMPLE ASTE

ھوالشافی: نانخواہ حسب ضرورت لیکر سرکہ یا پانی میں گھوٹ کر مرہم کی مانند ضماد تیار کریں۔

طریقہ استعمال: مقام درد پر لگائیں۔

فوائد: درد کو جلد آرام دیتا ہے۔

سنیاسی ضماد(3)

ھوالشافی: گرہ زردچوب ۷۰ گرام، کشتہ گئودنتی ۱۰ گرام۔ زردچوب خوب باریک کر کے کشتہ ملاکر کھرل کریں پھر عرق سونف میں ملاکر ضماد تیار کریں۔

طریقہ استعمال: ماؤف جگہ پر لیپ کریں۔

فوائد: چنبل کے لئے بہت مفید ہے۔ (سنیاسی محمد یونس)

جراثیم کش(3)

ھوالشافی: نیاز بو (دونا مروا) کا پانی نکال کر استعمال کریں۔

طریقہ استعمال: زخم پر پانی کو نچوڑیں۔

فوائد: تمام کرم مردہ ہو کر دور ہو جاتے ہیں اور زخم اچھا ہو جاتا ہے۔حیوانوں کے زخم اور منہ کھور کے لئے مفید ہے۔

روغن(3) OIL

روغن شفاء(3)

ھوالشافی: ست اجوائن۔ست پودینہ۔ست الائچی مکد ۱۰۰ گرام، رب السوس ۱۰ گرام۔ تینوں ست ملاکر شیشے کی بوتل میں دھوپ میں رکھیں جب تیل ہو جائے تو ست ملٹھی ڈال کر حل کریں اور محفوظ کر رکھیں۔

طریقہ استعمال: دو یا تین قطرے بتاشے پر یا پانی میں ڈال کر پلادیں۔ ریم گوش روجع الاذن کے لئے روغن کنجد نصف حصہ ملاکر ڈالیں۔

فوائد: درد شکم و جملہ عوارضات میں سوچ سمجھ کر استعمال کر سکتے ہیں۔

روغن اوجاع(3)

ھوالشافی: روغن جرجیر ۲۵۰ گرام، روغن تارپین ۴۰ گرام، ست اجوائن ۱۰ گرام، ست پودینہ ۶ گرام۔ ست اجوائن اور ست پودینہ شیشے کی بوتل میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں تیل ہو جائے گا پھر دوسرے روغن بھی ملادیں۔

طریقہ استعمال: مقام ماؤف پر لگا کر ہلکی مالش کر کے اوپر کپڑا باندھ دیں۔

فوائد: وجع المفاصل۔ تحجر مفاصل۔ وجع الصدر۔ صداع۔ نمونیا وغیرہ میں مقامی طور پر مالش کرنے سے فائدہ ہوتا ہے۔ ورم یا چوٹ کے مقام پر لگانے سے ورم تحلیل ہو جاتا ہے۔ وجع الاذن۔ وجع السن۔ ثقل سماعت کے لئے اکسیر ہے۔ بطور طلاء عضو پر لگا سکتے ہیں۔

روغن فالج طرخونی (3)

ھوالشافی: عقرقرحا۔ فرفیون۔ فلفل گرد مکد ۵۰ گرام، لہسن دیسی ۱۰۰ گرام، روغن زیتون ۲۵۰ ملی لیٹر، پانی ۲-۱/۲ لیٹر۔ تمام ادویہ پانی میں شب بھر بھگوئیں صبح جوش دیں جب ایک پاؤ رہ جائے تو چھان لیں اور روغن زیتون میں ملا کر گرم کریں جب صرف روغن رہ جائے تو محفوظ کر لیں۔

طریقہ استعمال: مقام ماؤف پر قلیل مقدار میں ملیں اور خوردنی طور پر معجون فالج (نمبر 432) کھلائیں۔ (حکیم حافظ خواجہ عبدالمجید قادری)

فوائد: فالج اسفل۔ پولیو۔ بایاں فالج۔ اعضاء کے سن ہو جانے میں مفید ہے۔

روغن کافوری (3)

ھوالشافی (125): شیر عشر ۵ تولہ، روغن تارپین ۲ تولہ، کافور ا تولہ، روغن کنجد ا پاؤ۔ روغن تارپین میں کافور حل کریں پھر روغن کنجد میں شیر عشر جلا کر دونوں مرکبات ملا لیں۔

☆ اگر تارپین خالص نہ ملے تو بیروزہ ۵ تولہ شیر عشر کے ساتھ روغن کنجد میں جلا لیں۔

طریقہ استعمال: ماؤف جگہ پر ہلکے ہلکے مالش کریں۔

فوائد: خارش۔ داد۔ چنبل۔ بواسیر اور جلن دار امراض کے لئے مفید ہے۔

روغن حکہ (3)

ھوالشافی (23): گندھک آملہ سار ۲۴ گرام، مردار سنگ۔ باوچی۔ کمیلہ۔ منسل۔ بالچھڑ۔ رال سفید۔ سیماب۔ کافور۔ سیندھور۔ کتھہ سفید مکد ۱۲ گرام، نیلا تھوتھا ۳ گرام، روغن جرجیر ۱۲۰ ملی لیٹر۔ تمام ادویہ روغن میں جلا کر صاف کر لیں۔

طریقہ استعمال: ماؤف جگہ پر لگائیں۔

فوائد: خارش۔ داد وغیرہ سوداوی امراض کے لئے مفید ہے۔

روغن ریم گوش (3)

ھوالشافی: ہڑتال ورقی۔ گندھک آملہ سار۔ زرد چوب مکد ۳۰ گرام، برگ یا گل جوڑ ماٹل ۵۰۰ گرام، روغن کنجد ا کلو گرام۔ روغن کنجد میں تمام اجزاء نرم آنچ پر جلا کر صاف کر لیں۔

طریقہ استعمال: ماؤف کان میں اسے ۳ قطرے ڈالیں۔

فوائد: سوزش و ریم گوش کے لئے مفید ہے۔

روغن اسراری (3)

ھوالشافی (23): بیروزہ خام۔ بالو مغسول مکد 1 کلو، گندھک آملہ سار۔ دانہ الائچی خورد مکد ۶۰ گرام۔ نصف ریت برتن کے پیندہ میں بچھائیں اس کے اوپر نصف بیروزہ رکھ دیں دانہ الائچی و گندھک کو ایک کاغذ میں باندھ کر بیروزہ کے اوپر رکھ کر باقی بیروزہ سے اس کو ڈھانپ دیں اور بقیہ نصف ریت اوپر ڈال دیں پھر برتن کا منہ خوب چپاں کر کے چولہے پر رکھ کر آگ جلائیں اور عرق کیطرح اسکا تیل کشید کریں

طریقہ استعمال: روئی کا پھایہ روغن میں بھگو کر زخم کے منہ پر رکھیں۔

فوائد: ناسور۔خراب سے خراب زخم مثلاً گھمبیر۔بھگندر۔کنٹھ مالا وغیرہ کے لئے مفید ہے۔کیسے بھی گہرے یا ترچھے زخم ہوں روغن زخم کے آخر تک پہنچ جائے گا، اس روغن کی موجودگی میں اپریشن کی ضرورت نہیں پڑتی۔

ریم گوش (3)

ھوالشافی: ہڑتال ورقیہ۔گندھک آملہ سار۔زرد چوب مکد ۳۰ گرام، کونپل برگد۔کونپل پیپل۔کونپل نیم مکد ۱۰۰ گرام، روغن کنجد ۱ لیٹر۔ تمام اجزاء روغن کنجد میں نرم آنچ پر جلا کر صاف کرلیں۔

طریقہ استعمال: ۲ یا ۳ قطرے ڈراپر سے ماؤف کان میں ڈالیں۔

فوائد: سوزش وریم گوش کے لئے مفید ہے۔

صبیان (3) PAEDREATICS

کالی (3)

ھوالشافی: کنڈیاری خوردہ ۲۵ گرام، ملح اسود۔ملح النار۔تنکار۔شورہ قلمی مکد ۲۰ گرام، بزر البنج ۱۰ گرام۔ باریک کرکے کلیا میں ۵ سیر اپلوں کی آگ دیں پھر اتار کر باریک کرکے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو رتی ہموزن کھانڈ ملا کر دیں۔ بڑوں کیلئے حسب عمر مقدار زیادہ کرلیں۔

فوائد: سوداوی امراض میں استعمال کرئیں۔پھیپھڑوں میں جمی ہوئی بلغم کو اکھاڑ پھینکتی ہے۔

مٹی شکم اطفال (3)

ھوالشافی: مردار سنگ مغسول ۴۰ گرام، گندھک آملہ سار مصفی ۲۰ گرام، دانہ الائچی خوردہ ۱۰ گرام۔ تمام ادویہ خوب باریک کرکے کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ رتی ہمراہ شیر گاؤ دو دن تک دیں۔

فوائد: بچے کی امعاء سے کیچڑ کی طرح غلیظ مٹی خارج ہو کر پیٹ صاف ہو جائے گا۔

سفوف دندی (3)

ھوالشافی: روغن جمالگوٹا ۵ قطرے، قند سفید ۱۲۰ گرام۔ خوب کھرل کرلیں۔

مقدار خوراک: 1 سے 2 رتی۔

فوائد: اسہال فضلہ رقیق اور زور سے خارج ہوتا ہو۔ گرما کے دست وقے جس میں بچہ کو قے کے بعد ضعف ہوجاتا ہے، پیٹ میں درد اور شدید مروڑ ہوں۔ قروح الامعاء۔ کانچ نکلنا۔ بواسیر خونی وغیرہ میں مفید ہے۔

مستورات (3) FEMALE SPECIAL

اختناقی (3)

ھوالشافی (42): ہینگ ۳۰ گرام، نمک دریائی۔ نمک سنگ۔ نمک سونچل۔ فلفل دراز۔ زنجبیل مکد ۱۰ گرام، آب لیموں ۵۰۰ ملی لیٹر. تمام ادویہ باریک کرکے آب لیموں میں کھرل کرکے خشک کرلیں۔

مقدار خوراک: ۳ گرام ہمراہ آب نیمگرم دن میں تین بار دیں۔

فوائد: اختناق الرحم۔ ہرنیا میں بغیر آب لیموں میں کھرل کئے دیں۔

شربت طمث (3)

ھوالشافی (24): تخم خیارین ۶۰ گرام، تخم حلبہ ۳۰ گرام، بادیان ۲۰ گرام، مجیٹھ۔ نانخواہ۔ انیسوں۔ شبت مکد ۱۵ گرام، کرفس ۱۰ گرام، قند سفید ۳۰۰ گرام. تمام ادویہ ۳ لیٹر پانی میں پکائیں نصف لیٹر رہنے پر چھان کر قند سفید ملا کر شربت تیار کرلیں.

مقدار خوراک: ۳۰ سے ۴۰ ملی لیٹر صبح وشام.

فوائد: عسر طمث اور اس کے باعث ہونے والا وجع القطن ووجع العانہ رفع ہوجاتا ہے. اگر اسے شربت مفید النساء کے ساتھ استعمال کیا جائے تو طاقت بڑھ جاتی ہے.

شربت مدر طمث (3)

ھوالشافی (42): مجیٹھ۔ باؤبڑنگ۔ تخم ہنولہ مکد ۵۰ گرام، تخم خربوزہ ۴۰ گرام،

ابہل۔ گوکھر وخورد۔ تخم مولی۔ تخم کدو مکدہ ۳۰ گرام، شکر سفید ۴ کلوگرام، ست لیموں ۱۲ گرام، ست لوبان ۶ گرام. نیمکوفتہ ادویہ کو ۴ لیٹر پانی میں شب بھر بھگوئیں جب چوتھائی اڑ جائے تو پن کر قوام کریں. قریب القوام ہو تو ست لوبان قدرے پانی میں حل کر کے ملا دیں اور قوام مکمل کریں.

مقدار خوراک: ۵۰ ملی لیٹر ہمراہ نصف پاؤ عرق بادیان یا نیمگرم پانی.

فوائد: احتباس نفاس۔ احتباس طمث۔ مخاطی مزاج دبلی پتلی عورتوں کیلئے مفید ہے

شربت مدر طمث (3)

هوالشافی (24): ست شرپرن یعنی نرول ۱۲۰ گرام، تخم حلبہ ۲۷ گرام، پوست بیخ پنبہ۔ کھوکھڑی پنبہ۔ تخم سن مکدہ ۶۰ گرام، جوتری ۴۸ گرام، تخم بندال ۲۴ گرام، قند سفید ۳۰۰ گرام. نرول کے علاوہ تمام ادویہ جوکوب کر کے ۵ لیٹر پانی میں پکائیں جب ایک لیٹر رہ جائے تو اتار کر ادویہ خوب ملیں اور کسی گفدار کپڑے میں پن کر قند سفید ملا کر شہد کے قوام پر شربت تیار کریں سرد ہونے پر ست شرپرن ملا کر خوب ہلائیں.

مقدار خوراک: ۳ سے ۱۲ گرام پانی میں ملا کر دن میں ۳ بار دیں.

فوائد: بیقاعدگی ایام۔ لیکوریا۔ وجع القطن۔ دوران ایام سردی محسوس ہونا۔ وجع الخصیۃ الرحم۔ وضع حمل یا اسقاط کے بعد رحم ڈھیلا ہو جانا میں فائدہ دیتا ہے.

جوشاندہ مدر طمث (3)

هوالشافی (24): مجیٹھ۔ کلونجی۔ تخم میتھرا۔ نانخواہ۔ تخم شبت۔ زنجبیل۔ زرد چوب۔ بادیان۔ تخم مولی۔ تخم گاجر مکدہ ۱۰ گرام. نیمکوفتہ کر کے ایک لیٹر پانی میں

پکائیں. نصف رہنے پر کپڑ چھان کر کے قند سیاہ ملا لیں.

مقدار خوراک: یہ ایک خوراک ہے. صبح و شام پلائیں. ساتھ بتی رکھائیں، شحم حنظل کی فرج میں دھونی دیں اور نانخواہ کی پوٹلی سے پیڑو وناف پر ٹکور کریں.

بتی: کڑچھی میں گھی ڈال کر قند سیاہ ملائیں پھر تھوڑا سا بہروزہ خشک ملا کر یکجان کر کے بتی بنا کر فم رحم میں رکھوائیں. ٹب میں جوشاندہ گل ٹیسو ڈال کر مریضہ کو ناف تک بٹھائیں.

فوائد: حیض کسی بھی سبب سے بند ہو کھل جائے گا لیکن سوزش رحم میں بعد علاج استعمال کرائیں

حب مدر طمث (3)

هوالشافی (52): تنکار ۱۰۰ گرام، کشتہ فولاد۔ ہینگ مکدہ ۵۰ گرام. تمام ادویہ سائیدہ ملا کر کھرل کریں اور بقدر ۲ رتی گولیاں بنا لیں.

مقدار خوراک: ۲ گولی صبح و شام ہمراہ آب نیمگرم ۴ روز قبل ایام شروع کرائیں.

فوائد: باپرہیز استعمال سے دو رتین ماہ میں باقاعدگی قائم ہو کر جسم کندن بنجاتا ہے

نسوانی (3)

هوالشافی (42): مرمکی۔ زعفران۔ فلفل سیاہ۔ ملح النار۔ شورہ قلمی زمینی مکدہ ۵۰ گرام. جملہ ادویہ باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں.

مقدار خوراک: ۱ گولی ہمراہ آب تازہ صبح و شام.

فوائد: ماہواری خواہ کسی وجہ سے اور کتنے ہی عرصہ سے بند ہو، ۲۴ گھنٹوں میں تنگی، درد، ورم اور دیگر تکالیف دور ہو کر حیض کھل کر آتا اور رحم بالکل صاف ہو جاتا ہے

جریان الدم (3)

ھوالشافی (27): برگ نیم ۔ مجیٹھ ۔ برگ مجیٹھ ۔ کچور ۔ صمغ عربی ۔ برگ حنا ۔ هرمچی مکد ۱۰ گرام۔ عرق گلاب ۷۰ ملی لیٹر میں ادویہ مسفوف ملا کر بقدر فلفل گرد گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح، دوپہر اور شام۔

فوائد: جریان الدم بعد از ولادت میں مفید ہے۔ (مولوی عمر دین مرحوم)

حب اٹھراہ (3)

ھوالشافی (42): دھماسہ ۔ فلفل گرد مکد ۵۰ گرام۔ نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح، دوپہر شام۔

فوائد: اسقاط اعتیادی کے لئے مفید ہے۔

حب اسقاط وسمن (3)

ھوالشافی (238): مویز منقی ۶۰ گرام، فلفل گرد ۴۰ گرام، چاسکو ۔ کچور مکد ۲۴ گرام، مروارید 1 گرام۔ خوب باریک کر کے بقدر فلفل گرد گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ آب تازہ بوقت شب خواب روزانہ۔

فوائد: اسقاط اعتیادی ۔ سیلان الرحم ۔ مہزل بدن۔ (حکیم مولوی عمر دین شیخوپورہ)

فرزجہ معین (3)

ھوالشافی: مرمکی ۲۴ گرام، ملح النار ۶ گرام، زعفران ۳ گرام۔ غبار کر کے ملالیں اور فرزجہ بنائیں۔

طریقہ استعمال: بذریعہ انجیکٹر یا دایہ سے حمول کرائیں۔

فوائد: ضعف وصلابت رحم ۔ معین حمل ۔ بعد غسل حیض استعمال کرائیں۔

قے حاملہ (3)

ھوالشافی (43): کپور کچری ۔ پودینہ ۔ فلفل گرد ۔ نمک سونچل ۔ کاکڑا سنگی ۔ ہیل بواخورد ۔ زہر مہرہ خطائی مکد ۵۰ گرام، مصری کالپی ۳۵۰ گرام۔ تمام ادویہ خوب باریک کر کے کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: نصف سے تین گرام منہ میں ڈال کر رس چوسیں۔

فوائد: خصوصاً حاملہ کی قے کے لئے مفید ہے۔

اکسیر مھزل (3)

ھوالشافی (432): دھماسہ ۔ کوڑ ۔ کنڈیاری ۔ خارخسک ۔ زرد چوب مکد ۲۰۰ گرام ، سنبلو ۔ صبر سقوطری ۔ شاہترہ مکد ۱۰۰ گرام۔ باریک کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی صبح، دوپہر اور شام ہمراہ عرق مہزل نمبر 4 دیں۔

فوائد: رسولیوں کو تحلیل اور موٹاپا ختم کرتا ہے۔ تحجر مفاصل میں مفید ہے۔

عرق بالصفاء (3)

ھوالشافی: بیرم سلفائیڈ ۵۰ گرام، عرق گلاب ۲۵۰ ملی ملی لیٹر میں بیرم ڈال کر آگ پر جوش دیں۔ ایک دو جوش دیکر کڑاہی نیچے اتار لیں اور لکڑی سے ۱۵ منٹ تک ہلاتے رہیں۔ سرد ہو کر فضلہ تہہ نشیں ہو جائے گا اوپر سے عرق برنگ زرد نتھار لیں۔

طریقہ استعمال: روئی کے پھایہ سے بالوں پر لگائیں تین چار منٹ بعد اوپر صاف پانی بہا دیں تا کہ دواء کے اثرات ختم ہو جائیں۔

فوائد: تین چار منٹ میں بالوں کو اڑا کر جلد صاف کر دیتا ہے.

بال صفاء(3)

ھوالشافی: مینگنی شتر سوختہ ۱۰ گرام، نمک سانبھر ۱ گرام.

طریقہ استعمال: مطلوبہ جگہ پر راکھ چوب پلاس کو ب ملیں پھر بالا سفوف پانی میں حل کر کے لیپ کر دیں.

فوائد: ۱۵ منٹ بعد بال بلاضرر صاف ہو جائیں گے اور کتنی مدت تک دوبارہ پیدا نہ ہونگے.

رجال(3) MALE SPECIAL

مقوی باہ(3)

ھوالشافی: عقرقرحا ۵۰ گرام، زعفران ۲۵ گرام. عقرقرحا نہایت باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں، زعفران کو آب ادرک میں کھرل کر کے شامل کریں اور خشک ہونے پر شیشے کی بوتلوں میں محفوظ کر لیں. (حکیم محمد عقیل چک ۶۴ ج.ب)

مقدار خوراک: نصف گرام ہمراہ دودھ نیمگرم صبح و شام.

فوائد: حرارت غریزیہ کی کمی کے باعث پیدا ہونے والے ضعف باہ میں مفید ہے.

محرک باہ(3)

ھوالشافی(234): زنجبیل ۱۱۰ گرام، خولنجاں ۵۵ گرام، جوتری ۲۵ گرام، قرنفل ۱۵ گرام، زعفران ۱۰ گرام. باریک کپڑ چھان کر کے محفوظ رکھیں.

مقدار خوراک: نصف گرام صبح و شام ہمراہ آب تازہ.

فوائد: حرارت غریزیہ کی کمی کے باعث پیدا ہونے والے ضعف باہ میں مفید ہے، قوت شہوانی کو بیدار کرتا ہے.

تریاق جریان(3)

ھوالشافی(32): کلونجی۔رائی سرخ باریک ۳۰۰ گرام، خولنجاں ۲۰۰ گرام.

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ گرام ہمراہ دودھ نیمگرم صبح و شام.

فوائد: جریان کے لئے مفید ہے. (تحقیقات جنسی امراض)

طلاء محلل (3)

ھوالشافی: روغن خردل۔ روغن نانخواہ۔ روغن بیدانجیر خطائی مکد ۱۰ ملی لیٹر۔ تینوں روغن ملا کر شیشے کی بوتل میں محفوظ کر لیں۔

طریقہ استعمال: چند بوندیں عضو پر ملیں۔ روغن بیحد تیز ہے اس لئے پہلے دن دواء کم مقدار میں لگائیں۔

فوائد: نامردی۔ ضعف باہ۔ جلق۔ اغلام۔ احتلام۔ داد۔ چنبل۔ خارش۔

قشری اعصابی (گرم تر)

تحریک نمبر (4)

قشری اعصابی تمام نسخہ جات کا مزاج گرم تر ہوتا ہے۔ یہ جگر و غدد نا قلہ کو مشینی طور پر تحریک دیتے ہیں اور خون میں اجزاءِ ناریہ (صفراء) بڑھاتے ہیں۔ انہیں عضلاتی (خشک) امراض کے لئے بالامالہ، قشری (گرم) امراض کے لئے بالمثل، اعصابی (تر) امراض کے لئے بالجذب یا اور مخاطی (سرد) امراض کے لئے بالضد کے اصول پر حسب ضرورت استعمال کیا جاتا ہے۔ مرض کی شدت یا خفت کو مدنظر رکھتے ہوئے دواء کی مقدار کم و بیش کی جا سکتی ہے۔ شدید صورتوں میں ملین، مسہل، اکسیر یا تریاق دس یا پندرہ منٹ کے وقفہ سے دیا جاتا ہے۔ جیسے جیسے مرض کا زور کم ہوتا جاتا ہے دواء کا وقفہ بڑھا کر تین یا چار گھنٹے کر دیتے ہیں۔

☆☆☆ قشری اعصابی نسخہ جات خون کا اصل مزاج (گرم تر) قائم کرتے ہیں اس لئے بے خوف و خطر استعمال کئے جا سکتے ہیں نیز یہ تمام امزجہ کو موافق ہوتے ہیں۔ خون سے ہر قسم کے فاسد مادے وز ہر صاف کرتے ہیں۔

فہرست ادویہ قشری اعصابی مزاج (4)

نام دواء	گروہ	نام دواء	گروہ	نام دواء	گروہ
کیمیاوی		نباتاتی		غذائی	
نوشادر	۵	کڑ شیریں	۶	ٹینڈے	۸
		چھلکا الائچی خورد	۶.۹	ہلدی	۷
		مغز ارنڈ	۷.۳	مونگرے	۷.۵
		برگ بانسہ	۷.۵	ادرک	۹
		املتاس	۷	بادام شیریں	۷.۵
		ریوند خطائی	۷.۵	خربوزہ	
مکو		عصارہ ریوند	۷.۲		
نمک سیاہ	۸	سورنجاں شیریں	۷.۸		
فلفل گرد	۶.۹	اندرجو شیریں	۸		
نمک سانبھر	۵	بھکھڑا	۷.۵		
نمک سینڈھا	۵.۵	گل عشر	۸		
نمک نلی	۵	آمیس شیریں	۸		
تربد سفید	۹	افتیمون	۸		
زوفہ	۷.۵	پپلی	۸		
برگ سورج مکھی	۸	نرکچور	۶		
انیسوں	۶.۵	سویا	۸		
سناء مکی	۹	ریٹھہ			

علاج بالغذاء (4)

ناشتہ: دلیہ گندم نمکین مرچ سیاہ والا۔ گندم کا دلیہ + دال مونگ چھلکے والی نمکین دیسی گھی میں۔ سویاں نمکین تڑخے والی۔ مربہ ادرک۔ آٹا مونگ میں بادام کا حلوہ۔ ادرک + بادام باریک کوٹ کر دیسی گھی میں نمک و مصالحہ بھون کر توش پر لگا کر کھالیں اوپر سے پودینہ + سونف یا ادرک + الائچی سبز کا قہوہ پئیں۔

دوپہر: ساگ گوبھی سرسوں۔ ساگ مکو۔ ٹینڈے۔ مونگرے۔ پودینہ + ادرک + دھنیا سبز + کالی مرچ کی چٹنی یا چٹنی نیاز بو سے گندم کی روٹی کھالیں۔

رات: دوپہر والا سالن اکیلا یا روٹی کے ساتھ کھالیں۔

مشروب: دودھ اونٹنی۔ قہوہ پودینہ + سونف۔ قہوہ ادرک + الائچی سبز۔ شربت شہد۔ شربت بادام۔ شربت بزوری حار (شربتوں کو زیادہ ٹھنڈا کر کے نہ پئیں)۔

مصالحہ جات: مرچ سیاہ۔ سونٹھ۔ ادرک۔ نمک پہاڑی۔ ہلدی۔

روغنیات: گھی دیسی۔ روغن بادام۔ روغن سرسوں۔ روغن سورج مکھی۔ روغن خربوزہ۔ روغن ارنڈ۔

پھل: خربوزہ میٹھا۔ پپیتہ۔ بادام۔ مغز فندق۔ چلغوزہ۔ مغز خربوزہ۔

مقبول طبی شفاخانہ

موتی مسجد رچنا ٹاؤن-2 اللہ ھو روڈ۔ستیانہ روڈ فیصل آباد

0321-6652523, 0300-7282992

مدر (4) DIURATIC

ھوالشافی: کلتھی ۷۰ گرام، ریوند خطائی۔ نوشادر ٹھیکری مکد ۵۰ گرام، چھل خربوزہ۔ بھکھڑا مکد ۳۰ گرام۔ باریک سفوف کرلیں۔

مقدار خوراک: 1/2 سے 1 گرام ہمراہ چوعرقہ (پودینہ+مکو+سونف+گلاب)

فوائد: مدر بول وطمث۔ مفتح سدد کبد وطحال۔ آماس۔

مدر حار (4)

ھوالشافی: پودینہ۔ ریوند خطائی۔ انیسوں۔ نوشادر ٹھیکری۔ شورہ سوختہ مکد ۵۰ گرام۔ تمام اجزاء علیحدہ علیحدہ باریک کپڑ چھان کرکے ملالیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ چوعرقہ دن میں تین بار۔

فوائد: آماس۔ ورم جگر وکلیہ۔ مفتح سدد جگر وطحال۔ مدر حار ہے، جب دیگر مدرات سے فشار الدم میں ضعف آتا ہو تو اسے استعمال کرائیں۔ (حکیم محمد نواز سیالکوٹ)

مدر پاسلوی (4)

ھوالشافی: بالچھڑ۔ تیزپات۔ ریوند خطائی۔ نوشادر ٹھیکری۔ قلمی شورہ مکد ۱۰۰ گرام۔ خوب باریک کرکے کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: نصف سے تین گرام ہمراہ بدرقہ مناسب۔

فوائد: محلل اورام۔ ورم الکبد۔ ورم الرحم وغیرہ میں مفید ہے۔ حکیم عقیل پاسلوی

محرک (4) STIMULANT

ھوالشافی: زنجبیل ۴۰ گرام، نوشادر ٹھیکری۔ ریوند خطائی مکد ۲۵ گرام۔ تمام

اجزاء خوب باریک کرکے کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ تازہ پانی یا عرق مکو یا عرق سونف۔

فوائد: یرقان اسود۔ عظم الطحال۔ عظم الکبد۔ ملیریا۔ ورم ہر قسم۔ پھوڑے پھنسی۔ استسقاء ہر قسم۔ مالنخولیا۔ جنون۔ احتلام۔ سرعت انزال۔ بواسیر ہر دو قسم۔ پیچش مزمن۔ اوجاع ریاحی۔ وجع المفاصل۔ کثرت طمث۔

☆☆☆ کثرت طمث مزمن کی صورت میں ابتداءً اعصابی قشری ادویہ استعمال کرائیں پھر قشری اعصابی کی خفیف مقدار اس میں شامل کریں، جب علامات کی شدت ختم ہو جائے تب مرض کو بیخ و بن سے اکھاڑنے کے لئے قشری اعصابی محرکات استعمال کرائیں۔

سفوف احمر (4)

ھوالشافی (48): فلفل گرد۔ نوشادر ٹھیکری۔ گیرو چائنا مکد ۱۰۰ گرام۔ باریک کرلیں۔

مقدار خوراک: نصف سے دو گرام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: وجع البطن واحشاء۔

مصفی خون (4)

ھوالشافی: گندھک آملہ سار۔ ریوند خطائی۔ انیسوں۔ فلفل گرد۔ نوشادر ٹھیکری۔ قلمی شورہ مکد ۱۰۰ گرام۔ باریک کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام۔

فوائد: یرقان اسود واصفر۔ امراض رحم۔ جلدی امراض۔ (حکیم عقیل پاسلوی)

محرک شدید SEVERE STIMULANT(4)

ھوالشافی: زنجبیل ۴۰ گرام، ریوند خطائی۔نوشادر ٹھیکری مکد ۲۵ گرام، فلفل گرد ۱۰ گرام. باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: نصف سے دو گرام دن میں تین بار ہمراہ تازہ پانی رشربت بزوری حاررجوشاندہ مدر بول۔

فوائد: وجع المفاصل۔یرقان اسود۔عظم الطحال۔عظم الکبد۔ملیریا۔ورم ہر قسم۔استسقاء ہر قسم۔مالخولیا۔جنون۔احتلام۔اوجاع ریاحی۔کثرت طمث۔پیچش مزمن۔پھوڑے پھنسیاں۔بواسیر خونی وبادی۔حرقت البول۔دردوں کے لئے کشتہ گئودنتی ۲ رتی اضافہ کر لیں۔

☆☆☆ جس مرض میں ورم وجلن کی شدید کیفیت ہوا سے پہلے علاج بالضد کے تحت اعصابی قشری ادویہ سے اعتدال پر لائیں جب جلن اور ورم کی شدت کم ہوائے پھر قشری محرک نسخہ جات استعمال کرائیں۔

صفرافل (4)

ھوالشافی: آب زہرہ بز ۴۰ گرام، فلفل گرد ۳۰ گرام ملا کر رکھ دیں. جب آب زہرہ جذب ہو جائے تو کھرل کر کے خشک کر دیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام تک۔

فوائد: وجع الکلیہ۔بواسیر خونی۔ذیابیطس۔ضعف اشتہاء اور جملہ سوداوی امراض میں سمجھ کر استعمال کریں۔

سفوف سعال بندقی (4)

ھوالشافی: شب یمانی۔نمک سونچل مکد ۲۰ گرام، ریٹھہ سوختہ۔نوشادر ٹھیکری۔تنکار شگفتہ مکد ۱۰ گرام. خوب باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: ا گرام ہمراہ آب تازہ دن میں تین یا چار بار دیں۔

فوائد: سعال یابس (جو غضروف خنجری کے نیچے سوزش ہو کر اٹھتی ہے) کے لئے مفید ہے

سفوف سعال (4)

ھوالشافی: کرنجوا سوختہ۔خاکسی بریاں۔چوب چینی۔قسط شیریں مکد ۵۰ گرام، راکھ چرچٹہ ۱۰ گرام. تمام ادویہ باریک کپڑ چھان کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام شہد میں ملا کر دن میں تین بار چٹائیں۔

فوائد: کھانسی۔دمہ۔عسر تنفس۔سوزش حلق جیسے تنفسی عوارضات میں مفید ہے۔

سفوف شھیقہ (4)

ھوالشافی: رب السوس ۱۲۰ گرام، نانخواہ۔گرہ زرد چوب۔نمک سنگ مکد ۱۱۰ گرام، کاکڑا سنگی ۷۰ گرام، اتمیس شیریں ۵۰ گرام، فلفل دراز ۲۰ گرام، جوتری ۱۰ گرام. نانخواہ، زرد چوب وملح باریک کر کے آہنی تابہ پر پیالہ دیکر نرم آنچ پر براؤن کر لیں، دھوآں نہ نکلے پھر دیگر ادویہ ملا دیں۔

مقدار خوراک: ۳ سے ۵ رتی شہد میں ملا کر چٹائیں۔

فوائد: دمہ یابس وسعال یابس جس میں گلے میں خراش ہو کر کھانسی اٹھتی ہے۔

مقبول طبی شفاخانہ موتی مسجد رچناٹاؤن 2, اللہ ھو روڈ۔ستیانہ روڈ فیصل آباد

حب گل پستہ (4)

ھوالشافی: گل پستہ۔ گل عشر مکدہ ۱۰۰ گرام، آب ادرک ۵۰ ملی لیٹر میں ادویہ مسفوف گوندھ کر نخودی گولیاں بنالیں. خشک کر کے شیشے کی بوتلوں میں محفوظ کرلیں.

مقدار خوراک: ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں دن میں تین بار.

فوائد: سعال سوداوی جس میں غیر طبعی سوداء بصورت لیسدار لعاب خارج ہوتا ہے مفید ہے۔ حجرہ وسینہ کو جمی ہوئی بلغم سے صاف کرتی ہے.

حب لوزہ (4)

ھوالشافی: مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ فلفل گرد۔ رب السوس۔ صمغ عربی۔ السی مکدہ ۲۵ گرام، قند سفید ۷۵ گرام. فلفل، ست اور گوند باریک سفوف کر کے چھان لیں. مغزیات باریک کر کے موٹی چھلنی سے چھان لیں پھر سب اجزاء ملا کر آب ادرک سے نخودی گولیاں بنالیں.

مقدار خوراک: ۲ گولی صبح دوپہر شام منہ میں رکھ کر چوسیں.

فوائد: کھانسی۔ مخرج بلغم غیر طبعی۔ سوزش حلق وحجرہ.

بدل اسپرین (4)

ھوالشافی: پپلا مول نہایت باریک سفوف کرلیں.

مقدار خوراک: ۲ گرام ہموزن کھانڈ میں ملا کر نیمگرم دودھ سے کھلا دیں.

فوائد: اسپرین سے تیز اثرات کا حامل ہے. صداع مزمن کی صورت میں لگا تار استعمال کرائیں۔ وجع البدن کے لئے بمطابق ضرورت ملین 3 یا شدید 4 میں شامل کر کے دیں۔ بے خوابی کے لئے مفید ہے.

حب اوجاع ریاحی (4)

ھوالشافی: اجوائن دیسی۔ ول جوین (اجمود)۔ زنجبیل۔ فلفل دراز۔ فلفل گرد۔ نمک نلی۔ نمک سونچل۔ نمک سانبھر۔ نمک سنگ مکدہ ۵۰ گرام. تمام ادویہ باریک کپڑ چھان کر کے آب حنظل میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں.

مقدار خوراک: ۲ گولی ہمراہ تازہ پانی صبح وشام.

فوائد: درد ریح اور تبخیر کی شکایت رفع ہوجاتی ہے.

سفوف وجع القلب (4)

ھوالشافی: پپلا مول۔ ہیل بوا خورد ہر ایک ۱۰۰ گرام. باریک کپڑ چھان کرلیں.

مقدار خوراک: نصف سے تین گرام ہمراہ قہوہ پودینہ + ادرک دن میں تین بار.

فوائد: وجع القلب میں مفید ہے.

کاسق سود (4)

ھوالشافی: کالی زیری۔ افسنتین۔ سہاگہ شگفتہ مکدہ ۱۰۰ گرام، قلمی شورہ ۲۰۰ گرام. تمام اجزاء خوب باریک کر کے کپڑ چھان کرلیں.

مقدار خوراک: نصف سے ڈیڑھ گرام تک ہمراہ قہوہ نانخواہ + زیرہ سیاہ + الائچی خورد استعمال کرائیں.

فوائد: مزمن امراض سوداوی۔ یرقان اسود. (حکیم اعجاز نواز سیالکوٹ)

شوگرین (4)

ھوالشافی: زنجبیل ۱۱۰ گرام، کندر۔ گوکھرو۔ خولنجاں۔ زعفران۔ زہرہ بز۔ تخم ملو۔ اندر جو شیریں۔ فلفل گرد۔ مصطگی رومی مکدہ ۳۰ گرام، اندر جو تلخ۔ برگ گز مار مکد

۱۰ گرام. تمام ادویہ نہایت باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں.

مقدار خوراک: نصف گرام ہمراہ تازہ پانی صبح، دوپہرو شام.

فوائد: ذیابیطس بوجہ تسکین وتخدیر جگر میں بے حد مفید ہے.

☆☆☆ اگر تلخی لگے تو بمطابق ضرورت صبح وشام یا صرف صبح ایک خوراک کر دیں، ساتھ محرک جگر ادویات جاری رکھیں.

حب حابس (4)

ھوالشافی (247): کشمش۔ ہلدی گنڈی۔ کتھ سفید مکد ۱۰۰ گرام. خوب باریک کر کے نخودی گولیاں بنالیں.

مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ آب تازہ صبح، دوپہر شام.

فوائد: براز الدم۔ جریان الدم بواسیری. (حکیم خواجہ عبدالمجید قادری)

سفوف لکنت (4)

ھوالشافی (45): دانہ الائچی خوردہ ۵۰ گرام، عقرقرحا ۳۰ گرام، خولنجاں۔ فلفل سفید مکد ۱۰ گرام، قند سفید ۱۰۰ گرام. باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں.

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام زبان پر رکھ کر رس چوسیں.

فوائد: زبان کی لکنت میں مفید ہے.

مؤلد خون (4)

ھوالشافی: اسگندھ ۲۸۰ گرام، مغز بنولہ ۱۰۰ گرام، دھماسہ ۷۰ گرام، گل غافث۔ خوب کلاں۔ فلفل گرد مکد ۵۰ گرام، فاسفیٹ آف آئرن ۱۰ گرام، قند سفید ۵۶۰ گرام. تمام اجزاء نہایت باریک کر کے محفوظ کر لیں...یا...ادویہ کو دس گنا پانی

میں شب بھر بھگوئیں اور صبح جوشدیکر پن لیں پھر حاصل جوشاندہ سے ڈیڑھ گنا قند سفید ڈال کر قوام کر لیں...یا.........قوام گاڑھا کر کے یا شہد میں معجون بنالیں.

مقدار خوراک: سفوف نصف سے ایک گرام/شربت ایک چمچہ ہمراہ دودھ نیم گرم صبح و شام بعد طعام...بصورت معجون ایک چمچہ صبح بعد طعام ہمراہ دودھ نیمگرم دیں

فوائد: سوء القنیہ۔ سرطان الدم میں مفید ہے.

☆☆☆ سرطان الدم Blood Cancer کی صورت میں پہلے بدن کو تیزابی زہریلے مواد سے اعصابی وقشری مرکبات سے صاف کر لیں، بعدہٗ یہ نسخہ استعمال کرائیں.

ملین LEXATIVE(4)

ھوالشافی: زنجبیل ۴۰ گرام، ریوند خطائی۔ نوشادر ٹھیکری مکد ۲۵ گرام، فلفل گرد ۱۰ گرام، سنامکی ۱۰۰ گرام. تمام اجزاء خوب باریک کپڑ چھان کر لیں.

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام ہمراہ تازہ پانی یا قہوہ ادرک+سونف دن میں تین بار.

فوائد: وجع المفاصل۔ یرقان اسود۔ عظم الطحال۔ عظم الکبد۔ ملیریا۔ ورم ہر قسم۔ استسقاء ہر قسم۔ مالخولیا۔ جنون۔ احتلام۔ اوجاع ریاحی۔ کثرت طمث۔ پیچش مزمن۔ پھوڑے پھنسیاں۔ بواسیر خونی وبادی۔ حرقت البول وغیرہ میں معمولی قبض کی صورت میں استعمال کرائیں. حصاۃ المرارہ میں بقدر ۲ گرام دن میں تین بار دینے سے پتہ کی پتھری حل ہو کر دوبارہ صفراء میں تبدیل ہو جاتی ہے.

ضربہ (4)

ھوالشافی: ریوند خطائی۔زرد چوب۔پوست بندق مکد ۱۰۰ گرام۔ تمام اجزاء خوب باریک کرکے کپڑ چھان کرلیں

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار۔

فوائد: حساسیت بدن۔بثور۔سوزش وورم رحم واعضاءِ تناسلیہ میں مفید ہے۔ضربہ وسقط میں چوٹ کے اثرات کو دنوں میں زائل کرتا ہے۔ (حکیم مقبول چیمہ)

☆☆☆ شدید علامات میں اطریلالی (۳۸) کے ہمراہ دیں۔

ملین (4)

ھوالشافی (43): تیزپات۔سناءمکی مکد ۱۰۰ گرام۔ باریک کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ پانی دن میں چار بار۔

فوائد: نفخ۔ریاح شکم۔دردمعدہ وامعاء۔یبوست بدن۔دائمی قبض کیلئے مفید ہے۔

حب ملین (4)

ھوالشافی (245): ایلوا۔عصارہ ریوند۔گلسرخ مکد ۱۲۰ گرام، مصطگی رومی ۴۰ گرام، فلفل گرد۔زنجبیل۔سقمونیا ولایتی ۳۰ گرام۔ تمام ادویہ خوب باریک کرکے آب ادرک سے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ سے ۲ گولی ہمراہ آب تازہ بوقت شب خواب۔

فوائد: لگاتار استعمال دائمی قبض سے نجات دیتا ہے۔ ضروری ہے کہ آئندہ ترشی و بادی سے پرہیز رکھا جائے۔

مصغر طحال (4)

ھوالشافی (43): کوڑ۔فلفل دراز مکد ۲۵۰ گرام، بیخ دار فلفل۔تربد سفید مجوف مکد ۱۵۰ گرام، باؤبڑنگ ۱۰۰ گرام، بیخ چیتہ۔فلفل گرد مکد ۵۰ گرام، رائی سرخ۔سرپھوکہ۔رائی سرخ مکد ۳۰ گرام، پوست ہلیلہ زرد ۱۰ گرام۔ باریک کپڑ چھان کریں

مقدار خوراک: نصف سے تین گرام ہمراہ آب نیمگرم دن میں تین رچار بار۔

فوائد: بڑھی ہوئی تلی کو سکیڑ کر اصلی حالت پر لاتا ہے۔ (حکیم مقبول چیمہ)

مسہل (4) PURGATIVE

ھوالشافی: زنجبیل ۴۰ گرام، ریوند خطائی۔نوشادر ٹھیکری مکد ۲۵ گرام، فلفل گرد ۱۰ گرام، سنا مکی ۱۰۰ گرام، عصارہ ریوند ۵۰ گرام۔ تمام اجزاء باریک کرکے کپڑ چھان کرلیں، عصارہ ریوند کو علیحدہ سفوف کرکے ملالیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ تازہ پانی رات سوتے وقت۔ ۲ سے ۴ رتی کی مقدار صبح دوپہر شام دے سکتے ہیں، مسہل کو تیز کرنے کے لئے نیمگرم پانی سے استعمال کرائیں، اس کی قے آور تاثیر سے بچنے کے لئے رات سوتے وقت استعمال کریں۔

فوائد: تیزبیت کے تمام امراض۔وجع المفاصل۔پٹھوں کے جملہ امراض میں بے خطر استعمال کرا سکتے ہیں۔

☆☆☆ تیزابی امراض میں اس کے استعمال سے جب زہریلا مواد خارج ہوتا ہے تو عارضی طور پر مقعد میں جلن کی شکایت ہوجاتی ہے جس سے ڈرنے کی ضرورت نہیں

کیونکہ تیزابیت کا زور ٹوٹتے ہی جلن خود بخود ختم ہو جاتی ہے.

مسهل اوجاع (4)

هوالشافی (24): مقل ارزق مدبر۔ غاریقون مغربل۔ شحم حنظل۔ بابونہ۔ تربد سفید۔ سورنجاں شیریں۔ مصبر زرد۔ زنجبیل۔ عشق پیچہ مکدہ ۱۰۰ گرام. لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں.

مقدار خوراك: 1 گولی صبح وشام ہمراہ شربت بزوری 3 تولہ اور عرق بادیان 12 تولہ استعمال کرائیں.

فوائد: یوریا کے سبب ہونے والے وجع المفاصل میں تمام مواد بذریعہ اسہال خارج کرتا ہے لطف کی بات کہ نازک طبع مریضوں کو بھی کسی قسم کی تکلیف نہیں ہوتی.

حب نقرس (4)

هوالشافی: ہرڑ جلا پا۔ سورنجاں شیریں مکدہ ۳۰ گرام، سقمونیا ولایتی ۲۰ گرام، زراوند مدحرج ۱۰ گرام. تمام اجزاء باریک کپڑ چھان کر کے نخودی گولیاں بنالیں.

مقدار خوراك: ایک گولی صبح دوپہر شام ہمراہ تازہ پانی.

فوائد: تحجر مفاصل۔ نقرس۔ کثرت یورک ایسڈ۔ ورم جسم۔ وجع الکلیہ۔ سنگ گردہ۔ سعال یابس۔ یرقان۔ نزلہ زکام۔ استسقاء۔ ریاح معدہ وامعاء. (مجربات صابر)

حب نقرس محبوبی (4)

هوالشافی: سورنجاں شیریں ۶۰ گرام، مصطگی ۳۰ گرام، فرفیون ۱۴ گرام، زنجبیل ۱۲ گرام، تج۔ حب قرطم۔ انیسوں۔ فلفل دراز۔ فلفل سفید۔ زیرہ سیاہ مکدہ ۷ گرام. جملہ ادویہ نہایت باریک کر کے آب ادرک سے نخودی گولیاں بنالیں.

مقدار خوراك: پوست حنظل ۱۷ گرام، مویز منقیٰ ۶۰ گرام کو ڈیڑھ سیر پانی میں پکائیں. جب ڈیڑھ پاؤ رہ جائے تو صاف کر کے پلائیں، اس سے دس سوداوی (بلغم مخاطی) دست آئیں گے. اس کے بعد حب نقرس ۷ گرام کی خوراک دیں.

فوائد: نقرس کو ایک گھنٹہ میں سکون بخشتی ہے.

☆☆☆ یہ نسخہ الحاج حکیم سید محبوب علی شاہ صاحب کا ہے. بہتر ہے کہ مقدار خوراک کم کر کے ۳ سے ۵ گولی یا ایک گرام دی جائے.

دیدان شکم (4)

هوالشافی: تربد سفید۔ باؤبڑنگ۔ کمیلہ مکدہ ۵۰ گرام. تمام اجزاء باریک کپڑ چھان کر لیں.

مقدار خوراك: رات کو دودھ میں شکر سرخ ملا کر پلائیں، علی الصبح ناریل ایک تولہ گھوٹ کر پلائیں، تیسرے دن سے ناریل کے بعد ۷ گرام سفوف ہمراہ پانی دیں

فوائد: تین چار دن میں تمام کرم مردہ ہو کر خارج ہو جاتے ہیں.

اکسیر ELIXIR(4)

هوالشافی: زنجبیل ۴۰ گرام، نوشادر ٹھیکری۔ فلفل گرد مکدہ ۳۰ گرام، ہڑتال ورقی ۱۰ گرام. ہڑتال کو آب ادرک میں کھرل کریں جب خوب رنگ نکل آئے تو دیگر ادویہ سائیدہ کے ساتھ ملالیں.

مقدار خوراك: ۲ سے ۴ رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دن میں تین بار.

فوائد: تب محرقہ۔ ملیریا۔ ریاح شکم۔ استسقاء۔ سوء القنیہ۔ خارش۔ ورم دست و

پاء۔ سعال۔ حرقت البول۔ مغض۔ مؤلد حرارت غریزیہ۔ (از مجربات صابر)

اکسیر الکبد (4)

ھوالشافی (45): ریوند خطائی ۵۰ گرام، جوہر نوشادر۔ جوہر قلمی شورہ مکدہ ۲۰ گرام، میٹھا سوڈا ۱۰ گرام جوہر ثنایا کی ترکیب سے نوشادر کا جوہر اڑا کر تمام ادویہ مسفوف ملالیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ گرام۔

فوائد: جگر کے تمام امراض میں مفید ہے۔ عظم الکبد۔ ورم الکبد۔ وجع الکبد۔ وجع البطن۔ اپھارہ۔ ضعف ہضم۔ سوزش گردہ ومثانہ میں مفید ہے.... اگر پیشاب کم مقدار میں آئے تو بقدر ۲ گرام کو پانی میں حل کر کے پلادیں پیشاب کھل کر آنے لگے گا۔

اکسیر اصفر (4)

ھوالشافی: تریاق ابیض ۲۵۰ گرام، شب یمانی ۱۰۰ گرام، ہڑتال طبقی ۱۰ گرام ہڑتال کو آب ادرک میں کھرل کر کے مثل غبار کرلیں۔ جب رنگ نکل آئے تو شب یمانی کے فرش ولحاف میں کشتہ کرلیں۔ پھر تریاق ابیض تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی سے ڈیڑھ ماشہ حسب عمر وطاقت ہمراہ تازہ پانی، خمیرہ یا مکھن استعمال کرائیں (نهاو منه هو نكزنه ڈیبی)۔ (لقمانی گائیڈ)

فوائد: قلاع دہن مزمن۔ خارش تر۔ ریم رقرحہ رناسور گوش۔ قروح خبیثہ۔ خنازیر۔

طبقی جدید (4)

ھوالشافی (52): تنکار شگفتہ۔ تریاق ابیض مکدہ ۲۵۰ گرام، رسکپور۔ ہڑتال ورقی مکدہ ۱۰ گرام۔ ہڑتال کو آب ادرک میں کھرل کر کے رنگ نکالیں رسکپور کو سرمہ کی طرح باریک کھرل کریں اور تنکار و تریاق تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے جائیں حتیٰ کہ تمام اجزاء یکجان ہوجائیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو رتی منقیٰ میں رکھ کر بعد طعام کھلائیں۔

فوائد: بہت تیز مصفیٰ خون ہے۔ پھوڑے پھنسی۔ خارش۔ قلاع دہن۔ ریم گوش۔

تریاق (4) ANTI-DOTE

ھوالشافی: بیخ اٹ سٹ۔ ریوند خطائی۔ نوشادر ٹھیکری۔ قلمی شورہ سوختہ مکدہ ۱۰۰ گرام۔ تمام اجزاء نہایت باریک کر کے کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ آب نیمگرم رشربت بزوری حار یا جوشاندہ مدر بول۔

فوائد: سوزش جگر وگردہ۔ یرقان۔ آماس۔ ورم بدن۔ پیپ در بول۔ ذیابیطس مخاطی وعضلاتی۔ سنگ گردہ، مثانہ وپتہ۔

تریاق خترق (4)

ھوالشافی: ریوند خطائی۔ افسنتین۔ نوشادر ٹھیکری۔ قلمی شورہ سوختہ مکدہ ۱۰۰ گرام۔

مقدار خوراک: نصف سے دو گرام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: امراض کبدی سوداوی۔ ورم الکبد۔ ورم الرحم۔

تریاق یورک ایسڈ (4)

هوالشافی: زنجبیل۔سورنجاں شیریں پپیتہ خام۔سنا مکی۔نمک چہار۔اندر جو شیریں۔رازیانہ مکد ۵۰ گرام، پوست بیخ عشر ۴۰ گرام، سوڈا خوردنی ۳۰ گرام، ملح الفجل ۲۰ گرام تمام اجزاء خوب باریک کر کے ملالیں۔

مقدار خوراک: ۴ سے ۸ رتی ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: کثرت یورک ایسڈ۔وجع المفاصل شدید۔وجع البواسیر۔

☆☆☆ حب صفائی کے دوران یورک ایسڈ (تیزابی فضلہ) پٹھوں سے نکل کر واپس خون میں آتا ہے تو تلخی محسوس ہوتی ہے، اس کیلئے نرم غذائیں و ہلکے مدرات شامل رکھیں۔

تریاق وجع الفواد (4)

هوالشافی: نمک شیشہ ۸۰ گرام، زعفران کشمیری ۴۰ گرام، شیر شتر اڑھائی لیٹر کوکڑاہی میں نمک کے ساتھ ملا کر ہلکی آنچ پر کھویا بنائیں۔ کھویا بننے کے قریب ہو تو زعفران سائیدہ در عرق گلاب اس میں ملا دیں اور مکمل ہونے پر اتار لیں اور ہوا بند ڈبہ میں محفوظ کرلیں۔

☆ ڈبہ و مرکب خشک کرلیں کیونکہ گیلے میں ڈبہ کھلا رہنے سے بدبو پیدا ہو جاتی ہے۔

مقدار خوراک: ا سے ۳ گرام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: مریض وجع الفواد کو دینے سے فوراً آرام ہو جاتا ہے۔

مقوی INSIGORATING(4)

لبوب مقوی جگر (4)

هوالشافی: مغز پنبہ دانہ ۱۰۰ گرام، مغز اخروٹ۔کنجد سفید۔تخم پیاز۔مغز چلغوزہ۔مغز خربوزہ۔مغز فندق۔مغز بادام شیریں۔تخم گزر مکد ۵۰ گرام، فلفل سفید ۵ گرام، عسل مصفی سہ چند جملہ ادویہ (۱.۶۵۰ کلوگرام)۔ تخم پیاز و گزر اور فلفل سفید باریک کر کے چھان لیں، مغزیات کو باریک کوٹ کر موٹی چھلنی سے چھان لیں اور شہد گرم کر کے ادویہ ملا کر ایک ہفتہ رکھیں۔ جب مغزیات پھول کر شہد جذب ہو جائے تو استعمال کرائیں۔

مقدار خوراک: ۶ سے ۹ گرام ہمراہ دودھ نیمگرم صبح و شام۔

فوائد: مخاطی (سوداوی) مزاج والوں کیلئے بے انتہاء مقوی باہ، جگر و کلیتین ہے۔

☆☆☆ عضلاتی مزاج والے اشخاص کے لئے مغز اخروٹ۔تخم پیاز۔کنجد کی جگہ مغز خیارین۔مغز کدو۔مغز تربوز اسی وزن میں بدل لیں۔

دماغی ٹانک (4)

هوالشافی: مغز بادام ۸۰ گرام، چلغوزہ ۶۰ گرام، کاجو ۴۰ گرام، پستہ۔مغز کدو۔مغز تربوز مکد ۲۰ گرام، سونف ۱۷ گرام، مغز اخروٹ ۱۶ گرام، مغز فندق ۸ گرام، الائچی سبز۔فلفل گرد۔اسطوخودوس۔بنفشہ مکد ۴ گرام، نمک ترپھلہ ۲ گرام۔ تمام اجزاء باریک کر کے روغن زرد میں خوب چرب کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ نیمگرم۔

فوائد: مقوی دماغ و بدن ہے۔

هاضم DIGESTIVE(4)

ھوالشافی: زنجبیل۔نوشادر ٹھیکری ہر ایک ۲۰۰ گرام، فلفل گرد۔فلفل دراز۔نمک سونچل۔صعتر ہر ایک ۱۰۰ گرام، الائچی سبز ۲۰ گرام، ست پودینہ۔ست اجوائن ہر ایک ۱۰ گرام
تمام ادویہ باریک کپڑ چھان کر کے دونوں ست تھوڑے سے سفوف میں کھرل کر کے بعدہٗ تمام میں ملا دیں اور ہوا بند شیشی میں محفوظ رکھیں ورنہ ست اڑ جائیں گے

مقدار خوراک: ایک سے چار رتی منہ میں ڈال کر رس چوسیں.

فوائد: ہاضم۔مشتہی۔کاسر ریاح۔مانع صعود بخارات ردیہ۔پیٹ درد کے لئے براء الساعۃ ہے رس چوسنے سے درد تھوڑی دیر میں ختم ہو جاتا ہے.

ھاضم انوفنم (4)

ھوالشافی: دانہ ہیل بوا خورد۔ملح النار ہر ایک ۱۵۰ گرام، فلفل گرد۔نمک سونچل ہر ایک ۷۰ گرام، ست پودینہ ا گرام. تمام اجزاء باریک کپڑ چھان کر کے ست پودینہ ملا کر کھرل کریں اور ہوا بند شیشی میں محفوظ کر لیں.

مقدار خوراک: ا سے ۴ رتی منہ میں ڈالکر لعاب چوسیں.

فوائد: سوءِ ہضم۔وجع البطن کے لئے براء الساعۃ ہے.

دواء ھاضوم (4)

ھوالشافی (45): دانہ الائچی خورد ۱۲۰ گرام، نمک لاہوری۔زنجبیل ہر ایک ۸۰ گرام، نمک سونچل۔نمک سانبھر۔نمک دریائی ہر ایک ۶۰ گرام، فلفل دراز۔میٹھا سوڈا ہر ایک ۴۰ گرام، روغن شفاء۔فلفل گرد ہر ایک ۳۰ گرام، ست لیموں ۲۰ گرام، روغن دار چینی ۱۰ گرام. تمام اجزاء خوب باریک کپڑ چھان کر کے ملا لیں.

مقدار خوراک: ۲ سے ۳ گرام بعد از غذاء.

فوائد: ضعف آلات انہضام۔نفخ۔قراقر معدہ وامعاء۔ضعف اشتہاء۔وجع البطن۔آروغ ترش میں مفید ہے.

ھاضم بجلی (4)

ھوالشافی (35): ست پودینہ۔ست اجوائن۔ست الائچی ہر ایک ۳ گرام، قند سفید 1 پاؤ. تینوں ست بطریق معروف روغن کر کے قند سفید میں ملا لیں.

مقدار خوراک: نصف سے دو گرام.

فوائد: پہلی ہی خوراک سے درد شکم کافور ہو جاتا ہے۔نفخ و بدہضمی میں مفید ہے۔عام بدنی دردوں اور بخاروں میں بھی مفید ہے.

ھاضم شیریں (4)

ھوالشافی (41): انار دانہ ۲۰۰ گرام، نانخواہ۔فلفل دراز۔فلفل موبہ۔فلفل گرد۔زنجبیل۔زیرہ سیاہ۔کشنیز ہر ایک ۴۰ گرام، دار چینی۔تیز پات۔الائچی خورد ہر ایک ۱۰ گرام، قند سفید نصف وزن (۲۵۰ گرام) جملہ ادویہ. تمام اجزاء باریک کپڑ چھان کر لیں.

مقدار خوراک: نصف گرام بعد طعام.

فوائد: ہاضم۔کاسر ریاح...... خصوصاً سوداوی مزاج اشخاص کے لئے. (نیاز علی)

حب ھاضم (4)

ھوالشافی: زنجبیل۔نوشادر ٹھیکری۔فلفل گرد۔نمک سونچر ہر ایک ۵۰۰ گرام، نانخواہ۔پودینہ ہر ایک ۲۵۰ گرام، الائچی سبز ۲۰۰ گرام، اجمود ۱۰۰ گرام، ست پودینہ۔ست اجوائن ہر ایک ۷ گرام. باریک کر کے نخودی گولیاں بنا لیں.

مقدار خوراک: ایک گولی منہ میں رکھ کر رس چوسیں.

فوائد: سوءِ ہضم۔ضعف اشتہاء۔ہیضہ۔ (حکیم مقبول چیمہ)

نمک شیخ الرئیس (4)

ھوالشافی: نمک سانبھر 400 گرام، فلفل سفید 80 گرام، سنبل الطیب ۔تخم جرجیر۔پودینہ باغی۔نانخواہ۔اجمود۔فلفل سیاہ۔زنجبیل۔نوشادر ٹھیکری مکد 50 گرام۔ جملہ ادویہ خوب باریک کرکے کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: دو سے تین گرام ہمراہ آب تازہ دن میں دو تین بار۔

فوائد: محلل ریاح۔مقوی معدہ۔ہاضم طعام۔مولد خون صالح۔

ہاضم عشری (4)

ھوالشافی: گل عشر ۱۰۰ گرام، زنجبیل۔فلفل دراز۔نمک سونچل مکد ۵۰ گرام۔ تمام اجزاء باریک کرکے کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ تازہ پانی بیس منٹ بعد طعام یا بمطابق ضرورت ہمراہ آب نیمگرم۔

فوائد: سوءِ ہضم بوجہ کثرت حموضت میں مفید ہے۔

مصالحہ سالن (4)

ھوالشافی: زنجبیل۔زیرہ سفید۔کشنیز مکد ۱۱۰ گرام، فلفل گرد۔فلفل دراز۔ہیل بواخورد مکد ۵۰ گرام، تیزپات۔دارچینی مکد ۳۰ گرام۔ تمام اجزاء باریک کرکے موٹی چھلنی سے چھان لیں۔

مقدار خوراک: نصف سے تین تولہ فی کلوگرام سالن بمطابق ضرورت ڈالیں۔

طریقہ استعمال: مریضان خصوصاً مریضانِ سل کے لئے کا سالن پکا کر آخر

میں بطور مصالحہ ڈالکر ہنڈیا پر ڈھکن دے کر دم دے لیں۔

فوائد: بھوک بڑھاتا اور کھانا ہضم کرتا ہے۔

جوارش (4) ALTERATIVE

جوارش اسطودوس (4)

ھوالشافی: ادرک ۱کلوگرام، زنجبیل ۱۱۰ گرام، اسطوخودوس۔سورنجاں شیریں۔تربد سفید مجوف۔بسفائج۔فلفل گرد۔باؤبڑنگ۔فلفل دراز۔فلفل مویہ۔زنجبیل۔قسط شیریں۔کمون اسود مکد ۷۰ گرام، اندر جو شیریں ۵۰ گرام، ہیل بواخورد ۴۰ گرام، حلبہ۔کپور کچری مکد ۳۰ گرام، خولنجاں ۲۰ گرام، دارچینی۔زعفران مکد ۱۰ گرام، قند سفید ۳ کلوگرام، پانی نہری ڈیڑھ سے دو لیٹر، لوبان ۱۲ گرام، ست لیموں ۳ گرام

تمام اجزاء نہایت باریک پیس کر کپڑ چھان کرلیں۔ ادرک اچھی طرح کوٹ کر نصف لیٹر پانی ملا کر ہلکی آنچ پر گرم کریں جب گل جائے تو اتار کر رکھیں۔ چینی میں ست لیموں اور نہری پانی ڈال کر قوام کریں اور ملاتے جائیں۔ جب قوام تیاری کے قریب ہو تو ست لوبان قدرے پانی میں حل کرکے ملا دیں، قوام مکمل ہونے پر ادرک گلا ہوا ملا دیں پھر مسفوف ادویہ ڈال کر اچھی طرح ملا دیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین تولہ ہمراہ قہوہ الائچی سبز+سونف بعد طعام دن میں تین بار۔

فوائد: سوداء سے پیدا ہونے والے دماغی امراض۔مشتہی۔ہاضم۔کاسر ریاح۔

☆☆☆ دماغی امراض کے علاج میں اگر ضعف دماغ ساتھ ہو تو مغز بادام۔مغز

فندق۔مغز پستہ۔مغز خیارین۔مغز خوبوزہ۔مغز تربوز مکدہ ۵۰ گرام کا اضافہ کردیں.

زچہ کے لئے ان مغزیات کا وزن دوگنا کر کے ڈالیں.

☆☆☆ تیزابی امراض کے لئے زنجبیل کی جگہ زیرہ سفید ۷۰ گرام کی بجائے ۱۱۰ گرام کرلیں.

☆☆☆ وجع المفاصل کیلئے زنجبیل کی جگہ سورنجاں شیریں ۷۰ گرام کے بجائے ۱۱۰ گرام کرلیں.

معجون مشتھی (4)

ھوالشافی: ادرک تازہ ۲۵۰ گرام، فلفل دراز۔ فلفل گرد۔ باؤبڑنگ۔تربد سفید ۔مکدہ ۵۰ گرام، الائچی خورد ۴۰ گرام، صعتر فارسی ۱۰ اگرام، قند سفید ۵۰۰.۱ کلوگرام، آب نہری ۷۵۰ ملی لیٹر میں قوام کر کے ادویہ سائیدہ ملادیں.

مقدار خوراک: ۱۰ سے ۳۰ گرام کھانا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد.

فوائد: مشتہی۔ہاضم۔کاسر ریاح.

معجون فالج (4)

ھوالشافی: ناریل خشک۔مغز بادام مکدہ ۴۰ گرام، نعناع ۳۰ گرام، قرنفل۔ دارچینی۔جائفل۔عقرقرحا۔خولنجاں۔زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔سورنجاں شیریں۔اسگندھ مکدہ ۱۰ اگرام، شہد ۶۳۰ گرام میں معجون تیار کریں.

مقدار خوراک: نصف سے تین تولہ صبح وشام ہمراہ دودھ نیمگرم.

فوائد: فالج کے لئے مفید ہے.

☆☆☆ بہتر نتائج کے لئے ساتھ کسی مناسب کی مالش جاری رکھیں.

جنگلی ہلدی دیہ

معجون اکسیر البدن (4)

ھوالشافی: زنجبیل۔مسکہ گاؤ مکدہ ۱۰۰ اگرام، گندھک آملہ سار۔الائچی خورد مکدہ ۱۰ اگرام، شہد کف گرفتہ 1 کلوگرام. گرم مسکہ میں گندھک سائیدہ ڈالیں پگھلنے پر فوراً کف گرفتہ گرم شہد میں ڈال دیں اور ہلاتے جائیں تا کہ خوب یکجان ہو جائے بعدہ دونوں ادویہ سائیدہ تھوڑی تھوڑی ڈالتے اور ہلاتے جائیں حتیٰ کہ معجون کی صورت بن جائے.

مقدار خوراک: ۳ گرام ہمراہ شیر گاؤ نیمگرم شب خواب.

فوائد: جب قویٰ جواب دے جائیں تو اس کا استعمال بفضلہٖ تعالی ضامن شفاء ہوا کرتا ہے۔وجع المفاصل۔سرطان میں مفید ہے.(حکیم یونس فاضلی گلستان کالونی)

مشروب (4) SYRUP

بانسی کول (4)

ھوالشافی: برگ بانسہ ۲۵۰ گرام، زوفہ ۱۵۰ اگرام، قسط شیریں مکدہ ۱۰۰ اگرام، سناءمکی۔گلسرخ مکدہ ۷۰ گرام، بادرنجبویہ۔بنفشہ مکدہ ۵۰ گرام، گل بنفشہ۔ست ملٹھی مکدہ ۳۰ گرام، قند سفید ۵ کلوگرام، شہد خالص اکلوگرام، پانی ۸ لیٹر. تمام ادویہ شب بھر پانی میں بھگوئیں اور صبح جوشدیں جب پانچ لیٹر رہ جائے تو پن کر قند سفید ملا کر قوام کرلیں.

مقدار خوراک: ۱۰ سے ۳۰ ملی لیٹر دن میں تین بار دیں.

فوائد: کھانسی۔خراش حلق میں مفید ہے۔ (حکیم مقبول چیمہ)

لیورٹانک(4)

ھوالشافی: پوست آملہ۔پوست ہلیلہ زرد۔پوست بلیلہ۔بیخ چیتہ۔نانخواہ۔فلفل گرد۔فلفل دراز۔زنجبیل۔باؤبڑنگ۔ناگرموتھا مکد ۱۵۰ گرام، زرشک شیریں۔پودینہ باغی۔مکو۔کاسنی مکد ۲۵۰ گرام۔ ۳۰ لیٹر پانی میں شب بھگو کر ۲۵ لیٹر عرق کشید کریں۔ پھر شب یمانی۔نوشادر ٹھیکری مکد ۲۵ گرام، پتری فولاد ۱۵۰ گرام اضافہ کر کے شربت کا قوام کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین چمچ بعد طعام دن میں دو، تین بار دیں۔

فوائد: ضعف الکبد۔بھس۔سرطان الدم۔ورم الکبد۔ورم البدن۔ضعف البدن۔ورم الرحم۔اور دیگر سوداوی امراض میں مفید ہے۔ (حکیم عقیل پاسلوی)

مفتح سدد(4)

ھوالشافی: کلتھی ۱۱۰ گرام، چھل خربوزہ۔گوکھرو مکد ۵۰ گرام، افتیمون۔سرپھوکہ مکد ۳۰ گرام، سنامکی ۲۰ گرام، نمک سونچل ۱۰ گرام ست لیموں ۳ گرام، ست لوبان ا گرام۔ تمام ادویہ دس گنا پانی (سو لیٹر) میں شب بھر بھگو کر صبح جوش دیں جب نصف رہے تو پن کر قند سفید اور ست لیموں ملا کر قوام کریں اور میل اتارتے جائیں۔ قریب القوام ہو تو قدرے پانی میں ست لوبان حل کر کے ملا دیں اور قوام مکمل کریں۔

مقدار خوراک: تین سے پانچ چمچ بطور بدرقہ استعمال کریں۔

فوائد: وجع الکبد و پتہ۔یرقان۔استسقاء۔سنگ گردہ و مثانہ۔

بزوری حار(4)

ھوالشافی: بیخ مکو۔بیخ بادیان مکد ۱۱۰ گرام، تخم خربوزہ۔بادیان۔تخم کثوث مکد ۵۰ گرام، تخم خارخسک ۳۰ گرام، مصری ۵ کلوگرام، نہری پانی ۷ لیٹر۔ تمام ادویہ شب بھر پانی میں بھگوئیں صبح جوش دیں جب ۵ لیٹر رہے تو پن کر قند سفید ملا کر قوام کرلیں۔

مقدار خوراک: ۲۵ سے ۵۰ ملی لیٹر خالص یا پانی میں ملا کر پلائیں۔

فوائد: امراض مفاصل و کبد میں بہترین بدرقہ ہے۔مدر بول۔محلل اورام۔

عقابِ حمی(4)

ھوالشافی: اصل السوس ۱۱۰ گرام، ادرک تازہ ۵۰۰ گرام، نوشادر ٹھیکری ۴۰ گرام، قسط شیریں ۳۰ گرام، صعتر ۲۰ گرام، خاکسی ۱۰ گرام، قند سفید ۲ کلوگرام۔ تمام ادویہ تین لیٹر پانی میں شب بھر بھگوئیں صبح جوش دیں جب ۲ لیٹر رہ جائے تو اتار کر پن لیں اور جوشاندہ میں قند سفید ڈالکر شربت کا قوام کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک چمچہ شربت در دو اونس نیمگرم نہری پانی دن میں تین بار۔

فوائد: دمہ۔سعال یابس۔خشونت صدر و حلق۔دق۔بدن کا ہر وقت گرم رہنا۔

شربت مکبود(2)

ھوالشافی(247): انجیر ولایتی ۱۸۰ گرام، بیخ کاسنی۔تمر ہندی مکد ۱۲۰ گرام، ریوند خطائی۔تخم کثوث۔کشنیز خشک مکد ۶۰ گرام، سناء مکی ۱۲ گرام، سرکہ انگوری ۱۲۵ ملی لیٹر، قند سفید ڈیڑھ کلو۔ سناء کو ۲ لیٹر پانی میں ہلکی آنچ پر ایک رات دن پکائیں بھاپ نہ بنے نہ نکلے۔ پھر مطبوخ چھان کر ریوند کے علاوہ بقیہ ادویہ ڈال کر درمیانی آگ پر پکائیں کہ اڑھائی پاؤ باقی رہے پھر سرکہ و قند ملا کر شربت کے قوام پر لائیں اور

سرد کر کے ریوند سائیدہ ملا دیں۔

مقدار خوراک: ۱۲ سے ۲۴ گرام تک۔

فوائد: طحال، جگر اور امعاء کے فعل کو تیز کرتا ہے۔ ضعف جگر۔ ورم جگر۔ عظم الکبد۔ ضعف طحال۔ عظم الطحال۔ قبض۔ قولنج۔ کرم امعاء۔ استسقاء۔ کمی تولید صفراء۔ یرقان۔ حمیات سوداویہ جو کہ طحال وجگر کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں کیلئے ایک یقینی اور بھروسہ کی دواء ہے۔

مشروب زنجبیلی (4)

ھوالشافی: آب ادرک ۱ لیٹر، عرق بادیان ۳ لیٹر، ست لیموں۔ ست پودینہ ۳۰ گرام، ہاضم کبریتی خوراکی ۶۳ قطرے، قند سفید ۳ کلوگرام۔ آب وعرق کا قند سفید میں ست لیموں ڈال کر قوام کریں میل اتارتے جائیں جب قوام تیار ہو جائے تو اتار کر قدرے ٹھنڈا کر کے ست پودینہ ملا دیں اور مکمل سرد ہونے پر ہاضم کبریتی ڈال دیں، شربت کو شیشے کی بوتلوں میں محفوظ کریں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین چمچ بعد طعام صبح وشام یا بوقت ضرورت۔

فوائد: ہاضم۔ مشتہی۔ کاسر ریاح۔ وجع المعدہ۔ ہیضہ۔ سوء ہضم۔

جوشاندہ (4)

وجع الفؤاد (4)

ھوالشافی: انیسوں ۹ گرام، ریوند خطائی ۷ گرام، دارچینی۔ زنجبیل۔ تخم کاسنی۔ گلسرخ۔ دانہ الائچی کلاں مکدہ ۴ گرام، قند سفید ہموزن جملہ ادویہ (۳۶ گرام)۔ پانی

1 لیٹر میں جملہ ادویہ پکائیں جب نصف رہے تو اتار لیں۔

مقدار خوراک: شدت کی صورت میں یہ ایک خوراک ہے، معمولی مرض میں اس کی تین خوراکیں کر کے صبح، دوپہر اور شام بطور بدرقہ نیمگرم پلائیں۔

فوائد: وجع الفواد میں بیحد مفید ہے۔ (حکیم خواجہ عبدالمجید)

مخرج حصاۃ (4)

ھوالشافی: کلتھی ۱۱۰ گرام، چھل خربوزہ۔ بھکھڑا مکدہ ۵۰ گرام، سرپھوکہ۔ افتیمون مکدہ ۳۰ گرام، سناء مکی ۲۰ گرام، نمک سونچل ۱۰ گرام، 1 لیٹر پانی میں پکائیں جب ایک پاؤ رہے تو پن کر تیز میٹھا ڈال کر پلا دیں۔

مقدار خوراک: تین خوراکیں کر لیں اور صبح، دوپہر وشام پلائیں۔

فوائد: درد جگر میں مفید ہے۔ جگر کے سدوں کو کھولتا ہے۔ شدید درد کی صورت میں جوشاندہ وجع الکبد (۳) استعمال کرائیں۔

مدر بول (4)

ھوالشافی: چھل خربوزہ۔ بھکھڑا مکدہ ۲۵ گرام، افتیمون ۳ گرام، پانی ۱ لیٹر میں جوشدیں نصف رہے تو پن لیں۔

مقدار خوراک: ایک کپ جوشاندہ میں ۱ چمچہ شہد ملا کر بطور بدرقہ ہمراہ دواء استعمال کرائیں

فوائد: وجع المفاصل۔ بندش قاذفین۔ احتباس طمث۔ مخاطی وعضلاتی امراض کے لئے بہترین بدرقہ ہے۔

مخرج و مفتت حصاۃ (4)

ھوالشافی: چھل خربوزہ ۲۰ گرام، کلتھی۔ بھکھڑا مکد ۱۵ گرام۔ تمام اجزاء نصف کلوگرام پانی میں پکائیں جب نصف رہے تو اتار کر چھان لیں۔

مقدار خوراک: بطور بدرقہ نیمگرم استعمال کرائیں۔

فوائد: سنگ گردہ۔ سنگ مثانہ۔ سنگ مرارہ کے لئے مفید و مجرب ہے۔

سعالین (4)

ھوالشافی: زوفا خشک۔ پرسیاؤشاں۔ سبوس گندم ہر ایک ۶ گرام، انجیر زرد ۲ عدد۔ قند سفید حسب ضرورت۔ تمام ادویہ ایک پاؤ پانی میں جوش دیں جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر حسب ذائقہ میٹھا ڈال دیں۔

مقدار خوراک: یہ ایک خوراک ہے۔

فوائد: نزلہ۔ زکام۔ سوزش سینہ۔ جمی ہوئی بلغم پتلا کر کے خارج کرتا ہے۔ معدہ و امعاء کو نرم کرتا ہے۔ گلے کی خشکی کا فوری علاج ہے۔

قطور (4) DROPS

ھوالشافی: زرد چوب ۱۰ گرام، نوشادر ٹھیکری ۵ گرام، ست پودینہ ۴ رتی، عرق بادیان ۷۵۰ ملی لیٹر۔ تمام ادویہ عرق میں حل کر کے پُن لیں اور شیشے کی بوتل میں محفوظ کر لیں۔

طریقہ استعمال: ڈراپر سے آنکھوں میں ڈالیں۔

فوائد: رمد چشم۔ موتیا بند۔

قطور منقی بصر (4)

ھوالشافی: ست پودینہ۔ نمک شیشہ۔ نوشادر ٹھیکری۔ شورہ قلمی مکد ۳ گرام، عرق سونف ۷۵۰ ملی لیٹر۔ ادویہ خوب باریک پیس کر عرق میں حل کر کے پن لیں۔

طریقہ استعمال: ۳ قطرے صبح و شام آنکھ میں ٹپکائیں۔

فوائد: آشوب چشم۔ موتیا بند اور اکثر امراض چشم میں مفید ہے۔

سرمہ (4) COLLYRUM

بدل ممیرہ (4)

ھوالشافی: دھماسہ ۲۵۰ گرام، شب یمانی۔ نمک شیشہ۔ شورہ قلمی مکد ۳ گرام۔ دھماسہ کو خوب باریک کر کے آب زمزم میں کھرل کریں کہ غبار کی مانند ہو جائے۔ پھر شب، نمک و شورہ سائیدہ تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ حل ہو جائے تو محفوظ کر لیں۔

طریقہ استعمال: سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد: رتوندی۔ جالا۔ ضعف بصر اور اکثر عوارضات چشم میں مفید ہے۔ بنائیں اور قدرت کاملہ کی کاریگری کا نظارہ کریں۔

انجن پھولا (4)

ھوالشافی: شب یمانی۔ نمک سنگ۔ زنجبیل مکد ۱۰ گرام۔ سرمہ سا کر لیں۔

طریقہ استعمال: صبح و شام آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد: انسان یا حیوان کی آنکھ کا جالا و پھولا چشم چند روز لگانے سے دور ہو جاتا ہے۔

مقوی بصارت (4)

ھوالشافی (48): آب پودا سالم بسکھرا میں سرمہ سیاہ ۴ گھنٹہ کھرل کر کے خشک کریں۔

طریقہ استعمال: سلائی سے آنکھوں میں بطریق معروف لگائیں۔

فوائد: بڑھاپے میں بصارت جوانوں جیسی ہو جاتی ہے۔

سنون (4) TOOTH PASTE

ھوالشافی (سنون رفیق): شب یمانی۔نمک سنگ۔دھوبی سوڈا مکد ۱۰۰ گرام۔

طریقہ استعمال: ۳ گرام سفوف نیمگرم پانی میں ملا کر غرارے کرائیں۔

فوائد: متواتر استعمال سے دانتوں کی سیاہی، مٹیالہ پن، منہ کے چھالے وزخم، جلن، زبان کا پکنا، بخرالفم، خناق، پان کے داغ اور کوا لٹکنا جیسے عوارض دور ہو جاتے ہیں۔

مرہم (4) PASTE

مرہم سیاہ (4)

ھوالشافی: سیندھور ۱۲۵ گرام، گندہ بیروزہ۔رال سفید مکد ۱۲ گرام، موم سفید ۹ گرام، مردار سنگ ۶ گرام، نیلا تھوتھا ۱ گرام، روغن کنجد ۲۵۰ ملی لیٹر۔ روغن کنجد میں سندھور ڈال کر آگ پر گرم کریں اور آہنی سلاخ سے ہلاتے جائیں جب سیاہ ہو جائے تو دیگر ادویہ مسفوف ڈال کر ہلاتے رہیں اور سیاہ ہونے پر اتار کر جست کے ڈبہ میں محفوظ کریں

طریقہ استعمال: کپڑے پر لگا کر مقام ماؤف پر لگائیں۔

فوائد: زخم۔پھوڑا۔دنبل۔جلا ہوا۔کینسر۔

☆☆☆ یہ مرہم سردیوں میں سخت ہو جاتی ہے، سردیوں میں روغن کنجد ۲۶۰ ملی لیٹر ڈال لیں

☆ کارنی کلیان مرہم: دار چکنا ایک رتی اضافہ کرلیں اثرات شدید ہو جائینگے

مرہم برنل (4)

ھوالشافی: رال سفید ۷۵۰ گرام، برگ نیب ۱۲۵ گرام، کاربالک ایسڈ ۱۸ گرام، روغن کنجد ۱ کلوگرام میں برگ نیم جلا کر چھان لیں پھر رال سفید ملا کر گرم کریں جب حل ہو جائے تو اتار کر کاربالک ایسڈ ڈالیں۔

طریقہ استعمال: برگ نیم ۵۰ گرام کو ایک لیٹر پانی میں ابال کر مقام ماؤف صاف کر کے اوپر مرہم لگا دیں۔

فوائد: جلے ہوئے اور عام زخموں کے لئے مجرب دواء ہے۔ جلے ہوئے زخموں کا درست ہونا الحمدللہ معمولی بات ہے۔

قیروطی محرک (4)

ھوالشافی (35): صابن دیسی ۲۴۰ گرام، رُب بندق ۱۸۰ گرام، جوہر کبریت۔گلیسرین مکد ۶۰ گرام، دار چکنا ۹ گرام، پانی ۲۴۰ گرام۔ تمام ادویہ کڑاہی میں پکا کر مرہم بنالیں۔

طریقہ استعمال: مقامی طور پر صابن کی طرح مل دیں۔

فوائد: جلد کا پھٹنا۔بوائی پھٹنا۔خارش۔داد۔چنبل وغیرہ میں مفید ہے۔

دافع تعفن (4)

هوالشافی: برگ مدار سبز خشک کر کے جلالیں اور راکھ چھان کر محفوظ کرلیں۔

طریقہ استعمال: زخموں پر بطور ذرور چھڑکیں۔

فوائد: زخم جلد خشک ہوگا اور اوپر مکھی نہ بیٹھے گی۔

روغن (4) OIL

هوالشافی: روغن بید انجیر ۲۵۰ ملی لیٹر، روغن تارپین ۴۰ گرام، کافور ۲۰ گرام، ست پودینہ۔ ست اجوائن مکد۱۰ گرام۔ کافور اور دونوں ست شیشی میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں تیل ہو جائیں تو روغن تارپین ملائیں پھر روغن بید انجیر میں حل کرلیں

طریقہ استعمال: ۳ سے ۵ قطرے بتاشے پر ڈال کر کھلائیں، بیرونی امراض میں مقامی طور پر لگائیں۔

فوائد: اپھارہ۔ درد شکم۔ قبض۔ پیچش۔ مقامی طور پر سوداوی خارش۔ ریاحی درد۔ وجع الاذن۔ وجع السن کو مفید ہے۔

امرت دھارا ھاضم (4)

هوالشافی (35): ست اجوائن۔ ست پودینہ۔ ست الائچی مکد۱۰۰ گرام، رب السوس ۱۰ گرام۔ تینوں ست بطریق معروف تیل کر کے رب السوس ملالیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ قطرے پتاشہ یا مصری پر ڈال کر دیں۔

فوائد: ہاضم۔ دافع اوجاع بطنی۔

☆☆☆ وجع وریم گوش کے لئے روغن کنجد نصف حصہ ملا کر ڈالیں۔

روغن گوش (4)

هوالشافی: روغن سرشف ۱۱۰ ملی لیٹر، تھوم۔ پیاز مکد۱۰ گرام، کونپل نیم۔ کونپل برگد۔ کونپل پیپل مکد۱۱ عدد، برگ قطن سبز ۵۰ گرام۔ تمام ادویہ روغن میں جلا کر چھان لیں۔

طریقہ استعمال: ایک سے تین قطرے کان میں ڈالیں۔

فوائد: کانوں میں شائیں شائیں کرنا۔ وجع الاذن کے لئے تیر بہدف ہے۔ خصوصاً جب چھوٹے بچوں میں خشکی کے باعث کان کا درد ہو اور بچہ بار بار کان کو کھینچ کر بے سبب رو رہا ہو ایسے میں اسے ضرور استعمال کریں۔

روغن محمر (4)

هوالشافی (543): روغن سرشف۔ روغن عشر مکد۱۰۰ گرام، روغن جمالگوٹہ ۲۰ گرام۔ باہم ملالیں۔ خوشگوار بنانے کے لئے کوئی خوشبودار روغن ملالیں۔

طریقہ استعمال: مقام درد پر مالش کریں۔

فوائد: وجع المفاصل۔ ذات الجنب۔ ذات الریہ۔ سوزش ریہ/کبد/قلب/معدہ میں عضو کے بالمقابل جلد پر مالش کریں۔ ملیریائی بخاروں میں نوبت سے نصف گھنٹہ پہلے سینہ و پشت پر مالش کرنا نوبت کو روک دیتا ہے۔

روغن عشر (4)

هوالشافی (45): روغن سرشف۔ آب برگ عشر مکد 1 کلو آگ پر پکائیں جب پانی جل کر صرف روغن رہ جائے تو اتار کر چھان لیں۔

طریقہ استعمال: مقام ماؤف پر مالش کریں...... ثقل سماعت کے لئے کان میں ڈالیں۔

فوائد: وجع المفاصل۔ نقرس۔ اوجاع عامہ۔ ثقل سماعت۔

صبیان PAEDREATICS(4)

دیوامرت (4)

ہوالشافی: پودینہ۔ زنجبیل۔ نمک سونچل۔ نوشادر ٹھیکری۔ الائچی خورد۔ تنکار شگفتہ۔ تربد مجوف مکدہ ۵۰ گرام، فلفل سفید ۲۵ گرام۔ تمام اجزاء باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۸ رتی ہمراہ نیمگرم پانی دن میں تین بار یا حسب ضرورت

فوائد: ڈبہ اطفال۔ سوء ہضم۔ کھانسی۔ نفخ شکم۔ سوکڑا۔ پیٹ کے اکثر امراض میں مفید ہے۔

معجون فالج اطفال (4)

ہوالشافی: اسطوخودوس۔ زنجبیل مکدہ ۱۱ گرام، تربد سفید۔ بسفائج مکدہ ۷ گرام، کپور کچری۔ فلفل دراز۔ فلفلموبہ مکدہ ۵۰ گرام، فلفل سفید ۳۰ گرام، سنبل الطیب۔ کلونجی۔ قرنفل۔ عقرقرحا مکدہ ۱۰ گرام، قند سفید ا کلوگرام، عسل مصفی ۷۵۰ گرام، ست لوبان ۵ گرام، ست لیموں ۳ گرام۔ تمام ادویہ باریک کپڑ چھان کر لیں۔ چینی وست لیموں کا ایک لیٹر پانی میں قوام تیار کریں جب قریب القوام ہو تو شہد کف گرفتہ ملا کر ست لوبان قدرے پانی میں حل کر کے ملا دیں۔ قوام مکمل ہونے پر ادویہ مسفوف ادویہ شامل کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام ہمراہ دودھ نیمگرم بعد طعام۔

فوائد: بچوں کا فالج (پولیو)۔ بدن کی استرخائی حالت۔ پیدائشی کملاپن۔

زنجبیلا (4)

ہوالشافی: زنجبیل۔ فودنج مکدہ ۲۵۰ گرام، ملح النار ۲۵ گرام، قند سفید ۵ کلوگرام تمام ادویہ ۷ لیٹر پانی میں شب بھر بھگوئیں، صبح مل چھان کر چینی ڈال کر قوام کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک چمچہ بعد طعام یونہی پلا دیا کریں۔

فوائد: مشتہی۔ ہضم۔ مولد خون۔ ہاضم۔ (حکیم اختیار نوید گوجرہ)

مستورات FEMALE SPECIAL(4)

حب ملین خاص (42)

ہوالشافی: زنجبیل ۴۰ گرام، ریوند خطائی۔ ملح النار مکد ۲۵ گرام، فلفل گرد ۱۰ گرام، سنا مکی ۱۰۰ گرام، گودا گھیکوار ۲۰۰ گرام۔ تمام اجزاء خوب باریک کپڑ چھان کرلیں۔ گودا گھیکوار کو ملک شیک جگ میں پھینٹ کر پانی بنالیں اور ادویہ مسفوف اس میں گوندھ کر نخودی گولیاں بنالیں۔ یا خشک کر کے دوبارہ سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ آب نیمگرم دن میں تین بار۔

فوائد: جن عورتوں کی قاذفین بن ہو چکی ہوں انہیں استعمال کرائیں قاذفین انشاء اللہ کھل جائیں گی۔ چار چھ ماہ کے بعد مقوی اسگندھ والا تین ماہ استعمال کرادیں انشاء اللہ اولاد سے گود بھر جائے گی۔

حب انقلاب (4)

ہوالشافی: ریوند خطائی۔ سورنجاں شیریں۔ فلفل گرد۔ نوشادر ٹھیکری۔ ریوند عصارہ۔ سقمونیا مکد ۵۰ گرام۔ تمام ادویہ باریک کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی ہمراہ تازہ پانی یا دودھ نیمگرم۔

فوائد: نتوء الرحم۔ انقلاب الرحم۔ ورم ہر قسم۔ نفخ۔ قبض۔ سرعت انزال۔ زحیر مزمن۔ ملیریا۔ عظم الکبد وطحال۔

منقی رحم (4)

ہوالشافی: خولنجاں۔ فلفل دراز مکد ۳۰ گرام، زنجبیل ۲۰ گرام۔ جملہ ادویہ خوب

باریک کر کے کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ آب نیمگرم دن میں تین بار دیں۔

فوائد: رحم سے فضولیات صاف کر کے نطفہ جذب کرنے کے صلاحیت پیدا کرتا ہے

جوشاندہ منقی رحم (4)

ہوالشافی: سنا مکی ۱۰۰ گرام، جائفل۔ گل بابونہ۔ تخم سداب۔ پودینہ۔ خولنجاں۔ گوکھرو۔ برہم ڈنڈی۔ مکو۔ باؤبڑنگ۔ سونٹھ۔ بیخ بادیان۔ بادیان۔ تخم خیارین۔ املتاس۔ تخم گذر۔ حب القرطم۔ پرسیاوشاں مکد ۵۰ گرام۔ تمام ادویہ کا 12 بوتل (12x750ml) حاصل کر کے محفوظ کریں۔

مقدار خوراک: ایک ہفتہ میں ایک بوتل ختم کریں۔

فوائد: بانجھ پن میں مفید ہے۔ (حکیم حافظ محمد الہ یار مدینہ ٹاؤن فیصل آباد)

حب اٹھراہ (4)

ہوالشافی (42): فلفل گرد۔ مغز بادام۔ رسونت مکد ۱۰۰ گرام۔ باریک کر کے بقدر فلفل گرد گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی ہمراہ آب تازہ روزانہ نہار استعمال کرائیں۔

فوائد: اسقاط اعتیادی کے لئے مفید ہے۔ (حکیم عقیل)

اکسیر عقرقرحا (4)

ہوالشافی (35): عقرقرحا ۵۰ گرام، تریاق ابیض ۱۰۰ گرام۔ عقرقرحا خوب باریک کر کے تریاق ابیض میں ملا کر اچھی طرح کھرل کرلیں۔

مقدار خوراک: ا سے ۲ رتی ہمراہ آب تازہ۔ بڑوں کے لئے ا سے ۳ گرام۔ احتباس

طمث کہنہ کی صورت میں 1 گرام دواء میں 1 رتی کانڈی ملا کر صرف ایک خوراک دیں۔

فوائد: مرگی، سدہ طحال، احتباس طمث، استقاء کے لئے معمول مطب ہے۔

جوشاندہ مدر طمث (4)

ھوالشافی (35): مغز بنولہ ۳۰ گرام، پوست املتاس ۲۰ گرام، بندال ڈوڈا ۶ گرام۔ قند سیاہ ملا کر جوشاندہ تیار کریں۔

مقدار خوراک: یہ ایک خوراک ہے، تین روز تک پلائیں۔

فوائد: حیض کو جاری کرتا ہے اور ہر ماہ ہونے والی تکلیف رفع کرتا ہے۔

اختناقی (4)

ھوالشافی: ہینگ ۳۰ گرام، نمک دریائی، نمک سنگ، نمک سونچر، فلفل دراز، زنجبیل مکدہ ۱۰ گرام، آب لیموں نصف لیٹر میں کھرل کریں۔

مقدار خوراک: ۳ گرام ہمراہ آب نیمگرم دن میں ۳ بار۔

فوائد: اختناق الرحم، فتق بطنی۔

(لقمانی گائیڈ ۱۰۹)

عرق مھزل (4)

ھوالشافی (45): تخم مکو، عناب مکدہ ۲۰۰ گرام، تخم کاسنی ۱۰۰ گرام۔ تمام ادویہ شب بھر پانی میں بھگوئیں اور صبح ۷ لیٹر فی کلو عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک: ۵۰ ملی لیٹر ہمراہ حب اسقاط دمن ۲۳۸ را کسیر مھزل 3 استعمال کرئیں۔

فوائد: عورتوں کا پیٹ ہلکا کرنے کے لئے مفید ہے۔

سفوف عقر (4)

ھوالشافی: زنجبیل، فلفل گرد، گل کنڈیاری خورد سفید، اصل السوس، ناگ کیسر مکدہ ۵۰ گرام، زعفران ۱۰ گرام۔ تمام ادویہ باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: نصف تولہ ہمراہ روغن زرد نہار صبح ۲۱ دن استعمال کریں۔

فوائد: معین حمل ہے۔ ۱۲ سال کی بانجھ عورتیں اس کے استعمال سے حاملہ ہو چکی ہیں۔ خواہ کتنی مدت سے اولاد نہ ہوئی ہو انشاء اللہ صاحب اولاد ہوگی۔

معجون زچہ (4)

ھوالشافی: زنجبیل ۵۵ گرام، ہیل بوا خوردہ ۵ گرام تربد سفید، بسفائج، فلفل سفید، بادبڑنگ، فلفل دراز، فلفل مویہ، زیرہ سفید مکدہ ۱۸ گرام، کپور کچری ۳۰ گرام، تخم میتھی، خولنجاں مکدہ ۱۰ گرام، اندر جو شیریں ۵ گرام، دارچینی، زعفران مکدہ ۳ گرام، مغز بادام، مغز فندق، مغز خربوزہ، مغز بنولہ، مغز خیارین، مغز کدو، مغز تربوز، مغز پستہ مکدہ ۶۰ گرام، آرد مونگ ۲ کلوگرام، شکر، گھی مکدہ ۴ کلوگرام۔

تمام ادویہ باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں، مغزیات کو باریک کر کے موٹی چھلنی سے چھان لیں۔ آرد مونگ کو گھی میں براؤن کر کے اس میں ادویہ ملا دیں پھر شکر ملا کر بقیہ گھی گرم کر کے اوپر انڈیل دیں اور کسی چینی کے برتن میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ۳۰ سے ۵۰ گرام صبح و شام ہمراہ دودھ نیمگرم استعمال کریں۔

فوائد: جن عورتوں کو دورانِ حمل یا قبل حمل سوزش رحم وغیرہ کا عارضہ رہا ہو ان کے لئے بہترین دواء غذائی ہے۔

فرزجہ محلل ورم (4)

ھوالشافی: ریوند خطائی۔ زرد چوب مکہ ۱۰ گرام، روغن زیتون/روغن زرد ۵۰ گرام میں دونوں ادویہ سائیدہ ملالیں۔

طریقہ استعمال: نیمگرم دواء میں پھاہیہ تر کر کے اندام نہانی میں رکھائیں۔

فوائد: صلابت رحم کو تحلیل کرتا ہے۔ خارش۔ درد۔ ورم اور خشکی رحم کے لئے مفید ہے۔ سوزش اندام نہانی۔ کثرت طمث۔ بواسیر۔ عقر بوجہ ورم رحم کے لئے معین ہے۔

☆☆☆ مکمل صحت کے لئے ضروری ہے کہ غذاء کی اصلاح کی جائے اور خوردنی ادویہ استعمال کرائی جائیں تاکہ مادہ مرض جسم سے خارج ہو کر دائمی صحت حاصل ہو۔

رجال (4) MALE SPECIAL

ملین (4)

ھوالشافی (45): ریوند خطائی۔ زرد چوب۔ سنا مکی مکہ ۳۰ گرام، برگ مدار۔ تریاق ابیض مکہ ۱۸ گرام، سورنجاں۔ تنکار شگفتہ مکہ ۱۰ گرام، پپلا مول۔ اسطوخودوس۔ زنجبیل۔ فلفل گرد۔ نمک سیاہ۔ نوشادر ٹھیکری مکہ ۶ گرام۔ تمام ادویہ باریک کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام ہمراہ شیر نیمگرم دن میں تین بار۔

فوائد: انقطاع رابطہ۔ اکثر دماغی امراض۔ سہر۔

اکسیر اغلام (4)

ھوالشافی (45): مغز بادام ۸۰ گرام، بادیان ۷۰ گرام، فلفل گرد ۱۰ گرام۔ تمام اجزاء الگ الگ باریک کر کے یکجان کرلیں۔

مقدار خوراک: چھ سے بارہ گرام ہمراہ دودھ نیمگرم دن میں تین چار بار۔

فوائد: ازالہ اثرات مابعد اغلام کیلئے یقینی دواء ہے۔ (تحقیقات جنسی امراض)

تریاق احتلام (4)

ھوالشافی (43): گندھک آملہ سار مدبرہ۔ پوست بندق مکہ ۱۰۰ گرام۔ الگ الگ باریک کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی دن میں تین یا چار بار دیں۔

فوائد: احتلام کے لئے مفید ہیں۔ (تحقیقات جنسی امراض)

تریاق اغلام (4)

ھوالشافی (45): زنجبیل ۷۰ گرام، ہیل بواخورد ۱۰ گرام، شہد ۸۰ گرام۔ شہد نیمگرم کر کے ادویہ سائیدہ ملا کر معجون بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے چار گرام دن میں چار بار دیں۔

فوائد: اغلام کی عادت چھڑانے اور ازالہ اثرات مابعد کے لئے مفید ہے۔

معجون مقوی بدن (4)

ھوالشافی: مغز بادام شیریں ۵۰۰ گرام، ناریل۔ مغز پستہ مکدہ ۲۵۰ گرام، جائفل۔ جوتری۔ ہیل بواخورد مکدہ ۲۰ گرام، کشتہ فولاد۔ قرنفل مکدہ ۱۰ گرام، زعفران۔ ورق نقرہ ۶ گرام، کستوری۔ نمک زرد مکدہ ۲ گرام، عنبر اشہب ۱ گرام، شیر گاؤ ۴ لیٹر، روغن زرد۔ قند سفید مکدہ ۲۵۰۔ ۱ کلو گرام، زردی بیضہ ماکیاں ۲۱ عدد۔ مغز بادام شب بھر پانی میں بھگوئیں صبح چھیل کر خشک کریں پھر گھی میں براؤن کر کے دودھ میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں۔ ڈیڑھ کلو گرام رہے تو روغن زرد میں براؤن کرلیں پھر زردیاں ملا کر آنچ دیتے رہیں حتی کہ روغن کھوئے کو چھوڑ دے پھر ناریل ملا کر گرم کریں بعدہٗ قند سفید ملا کر ادویہ مسفوف تھوڑی تھوڑی کر کے ملادیں۔ آخر میں ورق نقرہ، کستوری اور عنبر ملادیں اور شیشے یا چینی کے مرتبانوں میں محفوظ کرلیں۔ (حکیم سید نیر واسطیؒ)

مقدار خوراک: 1 تولہ ہمراہ دودھ نیمگرم صبح و شام۔ (بشکریہ حکیم حافظ محمد الہ یار)

فوائد: ضعف بدن۔ ضعف پٹھہ جات۔ محرک و مقوی باہ۔

☆☆☆ برائے تولید حیوانات منویہ دودھ میں 2 درجن کیلے ملا کر کھویا بنائیں اور کل نسخہ میں سے کشتہ فولاد، زردی بیضہ مرغ ختم کردیں۔

مقوی باہ (4)

ھوالشافی (45): مغز بادام۔ مغز کدو مکدہ ۳۰ گرام، مغز فندق۔ خشخاش مکدہ ۲۰ گرام، بنسلوچن ۸ گرام، دانہ ہیل بواخورد۔ ورق نقرہ مکدہ ۱ گرام، قند سفید ۲۰۰ گرام، عسل مصفی ۱۰۰ گرام۔ بطریق معروف معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین تولہ ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام استعمال کرائیں۔

فوائد: ضعف باہ بوجہ حموضت میں مفید ہے۔ (مجربات صابر)

ضماد خصیہ (4)

ھوالشافی: کنجد سیاہ۔ زنجبیل۔ مغز پنبہ دانہ۔ گیرو مکدہ ۱۰ گرام۔ تمام ادویہ باریک کر کے بول گئو میں پکا کر لیپ تیار کریں۔

طریقہ استعمال: خصیوں پر نیمگرم لیپ کریں۔

فوائد: خصیوں کے ورم بارد اور صلابت کو تین دن میں برطرف کرتا ہے۔

طلاء (4)

ھوالشافی (35): روغن زیتون ۱۰۰ ملی لیٹر، روغن پودینہ 1 گرام کھرل کرلیں

طریقہ استعمال: عضو تناسل پر سلائی و حشفہ چھوڑ کر لگائیں۔

فوائد: اغلام کی عادت چھڑانے کے لئے بہترین طلاء ہے۔

محرک دماغ و اعصاب

اعصابی قشری (ترگرم)

تحریک نمبر (5)

اعصابی قشری تمام نسخہ جات کا مزاج تر گرم ہوتا ہے۔ یہ دماغ و اعصاب کو کیمیاوی طور پر تحریک دیتے ہیں اور صفراء (اجزاء ناریہ) کی تیزی کو توڑتے رہتے ہیں۔ انہیں قشری (گرم) امراض کے لئے بالامالہ، اعصابی (تر) امراض کے لئے بالمثل، مخاطی (سرد) امراض کے لئے بالجذب یا اور عضلاتی (خشک) امراض کے لئے بالضد کے اصول پر حسب ضرورت استعمال کیا جاتا ہے۔ مرض کی شدت یا خفت کو مدنظر رکھتے ہوئے دواء کی مقدار کم و بیش کی جاسکتی ہے۔ شدید صورتوں میں ملین، مسہل، اکسیر یا تریاق دس یا پندرہ منٹ کے وقفہ سے دیا جاتا ہے جیسے جیسے مرض کا زور کم ہوتا جاتا ہے دواء کا وقفہ بڑھا کر تین یا چار گھنٹے کر دیتے ہیں۔

فہرست ادویہ اعصابی قشری مزاج (5)

نام دواء	گروہ	نام دواء	گروہ	نام دواء	گروہ
کیمیاوی/معدنی		نباتاتی		غذائی	
سنگ یہود	۸	ملٹھی	۶.۳	آب زمزم	۶.۵
ست لوبان	۸	مصطگی رومی	۸	آب بادیان	۵
میٹھا سوڈا	۹	اسگندھ	۸	کیلہ پختہ	۷.۲
پوٹاشیم کلوریٹ	۷.۹	سقمونیا	۸	چینی	۹
		بسفائج	۹	روغن زیتون	.
		لوبان	۱۰		
		شورہ سوختہ	۱۰		
		تنکار	۱۰.۵		
		تنکار شگفتہ	۱۰		
		کھرنی	۷.۵		
		کاکڑا سینگی	۶.۵		
		مغز ریٹھہ	۷.۵		
		سونف	۷		
		زیرہ سفید	.		
		دانہ ہیل بواخورد	۹		
		گلسرخ	.	ابریشم	۹

علاج بالغذاء (5)

ناشتہ: دلیہ گندم میٹھا۔سویاں دودھ والی۔خمیرہ بادام۔بادام+مکھن کھا کر اوپر سے دودھ نیمگرم یا قہوہ سونف الائچی سبز والا پئیں۔

دوپہر: کدو۔حلوہ کدو۔ٹینڈے۔گھیا توری۔شلجم پیلا۔مونگرے۔دال مونگ چھلکے والی۔ثابت مونگ۔ساگ تاندلہ۔مغز بکرا رچھترا ادرک و کالی مرچ میں پکا کر روٹی گندم سے کھائیں۔

رات: صبح کا ناشتہ یا دوپہر والا سالن کھا کر اوپر سے قہوہ الائچی سبز+سونف والا پئیں

مشروب: دودھ الائچی سونف والا۔قہوہ الائچی سونف۔ملک شیک کیلا۔شربت بزوری معتدل۔شربت الائچی (شربتوں کو زیادہ ٹھنڈا کر کے نہ پئیں)۔

مصالحہ جات: زیرہ سفید۔سونف۔الائچی سبز۔مرچ سفید۔دھنیا خشک۔تخم مولی۔تخم شلجم۔

روغنیات: روغن بنولہ۔روغن زیتون۔روغن الائچی۔روغن گل۔

پھل: خربوزہ شیریں۔سردا۔گرما۔کیلا چتری والا۔زیتون۔

مقبول طبی شفاخانہ

موتی مسجد رچنا ٹاؤن-2 اللہ ھو روڈ۔ستیانہ روڈ فیصل آباد

0321-6652523, 0300-7282992

مدر (5) DIURAITIC

ھوالشافی: زیرہ سفید ۴۰ گرام، ریوند خطائی۔قلمی شورہ سوختہ مکد ۲۵ گرام، ھیل بواخوردہ ۱۰ گرام، قند سفید ۱۰۰ گرام۔ تمام اجزاء باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام ہمراہ شربت بزوری معتدل دن میں تین بار

فوائد: سوزش جگر۔سوزش گردہ۔حرقت البول۔احتباس البول۔پتھری گردہ و مثانہ۔فشار الدم قوی۔حرقت البدن۔

حب بُندُق (5)

ھوالشافی: پوست ریٹھہ۔گندھک آملہ سار۔تنکار شگفتہ۔قلمی شورہ سوختہ مکد ۵۰ گرام۔ تمام اجزاء خوب باریک کر کے ملالیں اور نخودی گولیاں تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی ہمراہ تازہ پانی یا جوشاندہ مدر بول یا مناسب بدرقہ دیں۔

فوائد: سوزاک۔استسقاء۔بواسیر۔

☆☆☆ بواسیر کے لئے اس نسخہ میں شیر عشر ۱۰ گرام اضافہ کر لیں۔

اعصابی حار (5)

ھوالشافی: گندھک آملہ سار۔قلمی شورہ سوختہ مکد ۲۵۰ گرام۔ باریک کر لیں

مقدار خوراک: نصف سے تین گرام ہمراہ شربت بزوری حار دن میں تین بار

فوائد: سوزش جگر۔سوزش گردہ۔سوزش مثانہ۔سوزاک۔بخار امعائی۔احتباس بول۔بواسیر۔پیچش کہنہ۔

(لقمانی گائیڈ)

کلوی (5)

ھوالشافی: قلمی شورہ سوختہ ۴۰۰ گرام، فلفل گرد ۱۰۰ گرام۔ کپڑ چھان کرلیں

مقدار خوراک: 1/2 سے 2 گرام ہمراہ پانی نیمگرم رجوشاندہ مدر بول یا شربت بزوری۔

فوائد: احتباس بول۔ وجع الکلیہ۔ وجع الکبد۔ (لقمانی گائیڈ)

محرک STIMULANT(5)

ھوالشافی: اصل السوس۔ تنکار شگفتہ مکد ۷۰ گرام۔ ملٹھی کی موٹی لکڑیاں لے کر اوپر سے سیاہ چھلکا چھیل کرا تار دیں اور ملٹھی پیس کر آٹا نکال لیں پھر اس میں تنکار شگفتہ کھرل کر کے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک یا دو گرام ہمراہ پانی دن میں تین بار۔

فوائد: تیزابی امراض میں بالضد کے طور پر استعمال کریں۔

شدید محرک SEVERE STIMULANT(5)

ھوالشافی: اصل السوس۔ تنکار شگفتہ مکد ۷۰ گرام، شیر عشر ۱۰ گرام۔ تینوں اجزاء خوب باریک کر کے ملالیں۔

مقدار خوراک: نصف سے تین گرام ہمراہ تازہ پانی دن میں تین بار۔

فوائد: تحجر مفاصل۔ سوزش گردہ۔ سوزش مثانہ۔ سوزش امعاء۔ پیچش۔ یرقان۔ سوزاک۔ سرعت انزال۔ کثرت طمث۔ لیکوریا تشری۔ (مجربات صابر)

سعال یابس (5)

ھوالشافی: گل بانسہ ۸۰۰ گرام، گل بنفشہ ۵۰۰ گرام، بادیان ۳۰۰ گرام۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام ہمراہ آب دمیں تین بار

فوائد: سعال یابس بلغم لیسدار غلیظ اخراج بمشکل، چہرہ وقارورہ زرد، خشکی وقبض، ریاح شکم، نبض سریع۔ (تحقیقات المجربات)

سعال حار (5)

ھوالشافی (457): مغز بادام ۹۰۰ گرام، صمغ عربی ۳۰۰ گرام، آرد ملٹھی ۱۰۰ گرام۔ تمام اجزاء خوب باریک کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام ان میں تین رچار بار۔

فوائد: سعال حار، چہرہ وقارورہ زرد، گلے میں سوزش، متلی، کبھی مغض۔

بندق بواسیری (5)

ھوالشافی (653): گندھک آملہ سار مدبر۔ میگنیشیا سالٹ مکد ۸۰ گرام، پوست بندق ۴۰ گرام، شیر عشر۔ سیماب مکد ۱۰ گرام۔ کچلی وادویہ سائیدہ ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی ہمراہ دودھ نیمگرم/ پانی تازہ دن میں چار بار۔

فوائد: پہلی خوراک سے ہی بواسیر کا خون بند ہو جاتا ہے۔ مصفی خون ہے، داد، چنبل، پھوڑے، پھنسیوں کے لئے مفید ہے...... جب بواسیر کے ساتھ جریان الدم اور جلن کی شکایت ہو تب اس کا استعمال مفید رہتا ہے۔

سفوف حمیٰ جدید (5)

ھوالشافی (458): لوبان کوڑیا ۱۸۰ گرام، کشتہ سنکھ ۱۰۰ گرام، پوست بیخ مدار ۵۰ گرام. تینوں ادویہ نہایت باریک کپڑ چھان کرلیں اور شیشے کی بوتل میں محفوظ کرلیں.

مقدار خوراک: بقدر اڑھائی رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دن میں تین بار دیں.

فوائد: بخار کو فوراً اتار دیتا ہے.

LEXATIVE(5) ملین

ھوالشافی: اصل السوس۔تنکار شگفتہ مکدہ ۷۰ گرام، شیر عشر ۱۰ گرام، ریوند خطائی ۱۰۰ گرام تمام اجزاء خوب باریک کرکے کپڑ چھان کرلیں.

مقدار خوراک: نصف سے دو گرام ہمراہ تازہ پانی دن میں تین بار.

فوائد: تقطیر البول۔تپ دق۔استحاضہ۔لیکوریا جلن دار۔چھپاکی۔سرعت انزال۔سوزش گردہ۔سوزش مثانہ۔سوزش معدہ۔سوزش امعاء. (مجربات صابر)

PURGATIVE(5) مسہل

ھوالشافی: اصل السوس۔تنکار شگفتہ مکدہ ۷۰ گرام، شیر عشر ۱۰ گرام، ریوند خطائی ۱۰۰ گرام، سقمونیا ۵۰ گرام. تمام اجزاء باریک کرکے نخودی گولیاں بنالیں.

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی ہمراہ تازہ پانی دن میں تین بار.

فوائد: ریاحی (تیزابی) امراض میں بالضد علاج کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ فشار الدم قوی۔حرقت البراز مفید ہے.

مسہل زیرے والا (5)

ھوالشافی: زیرہ سفید ۷۰ گرام، سقمونیا ولایتی ۱۰ گرام. اچھی طرح باریک کرکے نخودی گولیاں بنالیں. (اکسیر سرعت)

مقدار خوراک: ایک سے چار گولی ہمراہ قہوہ الائچی سونف دن میں تین بار.

فوائد: سرعت انزال۔احتباس بول۔سوزش وورم جگر۔سوزش وورم گردہ۔قبض.

ELIXIR(5) اکسیر

ھوالشافی: نوشادر ٹھیکری۔حجر الیہود۔دانہ الائچی خورد۔کہربا شمعی مکدہ ۱۰ گرام، مصری کالپی ۴۰ گرام. حجر الیہود آب مولی میں کھرل کرکے خشک کریں پھر بقیہ ادویہ نہایت باریک کرکے ملالیں.

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ آب نیمگرم یا جوشاندہ مدر بول یا شربت بزوری حار/معتدل.

فوائد: سنگ گردہ ومثانہ۔سوزش وورم گردہ۔حرقت البول۔سوزاک۔خفقان قلب۔مغض۔سعال یابس خراشدار۔دق۔جریان الدم۔بواسیر خونی. (مجربات صابر)

اکسیر وجع الکلیہ (5)

ھوالشافی: حجر الیہود۔تنکار۔قلمی شورہ زمینی۔جوکھار مکدہ ۵۰ گرام، گوکھرو۔پپلا مول مکدہ ۲۵ گرام. اول چاروں ادویہ کو آہنی کڑاہی میں پکا کر سرد کریں پھر دونوں بعدہٗ دونوں ادویہ مسفوف شامل کردیں......اگر جوکھار اصلی نہ ملے تو اسی وزن میں ولایتی جوکھار دوا تیار ہونے کے بعد ڈال لیں.

مقدار خوراک: ایک گرام سردیوں میں دودھ نیمگرم اور سردیوں میں لسی سے۔

فوائد: وجع الکلیہ۔ درد گردہ کی حالت میں مجرب ہے۔ (مجربات لقمانی)

اکسیر دماغی (5)

ھوالشافی (47): مربہ گاجر ۴۰۰ گرام، مغز بادام ۳۰۰ گرام، کشتہ نقرہ ۱۰۰ گرام، شہد خالص ۸۰۰ گرام۔ بادام رات کو بھگو کر صبح چھیل کر پیس لیں اور شہد میں ملا لیں پھر مربہ گاجر سائیدہ ملا کر ورق نقرہ شامل کر لیں۔

مقدار خوراک: چار سے بارہ گرام ہمراہ دودھ نیمگرم صبح وشام۔

فوائد: ضعف دماغی بوجہ کثرت مباشرت میں خصوصاً مفید ہے۔ (مجدد طبؒ)

تریاق (5) ANTI-DOTE

تریاق اصفر (5)

ھوالشافی: زرد چوب۔ اصل السوس۔ بادیان۔ تنکار شگفتہ مکد ۱۰۰ گرام۔ خوب باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: نصف سے تین گرام ہمراہ عرق بادیان یا قہوہ الائچی سونف۔

فوائد: سوزش معدہ وامعاء۔ وجع الفواد۔ پیچش خونی۔ تقطیر البول۔ السر معدہ وامعاء۔ سعال یابس۔ سوزش جوف عانہ۔ حرقت البدن۔ یرقان اصفر۔ مزمن امراض میں بطور منضج استعمال کریں۔

سفوف حیات (5)

ھوالشافی: زرد چوب۔ اصل السوس۔ تنکار شگفتہ مکد ۵۰ گرام، شیر عشر ۱۰ گرام۔

تینوں ادویہ خوب باریک کر کے ملا لیں۔ شیر عشر میں قدرے دواء ڈال کر کھرل کریں جب جذب ہو جائے تو تھوڑی تھوڑی دواء ڈال کر سب ملا دیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی سے ۲ گرام تک ہمراہ قہوہ الائچی سونف ہر تین گھنٹہ بعد مقدار خوراک اتنی رکھیں جس پر ابکائی آنے لگے لیکن قے نہ آئے۔

فوائد: دائمی قبض۔ پیچش خونی۔ ترشی معدہ۔ السر معدہ۔ سوزاک کہنہ ونیا۔ سل دق کے لئے دعوے کی دواء ہے۔ تین روز میں خون بند، ہفتہ میں بخار بند اور دو ہفتوں میں کھانسی بن ہو جاتی ہے۔ پھیپھڑوں کو جمی ہوئی غیر طبعی بلغم سے صاف کرتا ہے۔ جس سے زخم مندمل ہونا شروع ہو جاتے ہیں، بھوک بڑھ جاتی ہے، کھانسی وسینہ کی دکھن اور خون کی آمد رک جاتی ہے، خوراک محلول دیں وہ بھی شدید بھوک کی صورت میں۔

تریاق غدد (5)

ھوالشافی: گندھک آملہ سار۔ گل عشر۔ تنکار شگفتہ۔ رب السوس مکد ۷۰ گرام۔ تمام اجزاء سائیدہ میں رب السوس تھوڑا تھوڑا ملا کر اچھی طرح کھرل کر کے محفوظ کر لیں

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ آب نیمگرم۔

فوائد: حرقت الاعضاء۔ دمہ کلوی۔ دق الامعاء۔ سعال و بخار کہنہ۔ مغص۔

تریاق تحجر مفاصل (5)

ھوالشافی (54): تنکار شگفتہ ۷۰ گرام، زنجبیل ۵۰ گرام، فلفل موبہ ۳۰ گرام، شیر عشر ۲۰ گرام۔ تمام اجزاء باریک کر کے شیر عشر تھوڑا تھوڑا کر کے ڈالتے اور کھرل کرتے جائیں حتیٰ کہ سب یکجان ہو جائیں۔ (مجربات صابر)

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دن میں تین چار بار دیں۔

فوائد: دمہ یابس۔تپ دق۔فالج عضلاتی۔بواسیر خونی۔سوزش جوف عانہ میں جب کہ اندرونی اعضاء باہر نکلتے محسوس ہوں تو شدید محرک نمبر۴ کے ساتھ ملا کر دیں۔ جو مریض گنٹھیا کے سبب چلنے پھرنے سے معذور ہو گئے ہوں ان کیلئے بیحد مفید ہے

تریاق نوشادری (5)

ھوالشافی: زرد چوب ۷۰ گرام، تنکار شگفتہ ۵۰ گرام، ملح النار ۳۰ گرام شیر عشر ۱۰ گرام۔ تمام ادویہ باریک سفوف کر کے کپڑ چھان کر لیں پھر شیر عشر میں تھوڑا تھوڑا کر کے ملا کر کھرل کرتے جائیں حتی کہ تمام یکجان ہو جائے۔ پھر آہنی تابہ پر رکھ کر نرم آگ پر گرم کریں جب دھواں نکلنے لگے فوراً اتار لیں۔

مقدار خوراک: ایک سے چار رتی ہمراہ قہوہ الائچی سونف دن میں تین بار۔

فوائد: دمہ۔شہیقہ۔عسر تنفس۔ (حکیم رحمت علی راحتؒ)

مقوی INSIGORATING(5)

مقوی ثلاثی (5)

ھوالشافی: اسگندھ ۴۰۰ گرام، الائچی سبز ۱۰۰ گرام، قند سفید ۵۰۰ گرام۔ تمام اجزاء خوب باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام ہمراہ دودھ نیمگرم دن میں تین بار۔

فوائد: صداع جماعی۔جلق۔احتلام۔سرعت۔وجع المفاصل۔تثاقل۔

مقوی دماغ (5)

ھوالشافی: مغز بادام مقشر ۲۵۰ گرام، انجیر سفید۔سنا مکی۔مغز پنبہ دانہ۔مغز زیرہ

سفید۔مغز بادیان۔دانہ ہیل بواخورد مکدہ ۵۰ گرام، سقمونیا ولایتی ۱۰ گرام، گلقند ۵۰۰ گرام۔ شہد خالص ۶۰۰ گرام۔ تمام ادویہ باریک کر کے پارچہ بیز کریں۔ گلقند میں سقمونیا کھرل کر کے دیگر ادویہ ملا دیں۔

مقدار خوراک: ایک چمچہ ہمراہ دودھ نیمگرم رات سوتے وقت۔

فوائد: قبض۔بواسیر خونی و بادی۔ضعف بصر۔صداع جماعی۔صداع دائمی۔احتلام۔سرعت انزال وغیرہ میں مفید ہے۔

حلوہ SWEET(5)

حلوہ مقوی بدن (5)

ھوالشافی: مغز بادام۔مغز کدو۔مغز خیارین۔صمغ عربی۔نشاستہ مکدہ ۵۰ گرام، گھی ۱۵۰ گرام، قند سفید ۷۵۰ گرام۔ گوند و نشاستہ گھی میں براؤن کر کے ادویہ مسفوف ملا لیں۔

مقدار خوراک: ۲۰ سے ۵۰ صبح و شام ہمراہ دودھ نیمگرم۔

فوائد: مسمن بدن۔مقوی بصر۔سرعت۔سوزش امعاء۔

مقوی القطن (5)

ھوالشافی: مغز پنبہ دانہ ۲۰ گرام، آرد اسگندھ ۱۰ گرام، مصری حسب ضرورت۔ دونوں ادویہ دودھ میں ڈال کر نرم آنچ پر حریرہ تیار کریں پھر مصری کا اضافہ کریں۔

مقدار خوراک: یہ ایک خوراک ہے صبح نہار منہ کم از کم ۲۱ روز استعمال کرائیں۔

فوائد: دماغ کو تقویت دیتا، گردوں کو مضبوط کرتا اور دبلے اشخاص کی وجع القطن میں

مفید ہے۔

مشروب SYRUP(5)

بزوری معتدل (5)

ھوالشافی: تخم خربوزہ ۲۵ گرام، بیخ بادیان۔ تخم خیارین۔ تخم کاسنی۔ بیخ کاسنی مکدہ ۲۰ گرام، بھکھڑا۔ تخم کرفس۔ سونف مکدہ ۱۰ گرام، قند سفید ڈیڑھ کلوگرام۔ تمام ادویہ تین لیٹر پانی میں شب بھر بھگوئیں صبح جوش دیں جب نصف رہے تو پن کر قند سفید ڈال کر قوام کریں۔

مقدار خوراک: ۵۰ ملی لیٹر شربت گلاس پانی میں حل کر کے پئیں۔

فوائد: مدر بول۔ سنگ گردہ و مثانہ میں بہترین بدرقہ ہے۔ تیزابی امراض میں تیزابیت کی حدت توڑنے کے لئے دے سکتے ہیں۔ موسم گرما کا بہترین مشروب ہے۔

بانسی کول (5)

ھوالشافی: برگ بانسہ ۲۵۰ گرام، زوفہ ۱۵۰ گرام، قسط شیریں ۱۰۰ گرام، سناء مکی۔ گاؤزبان۔ گلسرخ مکدہ ۷ گرام، تربد سفید۔ بنفشہ مکدہ ۵ گرام، گل بنفشہ۔ گل گاؤزبان مکدہ ۳۰ گرام، ابریشم مقشر ۲۰ گرام، الائچی سبز ۱۰ گرام، قند سفید ۵ کلوگرام، شہد خالص ۱ کلوگرام، پانی ۸ لیٹر۔ تمام ادویہ شب بھر پانی میں بھگوئیں اور صبح جوش دیں جب پانچ لیٹر رہ جائے تو پن کر قند سفید ملا کر قوام کریں۔

مقدار خوراک: ۱۰ سے ۳۰ ملی لیٹر دن میں تین بار دیں۔

فوائد: کھانسی۔ خراش حلق میں مفید ہے۔ (حکیم مقبول چیمہ)

سعالین (5)

ھوالشافی: برگ بانسہ ۴۰ گرام، گلو۔ ملٹھی۔ املتاس۔ لسوڑھیاں مکدہ ۲۰ گرام، خوب کلاں۔ کاکڑا سینگی۔ گاؤزبان۔ سوماکلپا لتا۔ تخم جوز ماثل۔ شہدانہ۔ سرطان نہری مکدہ ۱۰ گرام۔ تمام ادویہ دس گنا پانی میں شب بھر بھگوئیں صبح جوش دیکر چھان لیں اور اس میں قند سفید ڈال کر قوام کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین چمچ خورد دن میں تین بار۔

فوائد: شدید کھانسی کے لئے مفید ہے۔ سوائے اشد ضرورت استعمال نہ کریں۔

عسل سعال (5)

ھوالشافی: قسط شیریں ۱۱۰ گرام، زوفہ۔ سنا مکی۔ انجیر زرد مکدہ ۷ گرام، گل سرخ۔ برگ بانسہ مکدہ ۵۰ گرام، کاکڑا سینگی ۳۰ گرام، کپور کچری ۱۰ گرام، مصری کالپی اڑھائی کلوگرام، نہری پانی ۲ لیٹر، شہد خالص ۵۰۰ گرام، ست لوبان ۵ گرام، ست لیموں 1 گرام۔ تمام ادویہ نیمکوفتہ شب بھر پانی میں بھگوئیں صبح جوش دیں جب نصف رہ جائے تو قند سفید ڈال کر قوام کرلیں پھر شہد ڈالکر گرم کریں اور جھاگ اتار کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ سے ۳۰ گرام دن میں تین چار بار چاٹیں۔

فوائد: سعال یابس۔ وجع الصدر۔ دمہ۔ (حکیم مقبول چیمہ)

جوشاندہ (5)

ھوالشافی: برگ بانسہ ۱۰ گرام، اصل السوس ۶ گرام، گاؤزبان۔ گلسرخ مکدہ ۴

گرام۔ تمام اجزاء جوکوب کرکے ڈیڑھ پاؤ پانی میں شب بھر بھگوئیں صبح جوشدیں نصف رہنے پر اتار کر پن لیں اور مصری یا شہد ملالیں۔ اوزان زیادہ کرکے شربت بنا سکتے ہیں۔

مقدار خوراک: جوشاندہ ۵۰ ملی لیٹر (شربت ۴ ملی لیٹر) دن میں ۴ بار۔

فوائد: دق۔سعال یابس۔سوزش معدہ وامعاء۔فشارالدم قوی۔ضعف قلب۔ پھیپھڑوں سے خون آنے کی صورت میں تریاق اصفر کے ساتھ بطور بدرقہ دینے سے فائدہ ہوتا ہے۔

جوشاندہ مسہل (5)

ھوالشافی: املتاس ۵۰ گرام، سنا مکی۔گلسرخ مکد ۲۰ گرام، زیرہ سفید ۱۰ گرام۔ املتاس کا گودا اور دیگر ادویہ 1 لیٹر پانی میں شب بھر بھگوئیں صبح جوشدیں، نصف رہے تو پن لیں۔

مقدار خوراک: ۱۵۰ ملی لیٹر دن میں تین بار پلائیں۔

فوائد: قولنج۔سدّے۔ریاح شکم۔دردشکم۔دق میں قبض کے لئے، حاملہ اور بچوں کو دے سکتے ہیں۔

نزلات دماغی (5)

ھوالشافی: تردی۔سنا مکی مکد ۱۰ گرام، بادیان ۷ گرام، گل گاؤزبان۔گل بنفشہ۔گلسرخ مکد ۵ گرام، عناب ۵ دانہ۔ تمام ادویہ ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوشدیں، چوتھائی رہنے پر کھانڈ ملادیں......گودا املتاس اضافہ کرسکتے ہیں۔

مقدار خوراک: یہ ایک خوراک ہے۔

فوائد: دماغ کا تنقیہ کرکے فضولیات سے صاف کرتا ہے جس سے دماغ کی سوزش ختم ہوکر رطوبات کا اخراج بند ہوجاتا ہے۔ (عناب ۵۰ دانہ = ۵۷ گرام)

قطور (5) DROPS

قطور رمد (5)

ھوالشافی: ست پودینہ ۱ گرام، شیشہ نمک۔قلمی شورہ۔شب یمانی مکد ۳ گرام، عرق بادیان ۷۵۰ ملی لیٹر۔ تمام اجزاء باریک کرکے عرق میں حل کرکے پن لیں۔

طریقہ استعمال: ڈراپر سے آنکھوں میں ڈالیں۔

فوائد: سرخی چشم۔رمد چشم۔جالا چشم۔

ذرور (5) DRY SPRAY

ھوالشافی: برگ مدار سبز سوختہ کرکے محفوظ رکھیں۔

طریقہ استعمال: زخم پر بھرکیں۔

فوائد: زخم پر مکھی نہ بیٹھے گی اور زخم جل خشک ہوگا۔

روغن (5) OIL

ھوالشافی: روغن کنجد ۲۵۰ ملی لیٹر، شیر عشر ۵۰ ملی لیٹر، روغن تارپین ۲۰ ملی لیٹر، کافور ۱۰ گرام۔ شیر عشر کو روغن کنجد میں جلا کر اتارلیں پھر روغن تارپین میں کافور حل کرکے ملادیں۔

طریقہ استعمال: مقام ماؤف پر ہلکے ہلکے مالش کریں۔

فوائد: چنبل۔داد۔خارش۔بواسیر۔ (مجربات صابر)

صبیان (5) PAEDREATICS

شربت ملین اطفال (5)

ھوالشافی: املتاس۔ گلسرخ۔ گل بنفشہ مکدہ ۵۰ گرام، سنا مکی ۲۰ گرام، شہد ۲۵۰ گرام، مصری کا لپی اکلوگرام. تمام ادویہ ڈیڑھ لیٹر پانی میں شب بھگوئیں صبح جوش دیں، نصف رہے تو پن کر قند سفید کے ساتھ قوام کرلیں بعدہٗ شہد ملا کر گرم کریں اور جھاگ اتار دیں.

مقدار خوراک: ۵س ۱۰ گرام دن میں تین یا چار بار.

فوائد: قبض۔ اپھارہ۔ بدہضمی۔ نزلہ زکام۔ کھانسی۔ دق الاطفال.

مسان روگ (5)

ھوالشافی (358): سفوف کلیجہ بز ۱۰۰ گرام، ہیل بوا خورد۔ بنسلوچن مکدہ ۱۰ گرام. تینوں ادویہ ملا کر خوب کھرل کرلیں.

مقدار خوراک: ایک سے چار رتی قند سفید میں ملا کر کھلایا کریں.

فوائد: بچوں کے سوکڑا میں مفید ہے۔ بچہ سوکھ کر خواہ ہڈیوں کا ڈھانچہ رہ گیا ہو چند ہی روز میں پھلنا پھولنا شروع ہو جاتا ہے۔ ہرے پیلے اور سبز دستوں کے لئے اکسیر کا کام دیتا ہے.

لعوق شہیقہ (5)

ھوالشافی: پوست خشخاش ۲۰۰ گرام، انجیر زرد۔ پرسیاؤ ساں مکدہ ۱۱۰ گرام، مغز املتاس ۵۰ گرام، زوفہ۔ کاسنی مکدہ ۴۰ گرام، مویز منقی ۴۰ عدد، لسوڑھیاں ۱۲۰ عدد

، مصری کا لپی ۲ کلوگرام، پانی ۴ لیٹر. شب بھر بھگو کر صبح جوشدیکر او مصری میں قوام کرلیں.

مقدار خوراک: ایک سے پانچ تولہ دن میں تین بار چاٹیں.

فوائد: کھانسی کے لئے جہاں انجکشن وادویات بیکار ثابت ہوں وہاں اکسیر کا کام کرتا ہے.

☆☆☆ اسے صرف انتہائی ضرورت کے تحت استعمال کریں. حکیم محمد سلیمان وہاڑی

مستورات (5) FEMALE SPECIAL

حب عقر فولادی (5)

ھوالشافی (48): فلفل گرد۔ برادہ دندان فیل مکدہ ۴۰ گرام، مرمکی۔ ملح النار۔ تخم شولنگی۔ ناگ کیسر۔ کشتہ فولاد مکدہ ۲۰ گرام، تخم دھنتر 1 تولہ. تمام ادویہ باریک کر کے نخودی گولیاں بنالیں.

مقدار خوراک: ا گولی ہمراہ دودھ نیمگرم بعد طعام روزانہ بعد غسل طمث ہفتہ بھر استعمال کرائیں پھر مقاربت کریں.

فوائد: انشاءاللہ حمل قرار پائے گا بسیار مجرب ہے. بوڑھی عورتوں کو بھی یہ دوائی کھلائی جائے تو انہیں بھی حمل ہو جاتا ہے نیز اس سے ہر قسم کا اٹھراہ بھی دور ہو جاتا ہے.

☆☆☆ ورم رحم کی صورت میں پہلے اس کا علاج کرلیں.

مسہل الکبد انڈیا (5)

ھوالشافی: سالٹ ۲۵۰ گرام، ہیرا کسیس۔ شب یمانی۔ ست لیموں۔ نوشادر

ٹھیکری۔ تریاق ابیض۔ شورہ قلمی مکد ۳ گرام، آب مقطر ۷۵۰ ملی لیٹر میں حل کر کے پن لیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک چھٹانک دن ناشتہ کے نصف گھنٹہ بعد۔

فوائد: جن مستورات کو حدت رحم کے سبب حمل نہیں ہوتا ان کے لئے مفید ہے۔ حرقت البدن۔ تیزابی امراض جن میں جگر زیر عتاب ہوتا ہے۔

☆ یہ نسخہ انڈیا کی ایک دایہ سے تحفتاً ملا ہے، مفید معلوم ہوتا ہے۔

عسر ولادت (3)

ھوالشافی: بیخ خارداڑ گونہ نہایت باریک سفوف کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: 1 گرام سفوف بیخ خارداڑ گونہ گرم پانی سے کھلائیں......اور چھوٹا سا صاف کپڑا شیر زقوم میں تر کر کے فرج میں رکھیں۔

فوائد: عسر ولادت کے لئے زود اثر ہے۔ 1 گھنٹہ میں بچہ کی پیدائش ہو جاتی ہے۔

شیر افروز (5)

ھوالشافی: مغز بنولہ۔ بادیان۔ تودری سفید۔ ستاور مکد ۱۱۰ گرام، شکر تری ۳۳۰ گرام. تمام اجزاء باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام ہمراہ شیر گاؤ نیمگرم صبح وشام نہار منہ۔

فوائد: زچہ میں دودھ کی کمی کو پورا کرتا ہے۔

رجال (5) MALE SPECIAL

سفوف سرعت (5)

ھوالشافی (57): اسگندھ ناگوری۔ صمغ عربی مکد ۳۰ گرام، ہیل بوا خورد۔ صندل سفید مکد ۱۰ گرام. باریک کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گرام صبح وشام۔

فوائد: سرعت انزال کے لئے مفید ہے۔ (تحقیقات جنسی امراض)

اکسیر دماغی (5)

ھوالشافی (74): مربہ گاجر ۴۰۰ گرام، مغز بادام ۳۰۰ گرام، کشتہ نقرہ ۱۰۰ گرام، عسل مصفی ۸۰۰ گرام. بادام شب بھر بھگوئیں صبح پیس لیں اور گاجر بھی پیس لیں. شہد میں پسے ہوئے بادام ملا لیں پھر مربہ گاجر پیسا ہوا ملا لیں آخر میں کشتہ چاندی شامل کر لیں۔

مقدار خوراک: چار سے بارہ گرام صبح وشام ہمراہ دودھ نیمگرم استعمال کرائیں۔

فوائد: ضعف دماغ۔ سوزش جگر و گردہ بوجہ کثرت مباشرت۔

تریاق سرعت (5)

ھوالشافی (47): کشنیز خشک۔ صمغ عربی مکد ۳۰ گرام، بندق۔ زیرہ سیاہ مکد ۱۰ گرام. خوب باریک کر کے نخودی گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح وشام استعمال کرائیں۔

فوائد: سرعت انزال میں مفید ہے۔ (تحقیقات جنسی امراض)

اعصابی مخاطی (ترسرد)

تحریک نمبر (6)

اعصابی مخاطی تمام نسخہ جات کا مزاج ترسرد ہوتا ہے۔ یہ دماغ واعصاب کو مشینی طور پر تحریک دیتے ہیں اور خون میں اجزاء مائیہ (بلغم) بڑھاتے ہیں۔ انہیں قشری (گرم) امراض کے لئے بالامالہ، اعصابی (تر) امراض کے لئے بالمثل، مخاطی (سرد) امراض کے لئے بالجذب یا اور عضلاتی (خشک) امراض کے لئے بالضد کے اصول پر حسب ضرورت استعمال کیا جاتا ہے۔ مرض کی شدت یا خفت کو مدنظر رکھتے ہوئے دواء کی مقدار کم وبیش کی جا سکتی ہے۔ شدید صورتوں میں ملین، مسہل، اکسیر یا تریاق دس یا پندرہ منٹ کے وقفہ سے دیا جاتا ہے جیسے جیسے مرض کا زور کم ہوتا جاتا ہے دواء کا وقفہ بڑھا کر تین یا چار گھنٹے کر دیتے ہیں۔

فہرست ادویہ اعصابی مخاطی مزاج (6)

نام دواء	گروہ	نام دواء	گروہ	نام دواء	گروہ
کیمیاوی/معدنی		نباتاتی		غذائی	
پوٹاشیم برومائیڈ	۸ بارد	بداری قند	۸	گنا	۸
پوٹاشیم پرمیگنیٹ	۴ بارد	کشنیز (دھنیا خشک)	۸	گاجر	۸
میگنیشیا سالٹ	۶.۳ بارد	تخم کاسنی	۸.۵	کھیرا	
قلمی شورہ	۶.۵ بارد				
جوکھار	.				
دھوبی سوڈا	۱۳				

علاج بالغذاء (6)

ناشتہ: دلیہ جو۔ سا گودانہ۔ گجریلا۔ دودھ سویاں۔ کھویا۔ مٹھائی پیٹھا۔ برفی۔ دودھ جلیبی۔ ماش سبز کے آٹے میں بادام کا حلوہ۔ حلوہ گاجر۔ کدو کا حلوہ۔ مربہ گاجر۔ ڈبل روٹی + مکھن + دودھ کی لسی۔ خمیرہ گاؤزبان کھا کر نیم گرم دودھ پی لیں۔

دوپہر: گاجر۔ شلجم سفید۔ پیٹھا۔ دال ماش سبز۔ مغز بکرا ر چھترا کالی مرچ میں پکا کر روٹی گندم سے کھالیں۔

رات: دوپہر والا سالن۔ مٹھائی پیٹھا۔ دودھ جلیبی یا دودھ برفی کھالیں۔

مشروب: شربت بزوری بارد۔ سردائی کدو۔ لسی دودھ۔ قہوہ الائچی سبز + گلسرخ۔ آب جو۔

مصالحہ جات: تخم مولی۔ تخم شلجم۔ زیرہ سیاہ۔ الائچی کلاں۔

روغنیات: روغن کدو۔ روغن کشنیز۔ روغن کھیرا۔

پھل: تر (ککڑی)۔ کھیرا۔ گنڈیریاں۔ سردا گرما۔ شہتوت سفید۔ آڑو شیریں زردی مائل۔ امرود زردی مائل۔

مقبول طبی شفاخانہ

موتی مسجد رچنا ٹاؤن-2 اللہ ھو روڈ۔ ستیانہ روڈ فیصل آباد

0321-6652523, 0300-7282992

محرک (6) STIMULANT

ھوالشافی: تخم کاسنی ۵۰ گرام، قلمی شورہ زمینی ۳۰ گرام، الائچی کلاں ۱۰ گرام۔ تینوں ادویہ خوب باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام دن میں تین بار۔

فوائد: حرقت البول۔ مسکن حرارت۔ چھپاکی۔ فشار الدم قوی۔

☆☆ یہ دواء کم عرصہ رہتی ہے جلد خراب ہو جاتی ہے اس لئے بمطابق ضرورت تیار کریں۔

بخوردمہ (6)

ھوالشافی: سونف ۵۰ گرام، قلمی شورہ۔ برگ جوز ماثل خشک مکدہ ۲۰ گرام، ست لوبان ۳ گرام۔ تمام ادویہ کوٹ کر دردرا کر لیں۔

مقدار خوراک: بقدر ضرورت۔

فوائد: بوقت دورہ ضیق النفس اس دواء کی مناسب مقدار دہکتے ہوئے کوئلوں یا حقہ کی چلم میں ڈال کر اس کا دھواں لیں چند منٹ میں سانس کی تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔

☆☆☆ یہ مستقل علاج نہیں بعدہ، اصولی علاج کیا جائے۔

محرک شدید (6) SEVERE STIMULANT

ھوالشافی: تخم کاسنی ۵۰ گرام، قلمی شورہ زمینی۔ جوکھار مکدہ ۳۰ گرام۔ الائچی کلاں ۱۰ گرام۔ تینوں ادویہ نہایت باریک پیس کر ملا لیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گرام ہمراہ تازہ پانی دن میں تین بار۔

فوائد: حرقت البول۔احتباس بول۔مسکن حرارت۔چھپاکی۔فشار الدم قوی.

☆☆ یہ دواء جلد خراب ہوجاتی ہے اسلئے بمطابق ضرورت تیار کریں

آیودی (6)

ھوالشافی: پوٹاشیم آیوڈائیڈ ۳۰۰ گرام، گیرو ۱۰۰ گرام. باہم ملا کر کھرل کرلیں.

مقدار خوراک: ضیق النفس میں 1 گرام پانی ملا کر دیں،

نزلہ زکام یا کھانسی کی ابتدائی حالت میں چاول بھر بوتل پانی میں ملا کر ایک چمچ ہر ۱۰ منٹ بعد دیں، اگر مادہ غلیظ ہو چکا ہو تو ۲ رتی دن میں تین بار دینے سے بآسانی اخراج پاتا ہے،

امراض قلب مثلاً درد دل۔دوزش غلاف دل۔شریانوں کا تشنج۔اجتماع خون شرائن میں ۲ رتی،

ورم غدد جاذبہ میں 1 رتی کی مقدار میں......استسقاء کلوی۔استسقاء الدماغ میں بقدر 1 رتی دیں

فوائد: اس کا اثر زیادہ آلات الہوا کی غشاء مخاطی پر رہتا ہے، خصوصاً ناک کی غشاء مخاطی پر اس لئے ایسے امراض جن میں بلغم کے اخراج کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے یہ دواء بہت کارآمد ہے۔ضیق النفس میں بلغم غلیظ ہوجانے سے اس کا اخراج رک جاتا ہے اور ہوا کی نالیوں کے تشنج سے تکلیف ہوتی ہے۔نزلہ زکام یا کھانسی کی ابتدائی حالت میں جب ناک اور چہرہ سرخ ہوں اور چھینکیں بکثرت آتی ہوں، کھانسی سے رقیق پانی کا اخراج ہو۔ذات الجنب میں غلاف الریہ میں رطوبت جمع ہوجائے۔درد

دل۔دوزش غلاف دل۔شریانوں کا تشنج۔اجتماع خون شرائن۔غدد جاذبہ اور خنازیری امراض، اورام غدد/بغل/کنج ران۔استسقاء کلوی۔استسقاء الدماغ۔آتشک کے باعث ہڈیوں پر بننے والے ابھار۔آنکھوں کی شدید سوزش میں مفید ہے.

☆☆☆ اگر دوران استعمال زکام کی شکایت پیدا ہونے لگے تو دواء روک دیں، نیز دوران استعمال قبض کشائی کراتے رہیں تاکہ بدن میں جمع نہ ہوسکے.

ملین LEXATIVE(6)

ھوالشافی: قلمی شورہ زمینی۔جوکھار۔صندل سفید مکد ۴۰ گرام۔گلسرخ ۵۰ گرام. تمام اجزاء باریک کر کے کپڑ چھان کرلیں.

مقدار خوراک: نصف سے دوگرام ہمراہ تازہ پانی دن میں تین بار.

فوائد: حرقت البول۔حصاۃ صفراویہ۔چھپاکی واحتباس البول۔۔شدید مخراج صفراء ہے بصورت قبض استعمال کریں.

مسہل PURGATIVE(6)

ھوالشافی: قلمی شورہ زمینی۔جوکھار۔صندل سفید مکد ۴۰ گرام۔گلسرخ ۵۰ گرام، عشق پیچہ ۷۰ گرام. تمام اجزاء خوب باریک کر کے کپڑ چھان کرلیں. صمغ عربی سے نخودی گولیاں بنالیں یا سفوف رہنے دیں.

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار.

فوائد: درج بالا فوائد کا حامل ہے فشار الدم کو فوری اعتدال پر لاتا ہے، شدید صورتوں میں باحتیاط استعمال کیا جاتا ہے.

مقبول طبی شفاخانہ موتی مسجد رچنا ٹاؤن 2, اللہ ھو روڈ۔ستیانہ روڈ فیصل آباد

تریاق (6) ANTI-DOTE

مسکن الم (6)

ھوالشافی (65): شب یمانی۔ گلسرخ۔ تخم کاسنی۔ قلمی شورہ زمینی مکدہ ۵۰ گرام، برگ قنب تازہ ۱۰۰ گرام کا فرش ولحاف دے کر شورہ وزاج شگفتہ کرلیں۔ جب برگ جل جائیں تو دیگر ادویہ سائیدہ ملا کر یکجان کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام ہمراہ شربت بزوری معتدل۔

فوائد: وجع الکلیہ ومرارہ۔ سنگ گردہ۔

مقوی (6) INSIGORATING

حلوہ مقوی اعصاب (6)

ھوالشافی (75): مربہ گاجر ایک کلوگرام، کھویا نصف کلوگرام، الائچی خورد ۱۵ گرام، گھی دیسی حسب ضرورت۔ گھی میں الائچی مسفوف سرخ کر کے مربہ گاجر وکھویا ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔ سرخ ہونے پر اس قدر گھی ڈالیں کہ تر بتر ہو جائے۔

مقدار خوراک: ایک چھٹانک صبح وشام ہمراہ دودھ نیمگرم۔

فوائد: مقوی دماغ۔ مفرح قلب۔ جگر وگردہ کی سوزش ختم کرتا اور رنگت کو صاف و جسم کو موٹا کرتا ہے۔ (تحقیقات جنسی امراض)

خمیرہ مقوی دماغ (6)

ھوالشافی: ابریشم۔ کشنیز خشک۔ گاؤزبان۔ صندل سفید مکدہ ۴۰ گرام، الائچی سبز ۱۰ گرام، قند سفید اڑھائی کلوگرام۔ ابریشم کو قینچی سے کاٹ کر کیڑے نکال دیں پھر

تمام اجزاء شب بھر عرق گلاب میں بھگوئیں صبح ۸ گھنٹہ جوشدیں نصف رہنے پر اتار کر ہاتھوں سے مل کر پارچہ بیز کریں اور حاصل شدہ پانی میں قند سفید ملا کر جوشدیں۔ جب خمیرے کے قوام پر آ جائے تو اتار کر خوب گھوٹیں۔ (مجربات صابر)

مقدار خوراک: ۶ سے ۹ گرام ہمراہ عرق گلاب یا تازہ پانی صبح وشام۔

فوائد: مقوی دماغ ومفرح قلب ہے۔ جلن دار تیزابی نزلہ زکام۔ ثقل سماعت۔ ضعف بصر بسبب خشکی۔ سرعت انزال۔ فشار الدم قوی۔ خفقان قلب۔ قروح امعاء۔

ھاضم (6) DIGESTIVE

اعصابی ھاضم (6)

ھوالشافی (57): ہیل کلاں ۲۰۰ گرام، تنکار شگفتہ۔ سجی کھار مکد ۱۰۰ گرام۔

مقدار خوراک: ایک سے آٹھ رتی تک ہمراہ آب تازہ دن میں تین چار بار۔

فوائد: پیٹ میں ریاح کی زیادتی، جلن وترش ڈکار آنے کے لئے مفید ہے۔ عضلاتی تحریک کی ہر علامت کے لئے کامیاب دواء ہے۔ (مجربات صابر)

مشروب (6) SYRUP

شربت بزوری بارد (6)

ھوالشافی: پوست بیخ کاسنی ۵۰ گرام، تخم خربوزہ۔ تخم کاسنی۔ تخم کھیرا۔ تخم ککڑی۔ تخم تربوز مکدہ ۳۰ گرام، مصری کالپی ۱.۵ کلوگرام، آب نہری ۲ لیٹر۔

مقدار خوراک: ۱۰ سے ۵۰ ملی لیٹر علی الصبح۔

فوائد: عطش مفرط۔ فشار الدم قوی۔ حرقت البول۔

مسھل الکبد (6)

ھوالشافی: سالٹ ۱ کلوگرام، کونین سبز۔نوشادر ٹھیکری۔ قلمی شورہ۔ پتری فولاد۔ ہیرا کسیس مکد ۵۰ گرام، عرق مکور بادیان ۵ لیٹر۔ تمام اجزاء خوب باریک کر کے عرق میں حل کریں۔ اچھی طرح حل ہو جائیں تو صاف کپڑے سے پن لیں۔

مقدار خوراک: تین سے پانچ چمچ صبح نہار منہ پی کر اوپر سے پانی کے تین گھونٹ پی لیں۔

فوائد: جب کثرت تیزابیت سے بدن میں جلن کی زیادتی ہو اور خمیرے آٹے کی طرح پھول جائے تو اسے استعمال کرتے ہیں۔خونی بواسیر۔رُعاف۔ٹشو کینسر میں جب دورانِ علاج جلن شروع ہو جائے۔ضعف جگر بسبب کثرت سوداء میں بہت مفید ہے۔

جوشاندہ (6)

ھوالشافی: تخم خبازی۔تخم خیارین۔تخم کاسنی مکد ۶ گرام، بہیدانہ ۳ گرام، پانی ایک پاؤ میں جوشدیں۔ نصف رہے تو پن کر قند سفید بقدر ضرورت ملالیں۔

مقدار خوراک: بالغ مریض کی یہ ایک خوراک ہے۔ (مجربات صابر)

فوائد: قشری علامات، سوزشی نزلہ کے لئے اس سے بہتر دواء کا تصور ممکن نہیں۔

قطور DROPS(6)

ھوالشافی: تنکار ۲۰ گرام، کافور ۳ گرام، عرق رازیانہ ۷۵۰ ملی لیٹر میں کھرل شدہ ادویہ ملا کر پن لیں۔

طریقہ استعمال: دو تین قطرے آنکھوں میں ڈالا کریں۔

فوائد: آنکھوں کی قشری سوزش کے لئے لاجواب ہے۔ (مجربات صابر)

روغن OIL(6)

روغن بیشی (6)

ھوالشافی: روغن بیدانجیر ۲۵۰ ملی لیٹر، روغن تارپین ۴۰ ملی لیٹر، کافور ۲۰ گرام، بیش ۱۰ گرام۔ کسٹر آئل میں بیش جلا کر پارچہ بیز کرلیں پھر کافور کو تارپین میں حل کر کے ملالیں

طریقہ استعمال: مقام ماؤف پر ہلکے ہلکے مالش کریں۔ (مجربات صابر)

فوائد: صداع قشری۔لاغری اعضاء۔جلا ہوا مقام۔ٹوٹی ہڈی جوڑنے کے لئے۔

روغن مسکن (6)

ھوالشافی: روغن زیتون ۵۰۰ ملی لیٹر، آب مکو سبز۔آب کاسنی سبز مکد ۲۵۰ ملی لیٹر۔ دونوں پانیوں کو روغن میں نرم آنچ پر جلالیں اور روغن محفوظ کرلیں۔

طریقہ استعال: روئی یا کپڑے پر قدرے روغن لگا کر جلن یا درد والے مقام پر رکھیں۔

فوائد: جلن و درد کے لئے براء الساعۃ ہے۔ورم رحم۔

مستورات FEMALE SPECIAL(6)

سفوف استحاضہ (6)

ھوالشافی: رال سفید ۱۰۰ گرام، گیرو ۲۵ گرام، الائچی سبز۔ ناگ کیسر مکد ۵ گرام۔ تمام اجزاء باریک کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام ہمراہ شربت صندل یا انجبار صبح وشام۔

فوائد: استحاضہ۔ لیکوریا میں فوری علاج کے لئے مفید ہے۔

قاطع شہوت (6)

ھوالشافی: تخم گل صد برگ باریک سفوف کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

فوائد: قاطع شہوت نسواں ہے۔

رجال (6) MALE SPECIAL

سفوف مؤلد (6)

ھوالشافی: ہیل بوا خورد۔ تخم گذر۔ موصلی سیاہ مکد ۲۵۰ گرام، فلفل گرد ۵۰ گرام، اسگندھ ناگوری ۸۰۰ گرام۔ تمام اجزاء باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام ہمراہ شیر گاؤ نیمگرم دن میں تین بار۔

فوائد: کثرت تیزابیت کے سبب جب حیوانات منویہ مردہ ہو جاتے ہیں تب یہ سفوف مادہ منویہ کی تیزابیت کم کر کے اسے اصل مزاج (کھاریت) کی طرف لاتا ہے جس سے دوبارہ جراثیم پیدا ہونے کی اہلیت پیدا ہو جاتی ہے۔

محرک طحال وغدد جاذبہ

مخاطی اعصابی (سردتر)

تحریک نمبر (7)

مخاطی اعصابی تمام نسخہ جات کا مزاج سردتر ہوتا ہے. یہ طحال وغدد جاذبہ کو کیمیاوی طور پر تحریک دیتے ہیں اور بلغم (اجزاء مائیہ) کی تیزی کو توڑتے رہتے ہیں. انہیں اعصابی (تر) امراض کیلئے بالامالہ، مخاطی (سرد) امراض کے لئے بالمثل، عضلاتی (خشک) امراض کیلئے بالجذب یا اور قشری (. گرم) امراض کے لئے بالضد کے اصول پر حسب ضرورت استعمال کیا جاتا ہے. مرض کی شدت یا خفت کو مدنظر رکھتے ہوئے دواء کی مقدار کم وبیش کی جاسکتی ہے. شدید صورتوں میں ملین، مسہل، اکسیر یا تریاق دس یا پندرہ منٹ کے وقفہ سے دیا جاتا ہے جیسے جیسے مرض کا زور کم ہوتا جاتا ہے دواء کا وقفہ بڑھا کر تین یا چار گھنٹے کر دیتے ہیں.

☆☆☆ مخاطی ادویہ کو اعصابی امراض میں بالامالہ استعمال کرنے کے لئے احتیاط کی ضرورت ہے کیونکہ سردی کی زیادتی رطوبات کو غلیظ کر کے امراض کا باعث بنتی ہے. اس لئے ایسی ادویہ کے ساتھ ساتھ عضلاتی محرکات کا استعمال بہتر رہتا ہے.

فہرست ادویہ مخاطی اعصابی مزاج (7)

نام دواء	گروہ	نام دواء	گروہ	نام دواء	گروہ
کیمیاوی رمعدنی		نباتاتی		غذائی	
سیندھور	9.5	عشق پیچہ	۲.۷ بارد	ککڑی	.
سیماب	۷.۸	ناگ کیسر	.	اروی	۸.۵
		صمغ عربی	.	دھنیا سبز	۷.۸
		اسبغول	۸ بارد	چاول	۸
		بیلگری	۷.۵	پالک	۷.۸
		موچرس	۸ بارد	سفیدی انڈا	۸
		گیرو	۸ بارد	تربوز	۴
		کہرباشمعی	۷	امرود	L۵
		صندل سفید	۷.۵		
		برگ سفیدہ	۷.۵		
		کنیر پیلا	۸		
		گاؤزبان	.		
		عناب	۶.۸	تخم حیات	.
		خطمی	.	بچھناک	۸
		خبازی	.	دانہ الاچی کلاں	۶.۸
		بنفشہ	۸	گل سینبھل	۶

علاج بالغذاء (7)

ناشتہ: گجریلا۔ ساگودانہ کسٹرڈ۔ دہی بھلے۔ ماش کے آٹے میں چاروں مغز کا حلوہ۔ گلقند۔ گوند کتیرا + دودھ۔ برگد کی گوہل کی کھیر۔ خمیرہ مروارید۔ ڈبل روٹی + مکھن۔ دہی۔ دہی کا ادھ رڑکا۔

دوپہر: بھنڈی توری۔ اروی۔ کھمبی۔ ساگ خرفہ۔ ساگ تاندلہ۔ رائتہ کدو۔ ماش سیاہ۔ شلجم نیلے۔ چقندر۔ ٹینڈی۔ چنے سفید۔ کچنار۔ سفیدی انڈا سے روٹی گندم۔ کھچڑی دال مونگ۔ ابلے چاول پہ دال ماش۔ شکرقندی۔

رات: دوپہر والا سالن۔ صبح والی غذاء۔ کھیر۔ فرنی۔ اُبلے چاول + ماش یا آئس کریم

مشروب: شربت صندل۔ شربت بزوری بارد۔ شربت بالنگو کتیرا والا۔ دہی۔ دہی کی لسی۔ دہی کا ادھ رڑکا۔ دودھ + شیزان بوتل۔ قہوہ گلسرخ + الائچی سیاہ۔ قہوہ انجبار۔ قہوہ ریش برگد۔

مصالحہ جات: الائچی سیاہ۔ دھنیا خشک۔ تخم مولی۔ تخم شلجم۔

روغنیات: ڈالڈا گھی ہمہ اقسام۔ چربی ہمہ اقسام۔ روغن کاہو۔ روغن تربوز۔

پھل: ناشپاتی۔ مالٹا۔ مسمی۔ لوکاٹ۔ کھیرا۔ تر۔ تربوز۔ امرود سرخی مائل۔ شہتوت سیاہ۔ شکرقندی۔ انار شیریں۔ آڑو شیریں۔ گنڈیریاں۔ پستہ۔

مقبول طبی شفاخانہ

موتی مسجد رچنا ٹاؤن-2 اللہ ھو روڈ۔ ستیانہ روڈ فیصل آباد

0321-6652523, 0300-7282992

مفرح EXHILARANT(7)

ھوالشافی: گلسرخ ۵۰ گرام، کشنیز خشک ۴۰ گرام، طباشیر نقرہ۔ صندل سفید مکد ۲۵ گرام، دانہ الائچی کلاں ۱۰ گرام، قند سفید ۳۰۰ گرام۔ تمام اجزاء خوب باریک کر کے پارچہ بیز کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام ہمراہ دودھ/شربت صندل/انجبار دن میں تین بار۔

فوائد: خفقان قلب۔ گھبراہٹ۔ فشار الدم قوی۔ بواسیر خونی۔ رعاف۔ قے الدم کثرت طمث۔ سوزش معدہ وامعاء۔

مفرح شاہی (7)

ھوالشافی: مربہ گاجر۔ مربہ بہی مکد ۱۰۰ گرام، ہیل بوا خورد۔ گلسرخ۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید مکد ۵۰ گرام، قند سفید 1 کلوگرام۔ مربہ جات کوٹ کر باریک کر لیں اور خشک ادویہ کا نہایت باریک سفوف کر لیں پھر قند سفید کا قوام کر کے تمام اجزاء اس میں ملا دیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام ہمراہ دودھ نیمگرم دن میں تین بار۔

فوائد: اسقاط حمل۔ خفقان قلب۔ گھبراہٹ۔ فشار الدم قوی۔

مفرح و مقوی (7)

ھوالشافی: مربہ بہی ۲۵۰ گرام، مربہ آملہ۔ مربہ ہرڑ۔ مربہ بہیڑہ۔ مربہ سیب۔ گلقند۔ مربہ گاجر مکد ۱۲۵ گرام، ہیل کلاں ۵۰ گرام، ہیل بوا خورد ۲۵ گرام، فلفل گرد ۵ گرام، آب ادرک ۲۵۰ ملی لیٹر کشتہ مرجان ۳ گرام۔ مربہ جات کوٹ کر ادویہ سائیدہ ملا لیں۔

مقدار خوراک: ۳۰ سے ۵۰ گرام صبح وشام ہمراہ دودھ نیمگرم۔

فوائد: مقوی ومفرح قلب ہے۔

مدر (7) DIURATIC

اندری جلاب (7)

ھوالشافی (678): کباب چینی۔ دانہ ہیل کلاں مکد ۱۲ گرام، شورہ قلمی ۳ گرام، پانی ڈیڑھ لیٹر میں بھگوئیں۔ دو گھنٹہ بعد چھان لیں۔

طریقہ استعمال: پیٹ بھر کر پلادیں، پیاس لگنے پر یہی دیں۔

فوائد: زخم احلیل صاف کرتا ہے۔

☆☆☆ غذاء میں صرف دودھ چاول ابلے دیں۔ (لقمانی گائیڈ)

محرک (7) STIMULANT

ھوالشافی: بنفشہ ۴۰ گرام، تخم کاسنی مکد ۲۵ گرام، ہیل کلاں ۱۰ گرام۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام۔

فوائد: حساسیت۔ جوش خون۔ حرقت البول۔ نفث الدم۔ (مجربات صابرؒ)

محرک شدید (7) SEVERE STIMULANT

ھوالشافی: بنفشہ ۴۰ گرام، تخم کاسنی۔ جوکھار مکد ۲۵ گرام، ہیل کلاں ۱۰ گرام۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام۔

فوائد: حساسیت۔ جوش خون۔ حرقت البول۔ نفث الدم۔ (مجربات صابرؒ)

ذیابیطس کبدی (7)

ھوالشافی: کشتہ سیپ۔ کشتہ بیضہ مرغ مکد ۱۰۰ گرام۔ ملالیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۸ رتی تک ہمراہ شربت شہد دن میں تین/چار بار۔

فوائد: شدت حرارت کے سبب سوزش جگر سے پیدا ہونے والی ذیابیطس کے لئے مفید ہے۔

ملین (7) LEXATIVE

ھوالشافی: بنفشہ ۴۰ گرام، تخم کاسنی۔ جوکھار مکد ۲۵ گرام، ہیل کلاں ۱۰ گرام، گلسرخ ۱۰۰ گرام۔ تمام اجزاء خوب باریک کرکے کپڑ چھان کرلیں

مقدار خوراک: نصف سے 1 گرام ہمراہ تازہ پانی/شربت انجبار/قہوہ گلسرخ + ہیل کلاں

فوائد: فشار الدم قوی۔ حرقت البول۔ نفث الدم۔ حساسیت۔ استحاضہ۔

مسہل (7) PURGATIVE

ھوالشافی: بنفشہ ۴۰ گرام، تخم کاسنی۔ جوکھار مکد ۲۵ گرام، ہیل کلاں ۱۰ گرام، گلسرخ ۱۰۰ گرام، عشق بیچہ ۲۰۰ گرام۔ تمام ادویہ باریک کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: نصف سے دو گرام ہمراہ آب تازہ/قہوہ گلسرخ + ہیل کلاں۔

فوائد: فشار الدم قشری کے لئے انتہائی تیز دواء ہے۔

اکسیر (7) ELIXIR

ھوالشافی: کشتہ نقرہ۔ کشتہ قلعی مکد ۱۰ گرام، طباشیر۔ ہیل کلاں مکد ۲۵ گرام۔ الائچی وطباشیر کو باریک کرکے کپڑ چھان کرلیں اور کشتہ جات میں اچھی طرح ملادیں

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ رتی مکھن یا بالائی میں رکھ کر کھلائیں۔

فوائد: سرعت انزال۔ ضعف باہ۔ شرئی نہاری (دن کو نکلنے والی چھپاکی)۔ سوزاک ۔سوزشی لیکوریا۔ تیزابی (خشکی) علامات میں بالجذب اور قشری (گرمی) علامات میں بالضد علاج کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ (مجربات صابرؒ)

تریاق (7) ANTI-DOTE

سفوف برش لوبانی (7)

ھوالشافی: لوبان کوڑیہ۔ قند سفید مکد ۱۲۰ گرام، تریاک ۱۰ گرام۔ تینوں اجزاء نہایت باریک کر کے ملالیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: دو سے چار رتی ہمراہ تازہ پانی دن میں تین بار۔

فوائد: ہر قسم کی دردوں میں مفید ہے۔ درد گردہ۔ درد جگر۔ منوم۔ سوزاک۔ سعال قشری۔ سوزش صدر۔ تقطیر البول۔ عسر الطمث۔ اسہال۔ بول الدم۔

☆☆☆ بچے اور بوڑھے اشخاص میں اس کا استعمال موزوں نہیں۔

سفوف برش زنجبیلی (7)

ھوالشافی: زنجبیل ۴۰ گرام، زیرہ کشمیری ۳۰ گرام، فلفل گرد ۲۰ گرام، تریاک ۱۰ گرام، قند سفید ۱۵۰ گرام۔ باریک کپڑ چھان کر کے شیشے کی بوتل میں محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک سے ۸ رتی

فوائد: درد شکم ہر قسم۔ اسہال۔ پیچش۔ ☆ سیاہ اسہال کی صورت میں نہ دیں۔

تریاق جدید (7)

ھوالشافی: صمغ عربی۔ تخم خرفہ۔ صندل سفید۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان۔ کافور قیصوری۔ بنسلوچن مکد ۱۲ گرام، کشتہ نقرہ ۳ گرام۔ بقدر نخود گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی ہمراہ قہوہ گلسرخ + الائچی کلاں۔

فوائد: اختلاج قلب۔ قروح امعاء۔ اسہال وزحیر مزمن۔ نزلہ رقیق۔ رعشہ خصوصا بچوں اور نوجوانوں کو لاحق ہونے والا۔ صرع اطرافی جس میں پہلے احساس ہوتا ہے کہ کوئی شے ہاتھوں اور پاؤں سے اوپر کو چڑھ رہی ہے۔ (مجربات صابرؒ)

برودی (7)

ھوالشافی: بنسلوچن۔ دم الاخوین مکد ۸۰ گرام، کشتہ نقرہ ۶۰ گرام، دانہ ہیل کلاں۔ سمندر سوکھ مکد ۴۰ گرام، کشتہ مرگانگ۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ فولاد مکد ۲۰ گرام، سرمہ سیاہ مدبر در عرق گلاب ۱۵ گرام۔ تمام اجزاء خوب باریک کر کے ملالیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ مربہ ثلاثی دن میں ایک بار۔

☆ **مربہ ثلاثی:** مربہ آملہ۔ مربہ سیب۔ مربہ گاجر مکد ایک پاؤ لیکر صاف کر کے کوٹ لیں اور اچھی طرح ملالیں۔ (حکیم حافظ محمد الہ یار مدینہ ٹاؤن)

فوائد: سیلان الرحم۔ جریان الرحم۔ خفقان حار۔ سوزش بول۔

مشروب (7) SYRUP

شربت بزوری بارد (7)

ھوالشافی: پوست بیخ کاسنی۔ پوست بیخ بادیان ۵۰ گرام، تخم خربوزہ۔ تخم کاسنی ۔تخم کھیرا۔ تخم ککڑی۔ تخم تربوز مکد ۳۰ گرام، مصری کالپی ڈیڑھ کلو گرام، پانی نہری ۲

لیٹر۔ نیمکوفتہ مغزیات اور بیخ ہر دو شب بھر پانی میں بھگوئیں صبح جوشدیں جب نصف رہ جائے تو مصری ڈال کر قوام کرلیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ سے ۵۰ ملی لیٹر علی الصبح۔

فوائد: عطش مفرط۔ فشار الدم قوی۔ حرقت البول۔

شربت انجبار (7)

ھوالشافی: بیخ انجبار۔ صندل سفید۔ حب الآس مکدہ ۵۰ گرام، قند سفید ڈیڑھ کلو گرام، تمام ادوی ۲ لیٹر پانی میں شب بھر بھگوئیں صبح جوش دیں جب ڈیڑھ لیٹر رہے تو شربت کا قوام کرلیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ سے ۵۰ ملی لیٹر پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: قے الدم۔ پیچش خونی۔ نفث الدم۔ حابس و قابض ہے۔

مشروب خس (7)

ھوالشافی: خس ۵۰ گرام، صندل سفید ۲۵ گرام، گل گاوزبان ۲۰ گرام، ہیل بواخوردہ ۱۰ گرام، مصری کالپی 1 کلوگرام۔ تمام ادویہ شب بھر ڈیڑھ لیٹر پانی میں بھگوئیں صبح جوشدیں جب نصف رہ جائے تو مصری ڈال کر قوام کرلیں۔

مقدار خوراک: ۳۰ سے ۵۰ ملی لیٹر دن میں تین چار بار۔

فوائد: عطش مفرط۔ گھبراہٹ و تلخی قلب۔ سوزش معدہ و امعاء۔ (مجربات صابر)

سرمہ COLLYRUM (7)

سرمہ جمیع الفوائد (7)

ھوالشافی: (1) زاج احمر۔ شورہ قلمی مکدہ ۲۵۰ گرام پانی میں محلول کر کے صاف کریں پھر آگ پر شگفتہ ہونے دیں۔

(2) سفوف نمبر 1 ایک گرام، بورک ایسڈ دس گرام ملا کر خوب کھرل کریں۔ پھر کافور ایک رتی فی 10 گرام ملا کر کھرل کریں۔ سیاہ کرنا مطلوب ہو تو سرمہ سیاہ ملاتے جائیں حتی کہ سیاہ ہو جائے۔ کحل کی تیزی اور نرمی سفوف نمبر 1 پر منحصر ہے۔

طریقہ استعمال: سلائی سے آنکھوں میں ڈالیں۔

فوائد: نمبر 1 سفوف جالا و پھولا کے لئے مفید ہے۔

نمبر 2 سفوف جملہ امراض چشم میں استعمال کریں مفید ہے۔

سنون TOOTH PASTE (7)

سنون لثہ دامیہ (7)

ھوالشافی (581): شب یمانی۔ عقرقرحا مکدہ ۱۰۰ گرام، تنکار شگفتہ ۵۰ گرام۔ الگ الگ سفوف کر کے ملالیں۔

طریقہ استعمال: بطور منجن دانتوں پر لگائیں اور نصف گھنٹہ بعد کلی کریں۔

فوائد: مسوڑھوں سے خون آنے میں مفید ہے۔ (نیاز علی شیخوپورہ)

مرہم PASTE (7)

مرہم نورہ (7)

ھوالشافی: نورہ آب نارسیدہ ۵۰ گرام، روغن کنجد ۵۰۰ گرام۔ نصف کلوگرام پانی میں نورہ کا آب زلال حاصل کریں پھر اس میں قدرے تنکار ڈال کر دونوں کو

روغن کنجد میں خوب پھینٹیں کہ سفید سا ایملشن بن جائے۔

طریقہ استعمال: جلے ہوئے مقام پر بطور مرہم لگائیں۔

فوائد: جلے ہوئے مقام کو فوری تسکین دیتا ہے۔

☆ ایملشن سے کچھ عرصہ بعد تیل اور پانی الگ ہو جاتا ہے، اس سے بچنے کیلئے پانی میں قدرے بورک ایسڈ ملا کر تیل میں پھینٹیں تو الگ نہیں ہوگا۔

روغن (7) OIL

روغن مسکن (7)

ھوالشافی: کافور ۲۰ گرام، میٹھا تیلیا ۱۰ گرام، روغن کنجد ۲۵۰ ملی لیٹر۔ میٹھا تیلیا کو روغن میں جلا کر صاف کریں پھر کافور حل کر کے محفوظ کر لیں۔

طریقہ استعمال: مقام ماؤف پر چند قطرے لگا کر ہلکی ہلکی مالش کریں۔

فوائد: لگاتے ہی درد فوراً بند ہو جاتا ہے۔

صبیان PAEDREATICS(7)

اکسیر زیبقی نمبر ۳ (7)

ھوالشافی: زیبق ۱ گرام، قند سفید ۱ کلوگرام۔ قند سفید نہایت باریک کریں۔ قدرے قند مسفوف لے کر اس میں زیبق اس قدر کھرل کریں کہ چمک وذرات نابود

ہو جائیں پھر شیشے کی بوتل میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو رتی دن میں تین بار منہ میں ڈال کر چوسیں۔

فوائد: قے۔ دست۔ مروڑ۔ دودھ الٹنا۔ گھنڈی گل جانا۔ گلے پڑنا۔ ہچکی۔ عظم الکبد۔ ورم الکبد۔ یرقان۔ استسقاء۔ کھانسی۔ زکام۔ ذات الریہ۔ ورم صفاق۔ ورم گردہ۔ پیپ پڑنا۔ زحیر مزمن میں آؤں آنا۔ خنازیری اورام۔

سفوف کافوری (7)

ھوالشافی: (1) کوکنارہ ۷ گرام، ہیل کلاں ۴۰ گرام، کافور۔ کیلشیم کارب مکدہ ۱۰ گرام، مصری کوزہ ۱۳۰ گرام۔ (قومی طب فروری)

(2) کوکنارہ ۷ گرام، ہیل بوا خورد ۶۰ گرام، کافور ۱۰ گرام، مصری کالپی ۱۴۰ گرام۔ تمام ادویہ خوب باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو رتی ہمراہ عرق بادیان دن میں تین بار۔ پیچش خونی میں تریاق اصفر میں اور اسہال میں سفوف مطیب میں ملا کر دینا زیادہ مفید ہے۔

فوائد: پیچش خونی۔ اسہال میں مفید ہے۔

مستورات FEMALE SPECIAL(7)

کشادبند (7)

ھوالشافی: کہربا شمعی۔ صندل سفید۔ دم الاخوین مکدہ ۵۰ گرام، الائچی سبز۔ تخم کاہو مکدہ ۱۰ گرام۔ تمام اجزاء خوب باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: اسے ۳ گرام ہمراہ خیساندہ بیخ انجبار دن میں تین یا چار بار۔

فوائد: حابس الدم ہے۔ استحاضہ و بواسیر خونی کی حاد صورتوں میں جریان کو روکنے کے لئے دیں بعدہٗ اصول کے مطابق علاج کریں۔

دردزہ حاد(7)

ہوالشافی: درد زہ کو ۲۴ گھنٹے گزر جائیں اور پیدائش نہ ہو تو پوٹاشیم کلوریٹ ۳ رتی کو ۶۰ ملی لیٹر پانی میں حل کر کے پلائیں۔ اخراج جنین میں معاونت کرتا ہے۔

فوائد: شدت دردزہ کی لہریں موقوف ہو جاتی ہیں۔ گھنٹہ بعد دوسری خوراک دے سکتے ہیں۔

رجال (7) MALE SPECIAL

پشٹی امرت(7)

ہوالشافی: ثمر پیپل ۳۰۰ گرام، اسگندھ۔ ستاور مکدہ ۲۵ گرام، کمرکس۔ پھول مکھانہ مکدہ ۱۰۰ گرام، ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ مغز

جیا پوتا مکدہ ۵۰ گرام، ہیل بوا خورد۔ بیج بند۔ تالمکھانہ۔ تخم اونٹنگن۔ تخم ریحان مکدہ ۲۵ گرام۔ تمام اجزاء باریک کپڑ چھان کر کے شیشے کے جار میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک سے تین گرام ہمراہ دودھ نیمگرم۔

فوائد: مؤلد مادہ منویہ۔ مؤلد جراثیم تولید۔ (پیر عبدالرحیم جلیلؒ)

حیات بخش(7)

ہوالشافی(57): رُب خصیہ۔ رُب مغز بکرا۔ قند سفید مکدہ ۲۵۰ گرام، مغز چہار۔ مغز بادیان مکدہ ۱۰۰ گرام، قسط شیریں۔ مغز بادام۔ مغز جیا پوتا مکدہ ۵۰ گرام، دانہ الائچی سبز ۲۰ گرام، صدف ۱۰ گرام۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک تولہ دودھ نیمگرم نصف کلوگرام کے ساتھ۔

فوائد: کرم منی کی پیدائش کو بڑھاتا ہے۔

جراثیمی نقرئی(7)

ہوالشافی: بہمن سرخ ۶۰ گرام، الائچی سبز۔ بہمن سفید مکدہ ۵۰ گرام، موصلی سیاہ۔ موصلی سفید مکدہ ۴۰ گرام، ثعلب مصری۔ ثعلب پنجہ مکدہ ۲۰ گرام، کشتہ نقرہ اعلیٰ ۱۸ گرام، مروارید ۶ گرام، مصری کالپی ۲۵۰ گرام۔ تمام اجزاء خوب باریک کر لیں

مقدار خوراک: ایک چمچہ خورد ہمراہ دودھ نیمگرم صبح و شام۔

فوائد: مادہ منویہ میں عمل تخمیر مکمل کر کے جراثیم کی پیدائش بڑھاتا ہے۔

گلقند برگد(7)

ہوالشافی: پتی سرخ خورد تازہ برگد ۱ کلوگرام، شکرتری ۲ کلوگرام۔ برگد کی پتیاں مسل کر نہایت باریک کر لیں اور شکر ملا کر دھوپ میں رکھ دیں جب نرم ہو کر گلقند تیار

ہو جائے تو محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ۶ گرام ہمراہ دودھ نیمگرم صبح و شام۔

فوائد: جریان۔ احتلام۔ سرعت ورقت مادہ۔ ممسک طبعی۔ (لقمان فروری ۱۹۵۱)

سفوف مغلظ (7)

ھوالشافی: تخم سروالی۔ شکرتری مکدہ ۲۵۰ گرام۔ دونوں اجزاء باریک کر کے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ۱۲ گرام صبح نہار ہمراہ شیر گاؤ نیمگرم۔

فوائد: سرعت ورقت۔ ممسک طبعی۔

مخاطی عضلاتی (سرد خشک)

تحریک نمبر (8)

مخاطی عضلاتی تمام نسخہ جات کا مزاج سرد خشک ہوتا ہے۔ یہ طحال و غدد جاذبہ کو مشینی طور پر تحریک دیتے ہیں اور خون میں اجزاء ارضیہ (سوداء) بڑھاتے ہیں۔ انہیں

اعصابی (تر) امراض کے لئے بالامالہ، مخاطی (سرد) امراض کے لئے بالمثل، عضلاتی (خشک) امراض کے لئے بالجذب یا اور قشری (گرم) امراض کیلئے بالضد کے اصول پر حسب ضرورت استعمال کیا جاتا ہے۔ مرض کی شدت یا خفت کو مدنظر رکھتے ہوئے دواء کی مقدار کم وبیش کی جا سکتی ہے۔ شدید صورتوں میں ملین، مسہل، اکسیر یا تریاق دس یا پندرہ منٹ کے وقفہ سے دیا جاتا ہے۔ جیسے جیسے مرض کا زور کم ہوتا جاتا ہے دواء کا وقفہ بڑھا کر تین یا چار گھنٹے کر دیتے ہیں۔

☆ مخاطی ادویہ کو اعصابی امراض میں بالامالہ استعمال کرنے کیلئے احتیاط کی ضرورت ہے کیونکہ سردی کی زیادتی رطوبات کو غلیظ کر کے امراض کا باعث بنتی ہے۔ اس لئے ایسی ادویہ کے ساتھ ساتھ عضلاتی محرکات کا استعمال بہتر رہتا ہے۔

نوٹ: چونکہ مخاطی ادویہ شدید سردی پیدا کرتی ہیں اس لئے شیوخ، عورتوں، بچوں اور ہیجڑوں کو حتی المقدور استعمال نہ کرائیں۔

فہرست ادویہ مخاطی عضلاتی مزاج (8)

نام دواء	گروہ	نام دواء	گروہ	نام دواء	گروہ
کیمیاوی		نباتاتی		غذائی	
ہیرا کسیس	۶	تباشیر	۸.۷ بارد	آلو	۵
پتری فولاد	۴.۵	گورکھ پان	۸ بارد	مٹر	۷.۸

خبث الحدید	۸	کچلہ	۶.۸	دال چنا سفید	۸
فناشین	۴.۵	چھلکا ہیل کلاں	۶.۵	بیر (بڑے)	۵.۸
		بہیڑہ	۵.۹	آب پالک	L۵
		دودھی خورد	۶.۲	مالٹا	L۵
		خس	۶.۵	آڑو ترش	۶.۵
		سپاری جہازی	۱.۷ بارد	پھٹ	۶.۵
		شہدانہ	۸ بارد	خوبانی	۶.۸
		پھلی کیکر	۸ بارد		
		بانس	۷.۸		
		اقاقیا	۶.۹		
		کنیر سفید	۶.۵		
		السی	۷.۹		
		ہڑجوڑ	۷.۵		
		اشوک	۶.۵		

علاج بالغذاء (8)

ناشتہ: مربہ آملہ۔ مربہ بہی۔ آلو۔ دہی۔ حلوہ سوجی مکی۔

دوپہر: بینگن۔ کلیجی۔ سری پائے۔ آلو۔ گوبھی۔ چنے سیاہ۔ دال ماش سیاہ۔ مٹر۔ موٹھ۔ ارہر۔ پالک۔ ساگ چولائی۔ آلو بھنے۔ سرکہ سے روٹی مکی یا باجرا۔ کھچڑی چاول+موٹھ۔

رات: دوپہر والا سالن۔ صبح والی خوراک۔ فروٹ چاٹ یا آلو چنے کھا کر قہوہ گلسرخ +الائچی سیاہ پئیں۔

مشروب: قہوہ ریش پیپل۔ دودھ+ مرنڈا بوتل۔ شربت حب الآس۔ دودھ پتی

مصالحہ جات: الائچی سیاہ۔ آلو بخارا۔ املی۔ سرکہ۔ دہی ترش۔

روغنیات: روغن مونگ پھلی۔ روغن ککڑی۔ روغن صندل۔ روغن سفیدہ۔

پھل: ۔ آڑو ترش سرخی مائل۔ آلو بخارا۔ فروٹر۔ بہی۔ جامن۔ بیر۔ سنگھاڑا۔ مونگ پھلی۔ شکر قندی۔ خوبانی۔ فالسہ۔ انار ترش۔ رس بھری۔ پھٹ (ترینی)۔ امرود سرخی مائل۔

مفرح (8) EXHILARANT

سفوف مفرح

ھوالشافی: زہر مہرہ خطائی۔ الائچی خورد۔ کہربا شمعی۔ کشنیز۔ صندل سفید۔ طباشیر کبود مکّہ ۶۰ گرام، ناریل دریائی ۳۶ گرام، کشتہ عقیق ۲۴ گرام، کشتہ مرجان ۱۲ گرام، ورق نقرہ ۳ گرام۔ باریک کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: 1 سے 3 گرام ہمراہ رب انار۔

فوائد: اندرونی اعضاء میں تقویت وتسکین پیدا کرتی ہے۔ متلی۔ قے۔ ابکائی فوراً بند کرتا ہے۔ نفث الدم۔ نکسیر۔ کثرت خونِ طمث ونفاس۔ اسہال۔ مروڑ۔ حمیات میں غثیان۔ تہوع۔ پیاس۔ قلق واضطراب۔ گھبراہٹ۔ اختلاج قلب جیسی حادصورتوں میں فوری مؤثر ہے۔

محرک STIMULANT(8)

(بچوں اور بوڑھوں کو بصد احتیاط استعمال کرائیں)

ھوالشافی: طباشیر۔ دانہ الائچی کلاں مکد ۴۰ گرام۔ باریک کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ بدرقہ مناسب دن میں تین رچار بار

فوائد پیچش۔ اسہال جلن دار۔

شیروجع القطن (8)

ھوالشافی: صمغ لرزاں 9 گرام باریک کرکے پوٹلی میں باندھ کر نصف لیٹر دودھ میں لٹکا کر خوب جوش دیں پھر پوٹلی پھینک دیں۔ (مجربات سلطانی)

مقدار خوراک: یہ دودھ ایک خوراک ہے میٹھا کرکے نوش جان کریں۔

فوائد: وجع القطن خواہ کسی بھی وجہ سے ہو انشاءاللہ تین دن میں رفع ہو جاتا ہے۔

محرک شدید SEVERE STIMULANT(8)

(بچوں اور بوڑھوں کو بصد احتیاط استعمال کرائیں)

ھوالشافی: طباشیر۔ دانہ الائچی کلاں مکد ۴۰ گرام، اجوائن خراسانی رکوکنار ۱۰

گرام۔ تمام اجزاء باریک کرکے کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ رتی ہمراہ بدرقہ مناسب۔

فوائد: پیچش۔ اسہال جلن دار مفید ہے۔

ممسک ومغلظ (8)

ھوالشافی: ثمر خام مغیلاں۔ شکرتری مکد اکلو، روغن زرد ۵۰۰ گرام۔ روغن زرد میں ثمر مغیلاں براؤن کرکے شکر میں ملا کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ۲۰ گرام ہمراہ شیر گاؤ نیمگرم صبح وشام نہار منہ ۲۱ روز یا حسب ضرورت استعمال کرائیں۔

فوائد: ممسک۔ مغلظ منی۔ وجع القطن۔ کثرت بول۔ (قانون بقائے جوانی)

ملین LEXATIVE(8)

(بچوں اور بوڑھوں کو بصد احتیاط استعمال کرائیں)

ھوالشافی: طباشیر۔ دانہ الائچی کلاں مکد ۴۰ گرام، اجوائن خراسانی رکوکنار ۱۰ گرام، اسطوخودوس ۹۰ گرام۔ باریک کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ رتی ہمراہ بدرقہ مناسب۔

فوائد: پیچش۔ اسہال جلن دار۔

مسہل PURGATIVE(8)

(بچوں اور بوڑھوں کو بصد احتیاط استعمال کرائیں)

ھوالشافی: طباشیر۔ دانہ الائچی کلاں مکد ۴۰ گرام، اجوائن خراسانی رکوکنار ۱۰

گرام، اسطوخودوس ۹۰ گرام، عشق پیچہ ۱۸۰ گرام۔ باریک کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ رتی ہمراہ بدرقہ مناسب۔

فوائد: پیچش۔اسہال جلن دار کی حاد صورتوں میں دیں۔

اکسیر ELIXIR(8)

اکسیر مغیلاں (8)

ھوالشافی: ثمر خام مغیلاں۔کشتہ سنگ بیضہ مکدہ ۵۰ گرام۔ ثمر مغیلاں باریک کرکے دونوں اجزاء باہم ملالیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ رتی ہمراہ قہوہ ریش برگد صبح وشام۔

فوائد: ذیابیطس بانقراسی۔کثرت بول۔سرعت انزال۔سیلان الرحم۔جریان۔

اکسیر خنازیر (8)

ھوالشافی: مارا سود تازہ (مردہ) کی آلائش صاف کرکے کوزہ گلی میں بند و گلحکمت کرکے ایک من اوپلوں کی آنچ میں سوختہ کرلیں اور سرد ہونے پر نکال کر پیس رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی زبان پر رکھ کر ۲/۴ چمچ شہد ڈالدیں یا شہد میں رکھ کر چٹائیں۔

فوائد: خناق مہلک کیلئے مفید ہے۔اورام وگلٹیاں تحلیل ہوجاتی ہیں۔

نوٹ: غذاء میں غلطی سے بھی سرد شے استعمال نہ کرائیں۔

تریاق ANTI-DOTE(8)

(بچوں اور بوڑھوں کو بصد احتیاط استعمال کرائیں)

سفوف برش کافوری (8)

ھوالشافی: تریاک ۱۰ گرام، جدوار خطائی ۹ گرام، کافور ۳ گرام، قند سفید ۲۰۰ گرام۔ تمام اجزاء خوب باریک کرکے کپڑ چھان کرلیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۸ رتی۔

فوائد: مخدر و مسکن ہے۔اسہال۔پیچش۔مروڑ غیر سدی۔قے۔ورم صفاق۔ورم رحم۔ورم گردہ۔ورم معدہ۔ذیابیطس۔سلسل البول۔کثرت طمث۔لیکوریا۔اسقاط کی علامات شروع ہوچکی ہوں تو ۲ گرام کی خوراک یکدم دے دیں۔

سفوف شفاء جدید (8)

ھوالشافی: کیلشیم کارب ۶۰ گرام، اجوائن خراسانی۔تخم جوز ماثل۔صمغ عربی مکدہ ۱۰ گرام، روغن شفاء ۶ گرام۔ خوب کھرل کرکے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ۱ سے ۲ رتی صبح وشام۔

فوائد: دردشکم۔وجع الصدر۔کھانسی۔نزلہ حار۔زحیر میں پیٹ صاف کرنے کے بعد استعمال کرائیں۔

مسکن الم (8)

ھوالشافی: تخم کاسنی۔قلمی شورہ زمینی۔گلسرخ۔شب یمانی مکدہ ۵۰ گرام، برگ قنب تازہ ۱۰۰ گرام کا فرش ولحاف دے کر شورہ وشب شگفتہ کرلیں جب برگ جل جائیں تو دیگر ادویہ ملا کر یکجان کرلیں۔

مقدار خوراک: نصف سے تین گرام ہمراہ شربت بزوری بارد۔

فوائد: درد گردہ۔درد پتہ۔درد سنگ مرارہ۔

مقوی (8) INSIGORATING

هوالشافی: کشتہ سنگ بیضہ۔ کشتہ صدف مروارید ی مکدہ ۵۰ گرام۔ دونوں کشتہ جات ملا کر اچھی طرح کھرل کر لیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ رتی۔

فوائد: ذیابیطس بانقراسی۔ سلسل البول۔ ضعف باہ۔ لیکوریا۔

جوارش (8) ALTERATIVE

جوارش شاہی (8)

هوالشافی (571): مربہ آملہ ۱۰۰ گرام، مربہ سیب۔ زرشک شیریں مکدہ ۵۰ گرام ہیل بوا خورد۔ گلسرخ۔ صندل سفید مکدہ ۲۰ گرام، قند سفید/شہد سہ چند جملہ ادویہ (۸۵۰ گرام) کے قوام میں ادویہ ملا کر جوارش تیار کریں۔

مقدار خوراک: 6 سے 9 گرام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: سہر۔ ضعف قلب بوجہ تحلیل۔ خفقان القلب۔ مالیخولیا میں مفید ہے۔

مشروب (8) SYRUP

شربت انجبار (8)

هوالشافی: بیخ انجبار۔ صندل سفید۔ حب الآس مکدہ ۵۰ گرام، قند سفید ڈیڑھ کلو گرام۔ پانی ۲ لیٹر میں شب بھر بھگو کر صبح جوشدیں جب ڈیڑھ لیٹر رہے تو قوام کر لیں

مقدار خوراک: ایک سے دو چمچ شربت پانی میں ملا کر دیں۔

فوائد: حابس و قابض۔ قے الدم۔ نفث الدم۔ زحیر خونی۔

قطور (8) DROPS

قطور آشوب چشم (8)

هوالشافی: پوست ہلیلہ زرد ۱۰ گرام، شب یمانی۔ تریاک مکدہ ۵ گرام، عرق گلاب ۷۵۰ ملی لیٹر۔ تمام ادویہ خوب باریک کر کے گلاب میں کھرل کریں پھر کچھ دیر بعد چھن لیں۔

طریقہ استعمال: ڈراپر سے آنکھوں میں ڈالیں۔

فوائد: آشوب چشم۔ سرخی چشم۔ نزول الماء۔ ضعف بصر۔ روشنی کا برداشت نہ ہونا۔ درد و ریم گوش کے لئے فوری اثر ہے۔ مقامی طور پر زخموں پر لگائیں۔ (مجربات صابرؒ)

سرمہ (8) COLLYRUM

هوالشافی: سرمہ سیاہ ۱۲ گرام، تخم نیل ۹ گرام، کافور بھیم سینی ۴ گرام۔ تینوں ادویہ انتہائی باریک غبار کر لیں۔

طریقہ استعمال: سلائی سے صبح و شام آنکھوں میں لگائیں۔

(کنز المجربات)

فوائد: نزول الماء کی ابتداء میں مفید ہے۔

سنون (8) TOOTH PASTE

سنون نورہ (8)

هوالشافی: برگ ببول خشک ۳۰ گرام، پوست ببول خشک ۲۰ گرام، نورہ آب رسیدہ۔ شب یمانی مکدہ ۱۰ گرام۔ نورہ الگ باریک کر کے دوسرے اجزاء پیس کر باہم ملا لیں۔

طریقہ استعمال: بطور منجن لگائیں۔

فوائد: ریشہ خون کی آمد روکتا ہے۔ ہلتے دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔

سنون شافی(8)

ھوالشافی: برگ ببول خشک ۳۰ گرام، پوست ببول خشک ۲۰ گرام، شب یمانی۔ عقرقر حا مکمد ۱۰ گرام۔ تمام اجزاء الگ الگ پیس کر ملالیں۔

طریقہ استعمال: بطور منجن لگائیں۔

فوائد: ریشہ خون کی آمد روکتا ہے۔ ہلتے دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔

منجن اکسیری(8)

ھوالشافی(581): راکھ چوب مدار ۹۰ گرام، شب یمانی۔ ہلیلہ سوختہ۔ سوڈا خوردنی ۶۰ گرام، ماز دبیز۔ تنکار شگفتہ۔ کباب چینی۔ کوڑی سوختہ ۳۰ گرام۔ تمام اجزاء مانند غبار کر کے ملالیں۔

طریقہ استعمال: بطور منجن دانتوں پر ملیں۔ (پیر عبدالرحیم جلیلؒ)

فوائد: لثہ دامیہ۔ ورم لثہ۔ دانتوں کو صاف کرتا اور موتیوں کی طرح چمکنے لگتے ہیں۔

مرہم PASTE(8)

مرہم نورہ(8)

ھوالشافی: روغن کنجد ۵۰۰ ملی لیٹر، چونا ان بجھ ۵۰ گرام۔ چونا کو نصف لیٹر پانی میں ڈبو دیں جب جوش کھا کر سرد ہو جائے تو کچھ دیر پڑا رہنے دیں پھر اوپر سے پانی نتھار لیں اور روغن میں ملا کر خوب پھینٹیں حتیٰ کہ سفید رنگ کا ایملشن سا بن جائے۔

طریقہ استعمال: جلے ہوئے مقام پر بطور مرہم لگائیں۔

فوائد: جلی ہوئی جگہ لگانے سے فوراً تسکین دیتا ہے۔

☆☆☆ ایملشن سے کچھ دیر بعد تیل اور پانی الگ ہو جاتا ہے اس سے بچنے کے لئے زلال نورہ میں قدرے بورک ایسڈ ملا کر پھر روغن میں پھینٹیں تو درست رہے گا۔

روغن OIL(8)

روغن باسور(8)

ھوالشافی: تنکار شگفتہ۔ کافور مکمد ۱۰ گرام، روغن کنجد یا روغن ناریل ۲۰ ملی لیٹر۔ تینوں اجزاء اچھی طرح حل کر کے محفوظ کر لیں۔

طریقہ استعمال: بواسیری مسوں پر دن میں تین بار لگائیں۔

فوائد: چند روز میں مسے مرجھا جائیں گے۔ (لقمانی گائیڈ)

صبیان PAEDREATICS(8)

محلول دق الاطفال(8)

ھوالشافی: زربی ۱۲ گرام ایک بوتل (۷۵۰ ملی لیٹر) پانی میں حل کر کے پن لیں اور شیشے کی بوتل میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک چمچہ صبح و شام دیں۔ (لقمان)

فوائد: دق الاطفال یعنی سوکڑا میں بہت مفید ہے ہفتہ عشرہ میں نتائج ظاہر ہونے لگتے

ہیں۔

دواء اللہاۃ (8)

ھوالشافی: سپاری۔ گل سپاری۔ گلنار۔ سماق دانہ۔ شب یمانی۔ مازو۔ گلسرخ۔ تنکار شگفتہ مکد ۵۰ گرام۔ سرمہ سا کریں۔

طریقہ استعمال: قدرے سفوف لے کر کوے پر لگائیں یا چمچہ میں رکھ کر منہ کھول کر کوا کے نیچے رکھ کر اوپر کو اٹھائیں۔

فوائد: بچوں کے لٹکے ہوئے کوے کو درست کرتا ہے۔

اجسامی (8)

ھوالشافی (84): خصیہ بکرا ۵۰۰ گرام، گردہ بکرا۔ لبلبہ جوان بچھڑا۔ کھانڈ مکد ۲۵۰ گرام سالم گردے اور سالم خصیے لے کر ان کو نمکین پانی سے دھولیں (گردے و خصیے کے اوپر کی جھلی نہ اتاری جائے)۔ تینوں اجزاء ۵ لیٹر پانی میں ڈال کر ۱۲ گھنٹہ تک بالکل مدھم حرارت پر پکائیں پھر اسی پانی میں خوب ملیں۔ اگر پانی کم ہو تو اور پانی ڈال دیں، ایک لیٹر پانی ان میں باقی رہنا چاہئے۔ ملنے کے بعد کسی گفدار کپڑے سے پن لیں تاکہ ذرات الگ ہو جائیں۔ پھر سیاہی چوس کاغذ کے ذریعے پن لیں۔ اب اس جوہر میں قند ملا کر نرم آنچ پر پکائیں تاکہ پانی بالکل خشک ہو کر دواء کھانڈ کی طرح ہو جائے۔ اسے پیس کر ہوابند ڈھکن کی شیشی میں محفوظ رکھیں ورنہ نمی پہنچنے سے بدبو پیدا ہونے کا خطرہ ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲ گرام صبح و شام قبل از غذاء۔

فوائد: جن بچوں کا قد پست رہ جاتا ہو اس دواء کے استعمال سے طبعی قد کو پہنچتے ہیں۔

ایسی مستورات جن کی اولاد پست قد رہتی ہو، اگر حمل کے وقت اس دواء کو استعمال کریں تو بھی پیدا ہونے والے بچوں پر بہت اچھا اثر پڑے گا۔ یہ دواء دراصل خصیہ و گردہ کی رطوبت پیدا کرنے میں معاون ہے جو بدن کی نشو و نما کے لئے ضروری ہیں۔ اگر یہ رطوبات پیدا ہو کر خون میں جذب نہ ہو تو بچوں کا قد چھوٹا رہ جاتا ہے بلکہ اگر قد پورا ہو جانے کے بعد ان رطوبات میں نقص پیدا ہو جائے تو مریض قبل از وقت بوڑھا معلوم ہوتا ہے، اس کے عضلات ڈھیلے پڑ جاتے ہیں، چہرہ پر جھریاں پڑ جاتی ہیں، بال جلد سفید ہونے لگتے ہیں اور عام جسمانی کمزوری ہو جاتی ہے۔ ان صورتوں میں بھی اس دواء کا استعمال بے حد مفید رہتا ہے۔

مستورات (8) FEMALE SPECIAL

رفیق نسواں (8)

ھوالشافی: چھالیہ دکنی ۱۲ عدد (۵۵ گرام)، بیج بند گجراتی۔ مائیں کلاں۔ حجر الاعرابی۔ سمندر سوکھ مکد ۲۰ گرام، گلنار ۱۰ گرام، آرد مونگ ۵۰۰ گرام، روغن زرد۔ شکر سرخ مکد 1 کلوگرام۔ تمام ادویہ نہایت باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔ آرد مونگ کو قدرے گھی میں براؤن کریں پھر شکر چھان کر شامل کریں آخر میں ادویہ

تھوڑی تھوڑی دھوڑتے اور ملاتے جائیں جب تمام ادویہ مل جائیں تو گھی نیمگرم کر کے اوپر انڈیل دیں۔ معجون کو کسی شیشے یا چینی کے مرتبان میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ۴۰ گرام ہمراہ دودھ نیمگرم صبح و شام یا دن میں ایک بار دیں۔

فوائد: سیلان الرحم میں مفید ہے۔ کمزور اور نحیف عورتوں کے لئے پیغام شفاء ہے۔

سیلانی (8)

ھوالشافی (781): گل سپاری۔ کمرکس۔ گل پستہ مکد ۱۳۰ گرام، اندرجو شیریں۔ اسگندھ مکد ۸۰ گرام، کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان مکد ۲۰ گرام، کشتہ عقیق ۱۰ گرام، سنگری مصری ۴۰ گرام۔ جملہ اجزاء کپڑ چھان کر کے ملا لیں۔

مقدار خوراک: ۲ گرام ہمراہ شیر گاؤ نیمگرم شب خواب ایک ہفتہ استعمال کرائیں۔ اگر مزید ضرورت ہو تو ایک ہفتہ کھلانے کے بعد وقفہ کر کے دوبارہ استعمال کرا لیں۔

فوائد: سیلان الرحم کے لئے مفید ہے۔ (مولوی عمر دین شیخوپورہ)

مازوش سیلان (8)

ھوالشافی: مازد بے سوراخ ۱۲ عدد، دال ماش ایک کلوگرام، پانی ایک لیٹر میں دونوں ادویہ ڈال کر پکائیں۔ مازد پھول جائیں و نکال کر خشک کر کے باریک سفوف کر لیں۔

مقدار خوراک: بقدر ایک رتی ہمراہ شربت صندل / انجبار صرف تین خوراک دیں۔

فوائد: سیلان الرحم میں مفید ہے۔ (صاحبزادہ حکیم سید ابرار حسین)

جریان الرحم (8)

ھوالشافی: سپاری دکنی۔ آرد سنگھاڑا مکد ۳۰ گرام، کمرکس۔ گلنار۔ صمغ عربی

مکد ۲۰ گرام، گوند کتیرا ۱۰۱ گرام، طباشیر ۵ گرام، مصری نصف وزن (۶۲ گرام) ملا لیں۔

مقدار خوراک: ۶ گرام (+ کشتہ قلعی 1 رتی) ہمراہ شربت صندل صبح و شام۔

فوائد: رحم سے غلیظ رطوبت کے اخراج کو بند کرتا ہے۔ مزمن صورت میں پہلے سوزش کا علاج کر لیں جب جلن وغیرہ نہ رہے تب یہ نسخہ استعمال کرائیں۔

لیکوٹان (8)

ھوالشافی: بیج بند گجراتی۔ سمندر سوکھ۔ مائیں کلاں۔ سنگجراح مکد ۴۰ گرام، ناگ کیسر۔ گلنار۔ گل ر برگ کپاس مکد ۲۰ گرام، کپور کچری۔ زرد چوب۔ کاکڑا سنگی مکد ۱۰ گرام، برگ اسگندھ 2 کلوگرام، قند سفید دو کلوگرام، پانی نہری ۴ لیٹر۔ تمام ادویہ پانی میں شب بھر بھگوئیں صبح جوشدیں جب نصف رہے تو پن کر قند سفید ملا کر قوام کر لیں۔

مقدار خوراک: تین چمچ ہمراہ تازہ پانی دن میں تین بار۔

فوائد: سیلان الرحم و جریان الرحم کی ابتدائی حالت میں مفید ہے۔ ورم رحم۔ بےقاعدگی

سفوف استحاضہ (8)

ھوالشافی: نسپال (چھلکا انار) ۲۰ گرام، گلنار۔ مازو۔ حب الآس۔ طباشیر مکد ۱۰ گرام۔ تمام ادویہ سائیدہ میں مصری ہموزن (۶۰ گرام) ملا لیں۔

مقدار خوراک: ۶ گرام ہمراہ شربت صندل صبح و شام۔

فوائد: چند دن استعمال کرانے سے خون کا آنا موقوف ہو جاتا ہے۔

☆☆☆ مباشرت سے پرہیز کریں اور وقفہ زیادہ سے زیادہ رکھا کریں۔

دواء مستورات (8)

ھوالشافی (85): تباشیر کبود۔ دم الاخوین مکدہ ۱۶۰ گرام، دانہ الائچی خورد۔ سمندر سوکھ مکدہ ۸۰ گرام، کشتہ مرجان۔ کشتہ فولاد مکدہ ۴۰ گرام، سرمہ سیاہ ۲۰ گرام، کشتہ سکہ ۱۰ گرام۔ سرمہ سیاہ کو عرق لیموں ۱۲۰ ملی لیٹر میں کھرل کریں جب عرق بالکل سیاہ ہو جائے تو عرق نتھار کر پھینک دیں اور سرمہ خشک کرلیں۔ کشتہ سکہ کو کشتہ قلعی کی ترکیب سے تیار کرلیں اور تمام ادویہ سائیدہ ملالیں۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ رتی ہمراہ مکھن۔

فوائد: عورتوں تمام پوشیدہ امراض مثلاً سیلان الرحم۔ کثرت طمث۔ وجع القطن۔ فقر الدم۔ خفقان قلب۔ سوزش بول۔ کثرت بول۔ اختلاج القلب میں مفید ہے۔

☆☆☆ بہتر ہے کہ کشتہ سکہ کی جگہ کشتہ قلعی استعمال کیا جائے .... مقبول

فرزجہ معین (8)

ھوالشافی (81): اقاقیا ۲۰ گرام، شب یمانی شگفتہ ۱۰ گرام۔ نہایت باریک کر کے کپڑ چھان کرلیں اور ایک ایک تولہ کی مقدار میں پوٹلیاں بنالیں۔

طریقہ استعمال: بعد فراغت طمث ململ کی پوٹلی میں رکھ کر اندام نہانی میں رکھائیں۔ تین دن رکھانے کے بعد مقاربت کریں۔

فوائد: معین حمل ہے۔ سیلان الرحم۔ جریان الرحم۔ ضعف رحم میں مفید ہے۔

اکسیر معین (8)

ھوالشافی: قلب الحجر اعلی لے کر سرمہ ساں کرلیں۔

مقدار خوراک: 1 گرام ہمراہ قہوہ سات دن تک بعد غسل حیض استعمال کرائیں

فوائد: عقر۔ اسقاط اعتیادی۔ برائے نرینہ۔

پترپرسادک (8)

ھوالشافی: چونی مور پنکھ ۵ عدد، ریش پیپل۔ تخم شولنگی۔ ناگ کیسر مکد ۱ گرام، عنبر اشہب رمشک ۴ رتی۔ چونی مور پنکھ کو آب زمزم میں کھرل کریں کہ سرمہ کی طرح باریک ہو جائے پھر دیگر مسفوف ادویہ ملا کر کھرل کرلیں۔ آخر میں عنبر کھرل کر کے پانچ گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح نہار منہ ہمراہ دودھ گاؤ جس نے بچھڑا دیا ہو حمل کے دو ماہ مکمل ہونے پر جب تیسرے ماہ کا پہلا دن شروع ہو تو پہلے، دوسرے، تیسرے، چوتھے اور پانچویں روز صبح نہار کھلائیں۔

فوائد: اس کے استعمال سے انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوتا ہے۔ اگر تیزابیت سے سوزش ہو تو پہلے اس کا علاج کرلیں ورنہ فائدہ کی امید کم ہوتی ہے۔

☆☆☆ ایسے پھل جو بغیر پھول کے پیدا ہوتے ہیں انہیں غذاء کے طور پر کھلائیں

راحت النساء (8)

ھوالشافی: برگ سہدیوی بوٹی ۱۸۰ گرام، برگ تلسی ۱۵۶ گرام، تخم شولنگی ۱۴۴ گرام، زیرہ گلاب۔ طباشیر۔ برادہ دندان فیل مکدہ ۶۰ گرام، بسباسہ۔ دھنتر دانہ مکدہ ۲۴ گرام، زعفران ۵ گرام، کستوری ۳ گرام۔ تمام ادویہ سائیدہ شہد میں ملا کر بقدر 1 رتی گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک سے دو گولی۔ اٹھراہ کی صورت میں ابتداء حمل سے ۳ ہفتہ تک ۳ گولی روزانہ، پھر ۸ ہفتہ تک ۲ گولی روزانہ صبح و شام، پھر ایک گولی تا وضع حمل،

اس کے بعد ایک ایک گولی زچہ و بچہ دونوں کو تا میعاد رضاعت۔

فوائد: عقر۔ اٹھراہ جس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ بچہ جب رحم میں پرورش پا رہا ہوتا ہے تو ماں کے بعض اعضاء کی کمزوری کے سبب بچہ کے اعضاء ناقص رہ جاتے ہیں۔ چونکہ بچہ کو رحم مادر میں بنی بنائی صاف شدہ غذاء ملتی ہے اس لئے ہضم کیلئے اس کے اعضاء پر زیادہ بوجھ نہیں پڑتا اور اس کی تربیت ہوتی رہتی ہے۔ لیکن پیدائش کے بعد بچہ کے اعضاء کو غذاء خود ہضم کرنی پڑتی ہے اور آب و ہوا کی صفائی کرنی ہوتی ہے اس لئے اعضاء اس کی قوت برداشت نہ کرتے ہوئے بچہ کے انتقال کا موجب بنتے ہیں خصوصاً جب بچہ کو ماں کے دودھ کے علاوہ دیگر اغذیہ مثلاً دودھ یا مکھن وغیرہ دیا جاتا ہے۔ چنانچہ بچہ کے اعضاء انہضام کمزور ہونے کی صورت میں قے اور دست شروع ہو جاتے ہیں، پھیپھڑے کمزور ہونے کی صورت میں ڈبہ اطفال لاحق ہو کر میٹھی نیند سلا دیتے ہیں، اعصابی کمزوری کی صورت میں تشنج سے موت واقع ہو جاتی ہے، جگر کی کمزوری کی صورت میں اس کی آنکھیں بند ہوتی ہیں اور ان میں سے زرد پیپ خارج ہوتی ہے۔ ان تمام حالات میں اس دواء کو ابتداء حمل سے ہی شروع کر لیا جاتا ہے پھر بچہ کی پیدائش کے بعد اسے بھی شروع کرا دی جاتی ہے جس سے اس کے اعضاء طبعی فرائض سرانجام دینے لگتے ہیں اور بچہ بفضلہ تعالیٰ مامون رہتا ہے۔

حب مضیق (8)

ھوالشافی (481): شب یمانی سفید۔ پستہ۔ کتھا سفید۔ نسپال مکدہ ۵۰ گرام۔
تمام اجزاء نہایت باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

طریقہ استعمال: نصف گرام سفوف ململ کی پوٹلی میں باندھ کر ایک سرے پر ریشمی

دھاگہ باندھیں۔ رات سوتے وقت اندام نہانی میں رکھوائیں اور صبح نکال دیں

فوائد: استرخاء رحم و فرج کے لئے مفید ہے۔

سفوف مضیق (8)

ھوالشافی: مازو۔ مائیں۔ کتھ ہموزن باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

طریقہ استعمال: نصف گرام سفوف ململ کی پوٹلی میں باندھ کر ایک سرے پر ریشمی دھاگہ باندھیں۔ رات سوتے وقت اندام نہانی میں رکھوائیں اور صبح نکال دیں

فوائد: استرخاء رحم و فرج کے لئے مفید ہے۔

رجال (8) MALE SPECIAL

حیات الرجال (8)

ھوالشافی: خصیہ بکرا جوان۔ خصیہ مرغ۔ خصیہ کنجشک خانگی مکدہ ۲۵۰ گرام، مغز جیا پوتا ۶۰ گرام، مروارید ۳ گرام، قند سفید ۵۰۰ گرام۔ خصیوں کو پانی میں جوش دیں جب پھٹ جائیں تو ان کی جھلیاں اتار دیں اور مادہ کھرل میں ڈال کر کھرل کریں جب پانی کی طرح ہو جائیں تو کپڑے سے پن لیں پھر قند سفید ملا کر کھرل کریں اور ہلکی آنچ پر پکائیں جلدی جلدی ہلاتے جائیں تا کہ جلنے نہ پائے۔ شہد کے قوام پر آ جائے تو مروارید اور مغز جیا پوتا سائیدہ ملا دیں۔ جب قوام چمچہ کے پیچھے چلنے

لگے اور برتن چھوڑ دے تو اتار کر سرد ہونے تک جلدی جلدی ہلاتے جائیں تاکہ اس کے موٹے موٹے ڈلے نہ بنیں پھر گلیسرین ہاتھوں کو لگا کر دوا مل لیں تیار ہے

مقدار خوراک: ۶ سے ۱۲ گرام ہمراہ دودھ نہار منہ صبح و شام۔

فوائد: حیوانات منویہ کی تکمیل کرتا ہے اور شیوخ کو قابل اولاد کرتا ہے۔

مرواریدی (8)

ھوالشافی: خصیہ بکرا جوان ۲ کلو، کشتہ مروارید ۳ گرام، قند سفید ۵۰۰ گرام۔ حیات الرجال کی ترکیب سے بنالیں۔

مقدار خوراک: ۳ گرام صبح و شام۔

فوائد: طب جدید کی خاص ایجاد ہے جو ج علاج مردانہ میں جوانی کی دواء ہے۔ علاج الرجال میں مقویات کے بعد تولید منی و حیوانات منویہ کی غرض سے دی جاتی ہے۔ خصیوں کو نہایت طاقتور اور مضبوط کرتی ہے۔ مرد و عورت دونوں کے لئے مفید ہے۔

عقیلی (8)

ھوالشافی (81): مغز بکرا۔ مغز بچھڑا۔ نخاع بکرا۔ نخاع بچھڑا مکدہ ۲۵۰ گرام، فاسفورس سرخ 1 گرام، زردی بیضہ خروس ۴۰ عدد، قند سفید 1 کلو۔ نخاع و مغز کی جھلیاں دور کر کے قند ملا کر گھو میں شیرہ ہونے پر کپڑے سے پن لیں۔ انڈے ابال کر زردیاں گھوٹ کر شیرہ و مغزیات میں ملا کر نرم آنچ پر پکائیں شہد کے قوام پر آئے تو سرد کر کے گلیسرین سے چپڑ دیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ سے ۲۰ گرام ہمراہ دودھ نیم گرم۔

فوائد: ضعف دماغ و حافظہ۔ ثقل الدماغ۔ وجع مخ الصغیر۔ آنکھوں کی سرخی کیلئے مفید

ہے۔

ممسک و محرک (8)

ھوالشافی (71): تج۔ منڈی بوٹی۔ زنجبیل۔ ستاور۔ موصلی سفید۔ بھنگرہ۔ سنبھالو مکدہ ۱۰۰ گرام۔ جملہ ادویہ سائیدہ و روغن زرد میں چرب کریں اور شہد سے نخودی حبوب بنالیں۔

مقدار خوراک: ۱ سے ۲ گولی ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار دیں۔

فوائد: سرعت انزال کے لئے مفید ہے۔ عضو تناسل میں طبعی سختی پیدا کرتا ہے۔

سونٹھ، ستاور، موصلی، زنگنڈی — تج، بھنگرہ تے منڈی
گھی، شہد میں باندھو پنڈی — نہ گرے بوند نہ جھکے ڈنڈی

تحفہ مسکین (8)

ھوالشافی: خراطین مصفی ۵۰ گرام، سبوس اسبغول۔ مغز تمر ہندی۔ تخم ریحان مکدہ ۳۰ گرام، ریگماہی۔ گوکھرو۔ الائچی سبز۔ صمغ عربی۔ کتیرا گوند۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ مکدہ ۲۰ گرام، قند سفید ۲۵۰ گرام تمام ادویہ خوب باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام ہمراہ شیر نیم گرم نصف لیٹر + بیضہ مرغ دیسی صبح نہار منہ۔

فوائد: مادہ منویہ میں جراثیم کی پیدائش بڑھاتا ہے۔ (از حکیم خواجہ عبد المجید قادری)

برودی (8)

ھوالشافی (87): ہسلوچن۔ دم الاخوین مکدہ ۴۰ گرام، کشتہ سکہ قلعی ۳۰ گرام،

Scanned with CamScanner

دانہ ہیل کلاں۔ سمندر سوکھ مکد ۲۰ گرام، سرمہ سیاہ مد بر در عرق گلاب ۱۵ گرام، کشتہ مرگانگ۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ فولاد مکد ۱۰ گرام. سب ادویہ خوب کھرل کر کے یکجان کرلیں.

مقدار خوراک: نصف سے ایک گرام ہمراہ دودھ نیمگرم.

فوائد: سرعت انزال۔ ذکاوت حس میں مفید ہے.

بایوکیمک ادویہ

نام دواء	اجزاء	مزاج
کلکیریا فاس	کیلشیم فاسفیٹ (کیلشیم + فاسفورس ایسڈ)	مخاطی عضلاتی۔ سرد خشک
کلکیریا سلف	کیلشیم سلفیٹ (کیلشیم + سلفیورک ایسڈ)	مخاطی عضلاتی۔ سرد خشک
کلکیریا فلور	کیلشیم فلورائیڈ (کیلشیم + فلورک ایسڈ)	مخاطی عضلاتی۔ سرد خشک
سلیشیا	سلیکشن آکسائیڈ (مٹی ہے جس سے پلاسٹر آف پرس بنتا ہے)	مخاطی عضلاتی۔ سرد خشک
فیرم فاس	آئرن فاسفیٹ (آئرن + فاسفورس ایسڈ)	عضلاتی مخاطی۔ خشک سرد
نیٹرم سلف	سوڈیم سلفیٹ (سوڈیم + سلفیورک ایسڈ)	قشری عضلاتی۔ گرم خشک

نام دواء	اجزاء	مزاج
نیٹرم فاس	سوڈیم فاسفیٹ (سوڈیم + فاسفورس ایسڈ)	قشری عضلاتی۔ گرم خشک
نیٹرم میور	سوڈیم کلورائیڈ (سوڈیم + ہائیڈروکلورک ایسڈ)	قشری اعصابی۔ گرم تر
کالی سلف	پوٹاشیم سلفیٹ (پوٹاشیم + سلفیورک ایسڈ)	اعصابی قشری۔ گرم تر
کالی میور	پوٹاشیم کلورائیڈ (پوٹاشیم + ہائیڈروکلورک ایسڈ)	اعصابی قشری (گرم تر)
کالی فاس	پوٹاشیم فاسفیٹ (پوٹاشیم + فاسفورس ایسڈ)	اعصابی مخاطی (تر سرد)
میگنیشیا فاس	میگنیشیا فاسفیٹ (میگنیشیم + فاسفورس ایسڈ)	اعصابی مخاطی (تر سرد)

تحفظ مشروبات

درج ذیل طریقہ جات مشروبات کو پھپھوندی سے محفوظ رکھنے کے لئے استعمال کئے جا رہے ہیں. اپنے اپنے طریقہ پر سب تسلی بخش ہیں.

1. میتھائی۔ پروپائل مکد نصف گرام فی گلوگرام شربت میں ڈالیں. (حکیم محمد حنیف)
2. میتھائل نصف گرام، پروپائل چوتھائی گرام، سودیم بیزوئیٹ ۲ گرام ایک لیٹر شربت میں ڈالیں. (حکیم سعادت علی راحت)
3. پروپائل ایک گرام کو ۴ لیٹر پانی میں ابالیں، گھی جیسے بلبلے ختم ہونے پر میتھائل ۳ گرام ڈالیں، جھاگ ختم ہو جائے تو قوام کرلیں. (حکیم نجیب ملتان)

4. قوام اتارنے سے ۱۰ منٹ قبل ۲ گرام نمک لوبان فی لیٹر شربت ملائیں۔ ٹھنڈا ہونے کے بعد ۸ گرام پوٹاشیم میٹابائی سلفیٹ کو دس گنا شربت میں حل کر کے فی ۱۰ کلو گرام شربت کے حساب سے اضافہ کریں۔ (ڈاکٹر رانا تصور حسین)

5. ڈیڑھ گرام ست لیموں فی لیٹر شربت کے حساب سے جوشاندہ میں چینی کے ساتھ شامل کریں اور میل اتارتے جائیں۔ جب قوام تیار ہونے پر ہو تو ایک گرام ست لوبان فی لیٹر شربت کے حساب سے شامل کر دیں۔ (ہمدرد پاکستان)

6. ڈیڑھ گرام ست لیموں فی لیٹر شربت کے حساب سے جوشاندہ میں چینی کے ساتھ شامل کریں اور میل اتارتے جائیں۔ جب قوام تیار ہونے پر ہو تو ایک گرام شب یمانی فی لیٹر شربت کے حساب سے شامل کر دیں۔ (حکیم عقیل پاسلوی)

امراض وادویہ کے انگریزی نام

مسکن حرارت	Abtundent	مدر حیض	Emmaenagogue
مصلح ہضم	Alterative	مقئ	Emetic
مسکن الم	Analgesic	مرخی، استرخاء پیدا کرنیوالی	Emollient
مخدر	Anasthetic	منفط (آبلہ انگیز)	Epispastic
قاتل دیدان	Anti Helmintic	مسقط	Esbolic
مفجرات اورام	Anti-inflamatic	مفرح	Exhilarant
دافع تعفن	Anti-septic	مسہل بلغم	Expectorant
دافع تشنج	Anti-sposmodic	مسمن بدن	Fattening

ملین بطن	Aperient	دافع بخار	Febrifuge
مغلظ منی	Aphrodisiac	نفاخ	Flatulant
مشتہی	Appetizer	مدر لبن	Galactagogue
مقوی قلب	Cardiac-Tonic	منوم	Hypnatic
کاسر ریاح	Carminative	ملین بدن	Hypochondria
کاوی	Caustic	مقوی	Insigorating
مدمل قروح	Cecarizing	لاذغ	Irritant
مسہل صفراء	Cholagogue	ملین بطن	Lexative
ہاضم	Digestive	مزلق	Lubricant
مجفف	Desiccative	مالیخولیا	Melancholia
مدر بول	Diuratic	دماغی امراض	MentalDisorders
مسکر۔ نشہ آور	Narcotic	مسہل بلغم	Phlegmagogue
مسہل	Purgative		
مبرد	Regerigerent		
محلل	Resolvent		
مسکن	Sedative		
معطس	Sternutatory		
محرک	Stimulant		
اپھارہ	Tympanites		
مسکن	Trinquillizer		
مقوی	Tonic		

قدیم وزن تطبیق بوزن موجودہ

مکوک	۳ کیلجہ یعنی ۶ من سے کچھ کم	کیلہ	۳۰ درم (ساڑھے سات تولہ
وسق	۵۴۰ رطل یا ۱۹۲ سیر کچھ زیادہ		سے کچھ زیادہ.
کیلجہ	۲ من سے قدرے کم.	چھٹانک	۵ تولہ.
من انگریزی	۴۰ سیر	عالمگیری چھٹانک	۴ تولہ
کچا من	۲/۱۔۱۶ سیر.	اوقیہ	۲ تولہ ۳ ماشہ ۶ رتی.
صاع	۲ سیر ۱۳ چھٹانک.	کف	۲ تولہ ۳ ماشہ.
وشق	۲/۱۔۴ رطل یا ۱۲۸ تولہ.	دام پختہ	۱ تولہ ۹ ماشہ.
ابریق	۲۲ چھٹانک ۳ تولہ ۹ ماشہ.	دام	۱ تولہ ۸ ماشہ.

سیر	۱۶ چھٹانک یا ۸۰ تولہ.	ملعقہ	۱ تولہ ۶ ماشہ (سیال دواء)
			اور ۹ ماشہ (خشک دواء)
قسط	۲ رطل یعنی ۱۴ چھٹانک ۱۱ ماشہ		
	اور ۲ رتی.	استار	۱ تولہ ۵ ماشہ ۷ رتی.
قنطار	۲ رطل.	عالمگیری پیسہ	۱ تولہ یا ۱۲ ماشہ.
مُدّ	۱۲ چھٹانک ۳ تولہ ۱۰ ماشہ ۱ رتی	دام خام	۱ تولہ ۴ ماشہ.
	یا ۴/۱۔۲ رطل.	روپیہ	۱ تولہ.
من (مطلق)	ا چھٹانک ۱ تولہ ۹ ماشہ	تولہ	۱۲ ماشہ.
رطل	۲۸ تولہ ۲/۱۔۴ ماشہ.	مثقال	۲/۱۔۴ ماشہ.
پاؤ	۴ چھٹانک یا ۲۰ تولہ.	ٹانک	۴ ماشہ.
بہلولی	۲۰ تولہ.	درحمی	۴ ماشہ.
سکربہ	۹ تولہ.	درم	۳ ماشہ.
بندقہ	۲/۱۔۲ ماشہ	باقذ	۱ ماشہ ۶ رتی.
ماشہ	۸ رتی.	درہم	۴۸ جو.
دانک	پونے چار رتی یا ایک دانگ.	دانگ	پونے چار رتی یا ایک دانک
برسہ	۲/۱۔۸ جو.	طسوج یا تسو	۱۲ چاول (مثقال کا)
طسوج یا تسو	۸ چاول (درہم کا)	سرخ	۱ رتی یا ۸ چاول.
رتی	۸ چاول یا سرخ.	حبہ فضی	۲ چاول یا ۱ جو.
جو یا شعیرہ	۲ چاول.	حمصہ	سوا چار جو.
خرنوب	سوا چار جو.	حبہ ذہبی	۲ جو.
اُرزّہ	۱ چاول یا ۸ خشخاش یا ۲ رائی.		

عنقریب پیش کی جانے والی کتب

قانون اربعہ مفرد اعضاء پر لکھی جانے والی درج ذیل کتب زیر تصنیف ہیں اور انشاءاللہ مستقبل قریب میں اطباء کی خدمت میں مطالعہ کے لئے پیش کی جائیں گی۔

1. **کلیات مقبول**......قانون اربعہ مفرد اعضاء پر لکھی جانے والی استاذ الاطباء محقق حکیم رحمت علی راحت آف فیصل آباد کی مکمل شرع بمع اضافات تکمیل کے قریب،

2. **مقبول طبی لغات**......طبی اصطلاحات اور ادویہ کے ناموں

پر مشتمل لغات جسے جدید دور کے ساتھ موازنہ کر کے لکھا گیا ہے

تکمیل کے قریب،

3. **مقبول مفردات**......مخاطی (سرد)، عضلاتی (خشک)، قشری (گرم) اور اعصابی (تر) ادویہ پر مشتمل علیحدہ علیحدہ چار کتب کی صورت میں غیر ضروری اضافات سے مبراء مفردات کی مفصل تشریح بیان کی گئی ہے تاکہ ان کے اصل امزجہ وافعال سے فوائد حاصل کئے جاسکیں،

4. **انسولین اور ذیابیطس**......بدنام زمانہ مرض ذیابیطس کا لبلبہ اور اس کی افرازی رطوبت انسولین سے کس قدر رشتہ ہے، کیا ذیابیطس کا علاج ممکن ہے؟............جاری

5. اس کے علاوہ تشریح الابدان، منافع الاعضاء، علم المفردات، تشخیص، علاج الامراض کے علاوہ خطرناک امراض پر انفرادی طور پر کتب ترتیب دی جارہی ہیں۔ آپ سے دعا کی گذارش ہے کہ اللہ تعالیٰ تکمیل کی توفیق عطا فرمائے۔

آمین ثم آمین یارب العالمین!

تعارف معاونین تصنیف ھذا

رفقاء تحریک قانون اربعہ مفرد اعضاء......فیصل آباد

حکیم خواجہ عبدالمجید قادری بی اے، فاضل طب والجراحت

گلفشاں کالونی ABC روڈ، جھنگ روڈ، فیصل آباد 0321-6651695

حکیم طاہر محمود ایم اے، ایم ایڈ فاضل طب والجراحت

گلی نمبر 4 یوسف آباد، جڑانوالہ روڈ فیصل آباد 0321-7605613

حکیم خالد محمود طاہر ایف اے، فاضل طب والجراحت

گلی نمبر 9 یوسف آباد، جڑانوالہ روڈ فیصل آباد 0300-2129881

مطب: خالد طبی شفاخانہ اینڈ پنسار محمود آباد، کراچی

حکیم محمد اعجاز نواز بی اے، فاضل طب والجراحت

اعجاز طبی شفاخانہ اگوکی موٹرز دفتر یونین کونسل سیالکوٹ 0321-6642875

حکیم مطلوب حسین فاضل طب والجراحت

یوسف آباد 213 ر۔ب جڑانوالہ روڈ فیصل آباد 0321-6629965